بعون خالق انس و جان صانع زمین و مکان

درین زمان میمنت اقتران دیوان عدیم المثال مسمّی باسم تاریخی

خزینۂ خیال

سنہ ۱۳۱۲ھ

بحسن اہتمام و تصحیح تمام جناب داروغہ سید محمد عرف چھدن صاحب

در مطبع احمدی لکھنؤ بکمال آرائش و زیبائش

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شعر ۵	ردیف الف	غزل ۱

فگار دل ہی ہر اک حزین کا سخن سنا ہے یہہ کس حسین کا

جگر ہو زخمی ہر اک نگین کا مزا یہہ ہے حرفِ دلنشین کا

ہے سبکو غم تیرے ہمنشین کا اوداس گھر ہے ہر اک مکین کا

نہین ہے مرقد تیرے حزین کا پھٹا ہے غم سے جگر زمین کا

نہ دل ہو کیون شاد چرخ کین کا مکان تیار ہے مکین کا

جو دفن لاشہ ہو مجھہ حزین کا بھر آئے زخمِ جگر زمین کا

نہین سویدا دل حسین کا وہی تو ہے جرم اوس نگین کا

جو داغ ہے یہان دل حزین کا وہ صاف شیشہ ہے ذرہ بین کا

ٹپک رہا ہے عرق جبین کا یہ رنگ گلشن ہے رخ حسین کا

ملال لائے ہو کیا کہین کا بگڑ کے فرمایا ہان وہین کا

سفر جہان سے وہ مجھ حزین کا ہجوم وہ رہزنان دین کا

کیا مسافر نے رخ زمین کا ملا نہ جب راستہ کہین کا

دھوان یہ ہے آہ آتشین کا مکان ہے تاریک ہر مکین کا

بجھا ہے دل جب سے مجھ حزین کا چراغ جلتا نہین کہین کا

نہ پوچھ تو دین زاہدون کے سمجھ لے خود کسکے ہین یہ بندے

کیے ہین از بسکہ زر کو سجدے بنا ہے درہم نشان جبین کا

گنہ سے ہون شل کوہ نادم نہ کیون ہو سیلاب مجھکو لازم

رہی نہ اک کھر جہان مین سالم عرق بہے گرمی جبین کا

نہ کیون ہو سکتا سا مجھپہ طاری گنہ سے طرفہ ہے شرمساری

مثال فوارہ ہائی جاری گیا قدم تک عرق جبین کا

نہ تر ہو کیون اب زبان محشر ہون شرم عصیان سے جان محشر

لپٹ گئے تشنگان محشر عرق جو دیکھا مری جبین کا

ثنا تو اونکی ہو کچھ رقم بھی اوٹھے مگر ہاتھ مین قلم بھی

کہ وہ ہستی بھی ہی عدم بھی محل سے ہے ہان کا نہ کچھ نہین کا

یہان ہوا رخ چمن مین روشن دہان ہوئی صبح شام سوسن

نہ کیون ہو اب سنبلون کو الجھن کھلا ہے بل زلف عنبرین کا

غضب تھے بیدرد اہل دنیا ہر ایک خورشید حشر سمجھا

گیا فلک پر جو اوڑ کے پھاہا مرے کسی داغ آتشین کا

فلک پہ منہ مہر کا پھرا ہے سبب تو دیکھوں کہ اسکا کیا ہے

یقینی پھاہا سرک گیا ہے مرے کسی زخم آتشین کا

تمہارے مستونکی جب بنی تھی سہانی محشر کی روشنی تھی

وہ دھوپ بھی سر پہ چاندنی تھی یہ نشہ تھا جامِ آتشین کا

بنا ہوں میں سوزِ غم سراپا زمین پہ ہر دھوپ تن کا سایا

لقب ہے خورشید حشر جسکا وہ پلپنہ ہے داغ آتشین کا

نہیں ہے محشر کی صبح روشن ہوئی ہے ظاہر حرارتِ تن

اوڑھا ہے کافور بعد مردن یہ مرہم داغ آتشین کا

تو ہی بتا منصفی سے یا دل نہیں حبابوں میں موج کو کل

کبھی مری آنکھ سے بھی اک پل جدا ہوا چاک آستین کا

شبِ جدائی میں وائے قسمت پھٹا گریبان سحر کی صورت

جسے سمجھتے تھے دست وحشت بنا وہی مار آستین کا

کہا جو ساعد کو شمع ہمنے سبب یہی تھا جو کوئی سمجھے

اونھین جو خود حسن شبکو دیکھے جلے کنول کیون نہ آستین کا

نہ میرے آنیسے کیون ہو ہلچل کہ خود دپٹکتا ہون سر کو ہر پل

نکھاؤن افعی کی طرح کیون بل بنا ہون مار اپنی آستین کا

فلک سے کیا یہ دل تو ہولے جو کوئی بگڑا تو ہم نہ بولے

مثالِ تصویر لب نہ کھولے چڑھانا آیا نہ آستین کا

عجب زمانہ ہوا ہے ابتر کہ پست فطرت ہین نام آور

زلال کیونکر نہو مکدر عروج ہے دُردِ تہ نشین کا

فنِ محبت مین تھے جو کامل رہے وہ آتش مین بھی تو شامل

سپند آسا جلا دیا دل اشارہ پایا جو ہمنشین کا

مگر مین تسبیح کا ہون دانا جو اسکو کھونا تو اوسکو پانا

ہزار پھر تار ہا زمانا فراق دیکھا نہ ہم نشین کا

مثالِ دندان پیر بیدم ہمین بھی احباب کا ہے وہ غم

بغیر باندھے نہ تھم سکے ہم فراق دیکھا جو ہمنشین کا

یہہ پیچ تجھے تیرے دل جلون کے کہ جسسے چھوٹے ہین دل ملو نکے

کھلا نہ دیو و دن سے جنگلون کے وہ بل تھا شاخ غزال چین کا

جہان مین وحشی چشم ہین جسم بھر بین نہ زور و نکا ہیچ کیون دم

مرو ڑ سے شاخ جب ہوئی خم نکلگیا بل غزال چین کا

جنھین ہے دست و قلم پہ تکیہ او نھین کچھ کافی ہی بس یہ نکتہ

کیا جہان مین جو نام پیدا سیاہ منھ ہو گیا نگین کا

جہان مین کر دونون باتین پیدا بغیر اسکے نہ نام ہوگا

جو آئے مہرون کا تجھکو اوٹھنا تو بیٹھنا بھی تو ہو نگین کا

بنی نگیون خم ہون مثل خاتم اوٹھائے ہین سر پہ بارِ عالم

نگیون تو اضع سے ہون مکرم نشان ہے پشت پر نگین کا

کسی نے نامی سے ہو مقابل ہمیشہ نقل اصل سے ہر باطل

شرف وہ کاغذ کو ہو نہ حاصل اوتارے چھاپہ بھی گو نگین کا

اگر ہے نام و نشانکا جویا ابھی قوی سے ضعیف ہو جا

بڑھا زمانہ مین نام اوتنا گھٹا بدن جسقدر نگین کا

کمال سے گر تجھے ہے بہرہ جہان مین کر کسرِ نفس شیوہ

نیا ہوا نام اور بیدا اچھا جو کاغذ پہ سر نگین کا

ملے اونھین سے کہ نہ ہمکو مدفن جو خود تھے نام و نشان مسکن

کیا یہ آخر کو نام روشن چراغ جلنے لگا نگین کا

یہ کون شئی تھی جہان مین نامی جسکی تھی خاطر مدام

جو خود بھی تھے خسرو گرامی لیئے تھے دل ہاتھ مین نگین کا

یہ ہنے گھری بھی غضب کا ہے غم ہوا ہے ہر سنگدل بھی بیدم

ہوا جو خانہ خراب خاتم اولٹگیا غم سے دل نگین کا

گنہ کا او ترا ہے ٹھیک جامہ غزل نیکیون ہو عمل کا نامہ

چلا جہان مین مثال خامہ سیاہ طبقہ ہوا زمین کا

جو سوز غم سی نصیب پھوٹے تو نقب اوڑنے سے قبر چھوٹے

پہاڑ اک ایک لڑ کے ٹوٹے جہان سے طبقہ اوڑے زمین کا

کہو کچھ اب حال اپنے دل کا مین ایکدن جو لحد مین تڑپا

جہان مین اک زلزلہ سا آیا کلیجہ ہلنے لگا زمین کا

کب آئی افسوس اپنی پستی بنا کی جب اک مکان کی ہستی

منگا کے دیکھی جو ہمنے دستی نشان ملا کچھ کہین کہین کا

نہ میرا مرنا جو کوئی بھولے فلک کو ایک ایک آہ چھو لے

نمازِ میت پڑھین بگولے اوٹھے جنازہ جو مجھ حزین کا

وہ میرے غم مین ہین محو شیون جلا نہ افسوس قلبِ دشمن

کیا تو ہمنے کہین کا روشن چراغ جلنے لگا کہین کا

بیان وہ اب کچھ ہین ہونے والے کہ جس سے رونین گے رونے والے

لحد مین سوتے ہین سونے والے مکان خالی ہے ہر مکین کا

خیال سے جنکے دل پھکی ہین عدم مین ہمسے وہی رکے ہین

مکان بھی ڈھونڈھنے جھکے ہین نشان ملتا نہین مکین کا

کسیکا لاشہ تو ایسا ہو لے غزالِ صحرا بھی جسکو رو لے

بگولے پیچھے ہین سر کو کھولے جنازہ آگے ہے مجھ حزین کا

نہ پوچھ حالِ وطن مسافر ہون مثلِ گُل بازیون سے آخر

ہے میری سرگشتگی سے ظاہر میں رہنے والا نہین کہین کا

وہ ضعف چلنا وہ منزلون کا بھر آئے کیون دل نہ آبلونکا

یہ پھرنا کہتا ہے قافلون کا کوئی مسافر لُٹا کہین کا

نہین ہے ماھر سا بھی بلاکش پھرے نہ کیون مضطر و مشوش

بنا ہے گردش سے دود و آتش نہ آسمان کا ہے نہ زمین کا

بڑھاپا آتے ہی بیگانہ ہر یگانہ ہوا
سحر طلوع ہوئی قافلہ روانہ ہوا

محلِ خوف ہے آخر سیاہ خانہ ہوا
کہ مثل سایہ دبے پاؤن جن روانہ ہوا

طلسم رحم دلی کا بھی کارخانہ ہوا
کسیکے تیر لگا دل مرا نشانہ ہوا

شبِ وصال سا بھی تیز بادپا نہ ہوا
کہ عکس کاہکشان جسکو تازیانہ ہوا

نگہ پڑی تھی کہ بسمل ترا زمانہ ہوا
اس ایک تیر سے کس کس کا دل نشانہ ہوا

جنازہ جیسے غریبون کا جب روانہ ہوا
یہ چھایا یاس کا عالم کہ شامیانہ ہوا

گذشتگان کا بیان کرکے مین روانہ ہوا
فسانہ گو تھا جو کل آج خود فسانہ ہوا

نہ غم ہوا تو خوشی مین ہر اک روانہ ہوا
ہماری آنسوؤن کو کچھ نہ کچھ بہانہ ہوا

فروغ مے سے فروغ دل یگانہ ہوا
کہ آفتاب سے روشن چراغ خانہ ہوا

بڑھاپا آتے ہی زور بدن روانہ ہوا
یہ ضعف تن ہوا رستم زمانہ ہوا

سفر کے ہوتے ہی راحت نے ساتھ چھوڑ دیا
قدم کسیکا بڑھا اور کوئی روانہ ہوا

کمیت آخر شب کسطرح تھمے اے وصل
کہ جلوہ خط ابیض کا تازیانہ ہوا

بزنگ بو ہون نہ پوچھو مرے سفر کا حال
ہوا جدھر کی چلی اسطرف روانہ ہوا

دئیے جو سو تو عوض مین ملے ہزار مجھے
ہوا جو صرف تو معمور خزانہ ہوا

نشان ملا نہ کسیکو ہمارے مسکن کا
غریب خانہ بھی عنقا کا آشیانہ ہوا

ہزارون چھٹ گئے صدقے مین پھر تازہ اسیر
ہمین قفس مین تو صیاد اک زمانہ ہوا

ٹپک کے رزق پہونچنے کا مین ہوا قائل
نصیب سبزہ جو شبنم کا آب و دانہ ہوا

زہے نصیب ملی قبر بھی وہ بلبل کو
کہ دامنِ گلِ تر جسپہ شامیانہ ہوا

جنون وہی ہوئی ہن وحشتی کہ جس کا نقش قدم
مثالِ سایۂ مرغِ ہوا روانہ ہوا

عدم کی راہ سے اکراہ یہ رہا مجکو
قدم سے غیر کے سوئے لحد روانہ ہوا

تلونون سے نہ اک حال پر کبھی دیکھا
مزاجِ یار بھی نیرنگیِ زمانہ ہوا

کچھ اس ادا سے ملی تارِ سنبلِ پیچان
کہ رخشِ حسنِ گلستان کو تازیانہ ہوا

وہی ہے حسرتِ مردہ کی قبر ابدا چاک
کہ جس پہ زخم کی دامن کا شامیانہ ہوا

قفس کی تیلیان سو بار گل چکین صیاد
خیال کر تو مری قید کو زمانہ ہوا

بنا کے گھر خدا عنکبوتِ زار مین دم
نفس کا تار بھی کیا صرف آشیانہ ہوا

نفس کے ساتھ جو آہین نکل گئین دل سے
تو رخشِ عمر کو اک اور تازیانہ ہوا

جنازہ لا کے لحد پر ٹپک دیا سب نے
مین بارِ دوش تھا اک دفن بھی بہانہ ہوا

جہان مین حال ہے بس او نکا قابل گریہ
جنھین جز اشک میسر آب و دانہ ہوا

سیاہ بخت وہ ہون جب اوٹھا مرا تابوت
سواد شام یہ چھپا یا کہ شامیانہ ہوا

ہوائی منزوی خانہ حباب ہون مین
رہیگا گھر بھی نہ باقی جو مین روانہ ہوا

ہزارون کیفیتین دیکھین نشئہ می مین
یہہ دور جام بھی کیا گردش زمانہ ہوا

نہ پوچھو منزل ہستی کی خستگی یارو
تڑپ کے رہگئے ہم قافلہ روانہ ہوا

خلاصہ ساری اسیری کا ہی یہ اے صیاد
تباہ ہم ہوئے برباد آشیانہ ہوا

کسی نے ہم سے نہ اے بیخودی کہا اتنا
کدھر کا قصد کیا تھا کدھر روانہ ہوا

لگن مین تربت پروانہ دیکھکر آخر
جھکا یہ شمع کا شعلہ کہ شامیانہ ہوا

مین عنکبوت سے تار تھا مگر اے ضعف
جدھر کو آہ بڑھی وسطے ترانہ ہوا

بغیر سعی کی کشش کے ہوئی نہ شکل معاش
ہمارا رزق بھی چیونٹی کی منھ کا دانہ ہوا

اب اس سے بڑھکے ستم ہوگا کیا ہم صفیرو
قفس چمن سے مرا جیسے دم روانہ ہوا

مثال ساغر می ہین غنی بھی ای مینا
بھر آیا قلب جو خالی ذرا خزانہ ہوا

نگاہِ دیدۂ کم مین ہین ہیچ وہ سمند
کہ جسکو جنبش مژگان کا تازیانہ ہوا

مثالِ سیل نکی فکر بیخودی مین کبھی
جدہر کو پاؤن بڑھا اوسطرف روانہ ہوا

بتاؤن کونسے ہنگام کو مین اے صیّاد
ہوئی تھی شب کہ جدا مجھسے آشیانہ ہوا

وہ ناتوان ہون ادھر مین بھی پھر پڑا فوراً
جدھر کو سایۂ مرغِ ہوا روانہ ہوا

رہ وادی یہ نظر آئی کوئی قاتل مین
قدم تہی تھے کہ سر جسم سے روانہ ہوا

جزائی خیر دی حق عنکبوت مرقد کو
بُنے یہ تار کہ تیار شامیانہ ہوا

ہوا یہ حضرتِ قارون کے بخل کا انجام
کہ نقد ذات تلک داخل خزانہ ہوا

اوٹھین مین جا ملو ماہر تو خوب گذریگی
جنھین نہ مانیکو چھوڑے ہوئے زمانہ ہوا

عکسِ لیلی تری نظرون کے مقابل آیا
قیس آنکھون مین ہٹا صاحب محمل آیا

لے وہ پیکان سرِ ناوکِ قاتل آیا
پیشوائی کو بڑھ اے آہ مرا دل آیا

سمجھی لیلی کہ کسیکا شررِ دل آیا — کوئی جگنو جو تڑپکر سوئے محمل آیا

کششِ حسن پہ مجنون کا نہ اک دل آیا — کوئی تارا بھی جو ٹوٹا سوئے محمل آیا

جا کے مژگان پہ سوئے زلفِ رسا دل آیا — قیس چلتا ہوا تنکے سرِ منزل آیا

کہہ تو کچھ قبر مین کسطرح ملے دل آیا — پاؤن غیرون کے بڑھے مین سرِ منزل آیا

شوق مین جب طرف کوچہ قاتل آیا — دل جو اچھا بھی گیا یہان سے تو بسمل آیا

انہین آنکھون سے رہ عشق مین یہ بھی دیکھا — راہزن لٹ گئے رہرو سرِ منزل آیا

دیکھنے حسن کو روحین نکل آئین تن سے — آستین کو جو چڑھاتا ہوا قاتل آیا

وائے بیدردی مردم کہ زبان اوسکو کہا — آہ کے ساتھ اگر منھ کو میرا دل آیا

دور سے آئی نہ جب کان مین لیلی کی صدا — سایہ کترا کے پسِ پردۂ محمل آیا

زخمی اوٹھ بیٹھے تماشے کے لیئے مقتلین — تیغِ ابرو کا تری جب کوئی بسمل آیا

عادتین ہو گئین کچھ اور ادائین کچھ اور — اونکے پہلو سے جو پہلو مین مرے دل آیا

گرہ تار نفس غم نے کھلا کر جو کیا
منہ کو ہر سانس میں سینہ سے مرا دل آیا

موجِ دریائے محبت نے دکھایا دھکا
دست و پا مار کے جب میں لب ساحل آیا

جانے والو سفرِ قبر کی سختی دیکھو
بار جان پھینک کے رہرو سوے منزل آیا

طی رہِ الفتِ محبوب کی یون مجنون نے
گاہ دل گاہ سنبھالے ہوے محمل آیا

زندگی مین تو نہ کچھ حال کھلا الفت کا
جب گئی جان تو سمجھا کہ مرا دل آیا

رکھدئی قیس نے ہاتھ آنکھ اٹھا رہی غیرت
مڑکے ناقہ کا بھی جب سوئے محمل آیا

وائے قسمت کہ وہان مجھ سے غبار رہا
میرے پہلو مین نہ اک دن بھی مرا دل آیا

پردہ گھر اٹھا ہوا منظور جہان لیلی کو
دامن گرد سر پردہ محمل آیا

راہ بھر قیس یونہین دید سے محروم رہا
جب ہٹی گرد نظر پردہ محمل آیا

خاتمہ کا جو مرے جسم پہ اک وار کیا
ہاتھ سے پھینک کے تلوار کو قاتل آیا

کہہ تو مجھ پاؤن کے نیچے تو نہین مل ڈالا
آج روتا ترے کوچہ سے مرا دل آیا

جان اتنی تھی پس مرگ بھی مجھمین اے قبر — رہگئے خضر مگر مین سرِ منزل آیا

تیرے دشمن کبھی تنہائی سی گھبرائے اگر — بیٹھنے کو ترے پہلو مین مرا دل آیا

شورِ نالہ جو سُنا قافلۂ اشک بڑھا — زنگ بجتا ہوا آیا کہ مرا دل آیا

طبع برہم ہوئی گرنیلگی جھکے لیلی — سایۂ قیس جو بڑھکر سوئے محمل آیا

آنکھین پھوٹین کہ جو پہچانی ہو صورت بھی ذرا — بعد برسون کے جو پہلو مین مرا دل آیا

ناقہ اوڑتا ہوا آئے نہ ترا کیون لیلی — پر پرواز ملے جب تہِ محمل آیا

عشق مین کونسا رتبہ ہوا حاصل یارب — درِ تعظیم کو اوٹھا جو مرا دل آیا

دلِ لیلی کے بہلنے کی جو معلوم تھی راہ — قیس اوڑتا ہوا بنکے سوئے محمل آیا

دلبرو ہاتھ سے اسکے مین ڈرا تھا ایسا — رہگیا ہاملکے کلیجہ جو کبھی دل آیا

ہوگئی دل کو خبر سی جھجک اوٹھی لیلی — سایۂ قیس کبھی گر سوئے محمل آیا

کچھ ہنسی آئی تو کچھ آنکھ سی ٹپکے آنسو — ناز کرتا ہوا مجھسے جو مرا دل آیا

تھا جو منظور نہ اُف کی بھی صدا دین بسمل
سرمہ آنکھوں مین لگائے ہوئے قاتل آیا

کہ تو ای موجِ یمِ عشق مین کیا تھا تنکا
اوڑ کے دھارے مین گیا جب لبِ ساحل آیا

مجھمین ہوش اتنے کہان تھے کہ سمجھتا کھو کر
درد اوٹھا تو مین سمجھا کہ مرا دل آیا

قیس سمجھا کہ اشارے سے بلاتا ہے کوئی
نظر اوڑتا ہوا جب پردۂ محمل آیا

سمجھی لیلی کہ دلِ داغی قیس آتا ہے
غولِ صحرا جو کبھی جانبِ محمل آیا

لیلی و قیس مین لڑنے لگین آنکھین جو بہم
صلح کو بیچ مین خود پردۂ محمل آیا

تھے وبالا ہوئی محمل بھڑک اوٹھا ناقہ
کھڑکھڑاتا ہوا مجنون جو سلاسل آیا

غزل ۲

وہ بھی دن آئیگا ماہر کبھی جب دل نہ کہین
جسکو کھوئے ہوئے بیٹھے تھے وہی دل آیا

شعر ۹

ہوس بغیرِ بس مرگ بھی قرار نتھا
جہان ہو تھی وہان کب مرا غبار نتھا

کمالِ جا سے کدورت مین آشکار نتھا
مین کب چراغِ تہِ دامنِ غبار نتھا

جہان مین درد مرا کیون نہ منتشر ہوتا
زمین پہ کسی پہلو مجھے قرار نہ تھا

چھٹی جگہ نہ کبھی مثل مرغ قبلہ نما
تڑپ رہا تھا مگر پھر بھی بیقرار نہ تھا

لحد مین میرے تڑپنے سے یہ ہٹی تھی زمین
مجھے ذرا گلہ تنگی مزار نہ تھا

اوڑا تھا زخم جگر کا مرے کبھی کافور
سفیدۂ سحر حشر آشکار نہ تھا

ذرا سے میرے تڑپنے پہ برق کو نہین چین
بھلا ہوا کہ مین فرقت مین بیقرار نہ تھا

ہماری کیا دل مضطر مین حسرتین تھین
تمہارے ہاتھ کو سینہ پہ جب قرار نہ تھا

ہمارے مرنے پہ پھر وہ بول اٹھے اتنا
ہمین تو تیری محبت کا اعتبار نہ تھا

—

نقاہت مین ہوا مجھکو جو عشق گلرخان پیدا
کیا رنگ پریدہ نے ہوا پر بوستان پیدا

کیا ہی اوس دہن کا ہیچ سے ہمنے نشان پیدا
خدا کی شان ہی بندے ہوے ہین غیبدان پیدا

اگر افشائے راز سوز دل منظور ہو مجھکو
بسان شمع ہر بن مو سے ہو زبان پیدا

وہ شوخِ جنگجو اوٹھائے نقابِ رُخ جو گلشن مین
شکستِ رنگِ گل سے ہو صدائے الامان پیدا

وہ بُلبُل ہون کہ لطفِ وصلِ گل پایا اسیری مین
کیا رنگینیِ خیالی سے قفس مین بوستان پیدا

حسینونکو خدا بھی چشمِ بد سے پوشیدہ رکھتا ہے
حجابِ ظلمتِ تن مین ہوا ہے نورِ جان پیدا

زمین پر بیٹھکر اوٹھنا جو مجکو غیر ممکن ہے
ہوا تھا خاک نقشِ پا سے کیا مین ناتوان پیدا

دکھائی بادہ خواری نے ہمین گردش زمانہ کی
مگر تھا دورِ ساغر مین بھی دورِ آسمان پیدا

سفر بھی سالکانِ راہِ حق کا اک عبادت ہے
مگر ہے کوس کی آواز سے بانگِ اذان پیدا

وجود اپنا جہان مین کالعدم ہے ناتوانی سے
ہمارے خانۂ تن مین ہے طورِ لامکان پیدا

دکھائے ناتوانی نے ہمین سامان اسیری کے
کیے ہے گردن مین تارِ جیب سے طوقِ گران پیدا

حسینونکی محبت دل مین رکھنے سے گنہ کیا ہے
خدا کے گھر سے جیسے ہمکو ہوا عشقِ بتان پیدا

گلونکے زیرِ پا جلجل کو دفن کرتے ہین
کریگی اب نہالِ شمع خاکِ بوستان پیدا

فصاحت اسکو کہتے ہین نہ الکن نام ہو اسکا
گلے سے اوسکے نکلے ہین معنی الفاظِ بیان پیدا

تمہاری چھپکے آئینہ کا جو پوچھوں حال گلشن سے
زبان موج بوی گل سی ہو راز نہان پیدا

سمایا ہے جو عشق اک آئینہ رکو رگ پری مین
لطافت سی کیا ہی جسم نے بھی لطف جان پیدا

غزل ۶

ازل سے دل مین ہما ہر عشق خال روی جانان ہے
کیا ہے ابتدا سے ہمکو حق نے نکتہ دان پیدا

شعر ۲۱

نشان موت کی سختی کا آشکار رہا
بجا ہے نصب جو تیرے سر مزار رہا

ہر ایک موی محاسن خضاب دار رہا
بشر سفید بھی ہو کر سیاہ کار رہا

مدام نشۂ عرفان کردگار رہا
وہ مست ہون کہ جو غفلت مین ہوشیار رہا

ملال رنجش ہر آشنا و یار رہا
صفائی نیکے مرے قلب مین غبار رہا

وہ رحم دل ہون کہ تا حشر غمگسار رہا
کوئی گھڑی جو لحد کا جگر فگار رہا

یوہین عروج سی کارہ مین خاکسار رہا
ہوا پہ گرد کو جسطرح انتشار رہا

تنک مزاجی کیا گذرے با وقار و تمکین
زمین سے دیکھ لے برخواستہ غبار رہا

اثر تھا یہ بھی تڑپتی ہوی جگر کا مری
مرا غبار ہوا پر جو بیقرار رہا

مری اجل کا تو کچھ حسن بڑھ گیا تمسے
مجھے تمہارا تمہین اوسکا انتظار رہا

مین منفعل مین گناہون سے تھا دم گریہ
کہ تر عرق مین مرے آنسوون کا تار رہا

وہ کون تھا کہ نہ پیسا مجھے سدا جسنے
ہراک کے ہاتھ مین گل لطیف عطر فشار رہا

کدورتون کو ترقی ہو کیون دم گریہ
بلند بارش باران مین کب غبار رہا

بکا کو سلسلۂ زندگی نکیون سمجھون
نظر مین رشتۂ جان آنسوون کا تار رہا

ہر ایک فصل مین داغ الم رہے تازہ
مرے چمن مین سدا موسم بہار رہا

مین گڑ گیا یہ ندامت ہوی عزیزون سے
مرا جنازہ کوئی دم جو اونپہ بار رہا

نہ کسطرح سے کھٹکتا اسے یہ جسم نزار
مین زیر آبلۂ چرخ مثل خار رہا

غم و الم رہے بعد فنا مرے ہمدم
لحد مین بھی نہ مین بے آشنا و یار رہا

نہ اشتیاق تھا فرقت مین اک مجھی کو ترا
ہر ایک روزن در چشم انتظار رہا

کسی کی آس نہ اب مجھے زمانے میں — میں یاس سے یہ ہمیشہ امیدوار رہا

رقم جو حالِ تکدر کبھی کیا میں نے — ہر ایک حرف میں رنگِ خطِ غبار رہا

ہوا نہ زخمِ نہان مندمل کبھی ماہر
گھڑی کی طرح ہمیشہ میں دل فگار رہا

حشر تک دل سے نہ سوزِ غمِ پنہان نکلا — ہوں میں وہ شمع کہ بجھنے پہ فروزان نکلا

پردۂ لفظ میں مضمون مرا رخشان نکلا — یہ حسین وہ ہے کہ جامے میں بھی عریان نکلا

اشک ہر ایک مثالِ درِ غلطان نکلا — دل کی ویرانی سے گنجینۂ پنہان نکلا

ہے جہان تابعِ فرمانِ خطِ عارضِ یار — مور سمجھے تھے جسے ہم وہ سلیمان نکلا

جوشِ غم میں بھی تناسب کا میں پابند رہا — جیب میں ہاتھ نہ کب دستِ گریبان نکلا

اسفلوں میں نہیں جاتی گہروں کی خلقت — دیکھ لے چاہ سے کب گوہرِ غلطان نکلا

برقِ آہِ غمِ سوزان جو نکل کر چمکی — دودِ دل بھی صفتِ ابرِ بہاران نکلا

یہ بھری سر مین شہیدونکے زیارت کی ہوا — باغ سے پھول ہر اک چاک گریبان نکلا

دی ہی چشم نے ایک پل مین مریضونکو شفا — خود جو بیمار تھا وہ عیسی دوران نکلا

جو ہے بیتاب اوسے جامے سے باہر پایا — کب شرر دود کے پردے مین عریان نکلا

سیکڑون قتل امیدین ہوئین لاکھون ارمان — میرا ویرانہ دل گنج شہیدان نکلا

فرقت یار مین دل سینہ سے منھ کو آیا — پا بگل سمجھے تھے ہم سرو خرامان نکلا

تن لاغر مین ہوے داغ نمایان کیا کیا — خار سے پھول تو پھولون سے گلستان نکلا

چاک ہونیکا یہ وحشت نے کیا تھا خوگر — ہاتھ سینے تلک آیا کہ گریبان نکلا

کسکو ہوتا نہین ہم جنس کی فرقت کا ملال — آگ سے دود بھی نکلا تو پریشان نکلا

حکمت حق کے بیان مین نہ کھلی ایک زبان — پیر کیا کیا نہ یہان کودک نادان نکلا

زیست سے تنگ تھا مین جو ملا چین مجھے — ملک الموت مرے درد کا درمان نکلا

پاؤن الجھے رہے دامن سے طریق غم مین — ہاتھ طے کرکے رہ چاک گریبان نکلا

خانۂ دہر سے آخر کو ہوئے سب رخصت
میزبان کون یہان تھا جو مہمان نکلا

منزل دوست کا پھر کس سے پتا مجھکو ملے
خضر بھی نابلد کوچۂ جانان نکلا

میرے یوسف سا حسین ایک نہ عالم مین ملا
حسن کو لیکے چراغ رخ تابان نکلا

ہون وہ بلبل کہ مرے دم سی گلو نکی تھی بہار
جب اوڑا ساتھ لیے رنگ گلستان نکلا

غزل

رخ روشن سے نقاب اوسنے اوٹھائی ماہر
پردۂ ابر سے خورشید درخشان نکلا

شعر ۲۱

دل مین کب عشق کے داغونکو نمایان دیکھا
ایک غنچہ مین تماشائی گلستان دیکھا

رنگ صانع کا ہر اک گل سے نمایان دیکھا
سبزۂ باغ کو خضر رہ عرفان دیکھا

جانستان حسن کو پردے مین نہ پنہان دیکھا
تیغ کو چادر جوہر مین بھی عریان دیکھا

باغ سے صنعت صانع کو نمایان دیکھا
ہر رگ گل کو رہ منزل عرفان دیکھا

بحر عالم مین نہ ملتی ہوے کچھ دیر لگی
نقش بر آب خط مہر سلیمان دیکھا

ہون وہ غم دوست کہ غم ہونیکی تھی فکر مجھکو | جمع خاطر ہوئی جب دل کو پریشان دیکھا

منھکو آیا دل پر داغ یہ طرفہ ہے بہار | سیر تو گلستانونکو خزا ان دیکھا

یونہی تو ظاہر نہوا حال شکستہ میرا | آئنہ ہوگیا جسنے مجھے حیران دیکھا

سایہ مین میکے ہو کیونکر تن داغی کی بہار | صرف تصویر مین کب رنگ گلستان دیکھا

جانب وادی عرفان جو کبھی آ نکلے | صورت نقش قدم خضر کو حیران دیکھا

کان رکھکر نہ کبھی مین نے سنی بات اوسکی | آدمیت سے جو خارج کوئی انسان دیکھا

بعد مرنیکے نظر چشم قناعت سے جو کی | خاک کے ذرون سے تربت پہ چراغان دیکھا

دی جلا دلکو تو صورت نظر آئی اوسکی | عکس آئینہ مین قلعی سے نمایان دیکھا

حد کسی نے نہ مرے ذہن رسا کی پائی | ہون وہ دریا کہ نہ جسکا کبھی پایان دیکھا

کچھ خبر اپنی نہین یاد رخ دلبر مین | خود فراموش کو بھی حافظ قرآن دیکھا

چمن دہر مین جمعیت خاطر ہے کسے | بوئی گل کو بھی جو دیکھا تو پریشان دیکھا

منعم وہ بھی سنا دار فنا مین تم نے
مور نے قبر مین جو حال سلیمان دیکھا

سوز غم نے مجھے ہم خصلت پروانہ کیا
بجھ گیا دل نہ اگر شمع کو سوزان دیکھا

کیون نہ گریان صفت شمع ہون ان باتون پر
تجھے جو دلسوز او نھین قبر پہ خندان دیکھا

کیون نہ سوز غم دوری سے ترا قرب ملی
داغ سے سینہ بلبل مین گلستان دیکھا

غزل ۸

دوست جو بچھڑ گئی نے پھول چڑھائے ماہر
کیا چراغ سر مدفن کو گل افشان دیکھا

شعر ۲۴

عاشقی مین مرتبہ معشوق کا مل جائیگا
جسم کانٹا ہو کے پھولون مین مجھے تلوائیگا

رنگ آخر کو یہ رنگ زرد میرا لائیگا
کہربا کیطرح تن کے ایکدن چھوائیگا

شدت کاہیدگی سے ماہ نو بنجائیگا
قد پر خم مجھپہ ایکدن اونگلیان اوٹھوائیگا

چین لیساقی مجھے برسات مین کب آئیگا
ابر باران برق تابان کیطرح تڑپائیگا

بخت اوسے گر قامت موزون ترا دکھلائیگا
صحن گلشن مین صنوبر شرم سے گڑ جائیگا

ابھی دل وحشت مین دشت لامکان دکھلائیگا — ہر فلک اپنے قدم کا آبلہ بنجائیگا

اسقدر بھی احتیاط جسم او خودبین نکر — آئینہ سا تن یہ اکدن خاک مین ملجائیگا

او دل جانباز رہیو باادب شمشیر پر — یہ وہ جادہ ہے جہان سر بھی قدم بنجائیگا

ضعف کی شدت سے قصدا گو نہین جنبش نہو — ہاتھ کا رعشہ جواب خط ترا لکھوائیگا

میرے پرکار قدم سی نقطہ خال سیاہ — دائرہ گشتگی کا دہر مین کھنچوائیگا

جو تجھے دیکھیگا جز میرے پس دیوار سے — چشم روزن کیطرح آنکھون مین جالا چھائیگا

او چراغ حسن عمر غم ترا فرقت کی شب — شمع سان بزم جہان مین مجھسے ڈھونڈوائیگا

دیکھ مٹجائیگا دم مین تو حبابونکی طرح — بحر عالم مین جو سیر ہو سی بھی اوٹھجائیگا

وہ بلا یہ صرصر آہ دل رنجور ہے — جسکی جھونکے سے چراغ زندگی بجھجائیگا

جب دیار دل مین شاہ عشق کا ہوگا عمل — قطعہ — کچھ وزیر خاص ہم رد ہجر سے فرمائیگا

سنتے ہی وہ حکم محکم فرمانروا — اہل کاران فغان ہم آہ تک پہنچائے گا

اونسے پہونچیگا جو نالے کی منادی تک علم
کوچہ لب مین یہی کہتا ہوا وہ آئیگا

جو کریگا اشک سرتابی روانی مین ذرا
دیکھلینا دار مژگان پہ کھینچا جائیگا

منتہم منت کشی سے ضعف کر دیگا مجھے
قد پر خم پاؤن پر سر ایکدن جھکوائیگا

عشق کی پوشیدگی چاہے تو کر لب کو نہ بند
راز یہ بستگی مین اور بھی کھلجائیگا

میری رنگ زرد دیکھے سو وہ ہوگی ذہن مین
زعفران انکو رنگ میرا ایکدن ہنسوائیگا

کیون نہو بعد زوال سوز غم ہر داغ پھول
جب چراغ خانہ بجھ جائیگا گل کھلائیگا

دیکھلینا جان لیگا روز کا رونا مرا
چشم کا پر آب رہنا کیا یہ خالی جائیگا

غزل ۹	ماہر اوس نادانکو دل دیتا تو ہے پر جان لے یہ تن خاکی گھروندے کیطرح مٹ جائیگا	شعر ۱۳

نہین ہے یہ خط مشکین عذار یار سے پیدا
دھوان ہے آتش رنگ گل رخسار سے پیدا

سراپا داغ غم ہین میرے جسم زار سے پیدا
تماشا ہے ہزارون گل ہوے ہین خار سے پیدا

وہ رشکِ آفتابِ حشر ہو گھر میں جو نور افگن
قیامت کی ہو گرمی سایۂ دیوار سے پیدا

کہے کوئی اگر افسانہ میرے سوزشِ دل کا
بسانِ شمع شعلے ہوں لبِ گفتار سے پیدا

وہ دیوانہ ہوں قدموں سے مرے صحرا گلستان ہے
کیا ہے خون پانی رنگِ گل ہر خار سے پیدا

یہ کس دیوانے نے یارب کیا ہی کوچ دنیا سے
صدا ماتم کی ہے زنجیر کی جھنکار سے پیدا

کمر کی کچھ حقیقت سنکے اوس سے یہ کھلا مجھپر
رموزِ غیب ہوتے ہیں دہانِ یار سے پیدا

مریضِ حرص نہ پائینگے اس کسطرح صحت
اثر ہے شربتِ دینار کا دینار سے پیدا

کبھی دیکھا رخِ روشن جو اپنا اوسمیں قاتل نے
ہوا خورشیدِ مشرق مغربی تلوار سے پیدا

مشابہ ہی جو اون دانتوں سے میرے دلکو الفت ہے
نیا رشتہ کیا ہے گوہرِ شہوار سے پیدا

نکلتے گھر سے دیکھا جب اوس لیلی شمائل کو
تو کیں آنکھوں نے راہیں روزنِ دیوار سے پیدا

بجائے اشکِ غم لختِ دل آنکھوں میں کب آئے ہیں
ہوئے ہیں لعلِ درجِ گوہرِ شہوار سے پیدا

غبارِ دل میں ملکر اشک آئے ہیں جو مژگاں سے
نیا ٹاپو ہوا ہی چشمِ دریا بار سے پیدا

نہین ٹپکے ہین آنسو حسرت دندان دلبر مین
ہوئے ہین یہ حباب آب دُرِ شہوار سی پیدا

نشان ظلم خونخوار اونکے دم کے ساتھ رہتا ہے
لہو کا رنگ ہی اب تک لب سوفار سے پیدا

خرام ناز سے اوسنے کیا ہے قتل عالم کو
چلن تلوار کا ہی یار کی رفتار سے پیدا

ذرا جب ضبط کرتا ہون مین سوز آتش غم کو
شرارے جائے مو ہوتے ہین جسم زار سے پیدا

دکھادے وہ مسیحا دم اگر آئینہ زخم کو
صدا ہو طوطی تصویر کی منقار سے پیدا

غزل ۱۰۰

وہ ہون رنگین نوا بلبل اگر چہکون کبھی ماہر
برنگ گل ہون نالے غنچۂ منقار سے پیدا

شعر ۱۰

اوس کمر کی یاد مین ایسا مین لاغر ہو گیا
جسم گھلکر داخل تعریف جوہر ہو گیا

مین یہ کچھ محو درِ دندان دلبر ہو گیا
رشتۂ جان بھی بدن مین سلک گوہر ہو گیا

وقت گریہ آگیا جب رُوی روشن کا خیال
دیدۂ تر چشمۂ خورشید محشر ہو گیا

وحشت دل سے جو آنکلا اُسکے میخانہ مین
مجکو دور چشم آہو دورِ ساغر ہو گیا

آبرو پر پھیرین پانی نہ وہ دندان صاف | گوشہ گیر اسواسطے دریا مین گوہر ہو گیا

وصل کی شب مین قیامت صبح کا آنا ہوا | صور محشر نعرہ اللہ اکبر ہو گیا

یاربی دست حنائی کیوں پونچھے میرے اشک | پنجۂ مرجان غریق آب گوہر ہو گیا

جام بھر بھر کر دئیے کس آتشین رخسار نے | شعلۂ جوالہ ساقی دور ساغر ہو گیا

قتل سے میرے ہوئی اسکی اصالت کی نمود | خون جگر خنجر قاتل مین جوہر ہو گیا

غزل ۱۱

سینہ پر داغ پر ماہر جو ٹپکے اشک چشم
صحن گلشن مین برابر فرش گوہر ہو گیا

شعر ۲۱

ضعف تنہا مجھے پیری کی جفا سے نہوا | ہاتھ خالی مرے سایہ کا عصا سے نہوا

صاف احباب کا دل میری صفا سے نہوا | دور اس آئینہ کا زنگ جلا سے نہوا

دل کشادہ مرا آہونکی ہوا سے نہوا | یہ وہ غنچہ ہے شگفتہ جو صبا سے نہوا

بادۂ روح کا کیون نشہ ہی مجھکو یارب | مست شیشہ تو مے ہوش ربا سے نہوا

یادِ گیسو میں نہ کیونکر دل پر داغ ہو شاد — کون طاؤس ہے جو مست گھٹا سے نہ ہوا

جوشِ چشم میں آنسو ہوں نہ کیوں آہوں سے — شور کس بحر میں تیزیِ ہوا سے نہ ہوا

ہاتھ پکڑا نہ کبھی اوٹھ کے تھکے ماندوں کا — خوش میں پابوسیِ نقشِ کفِ پا سے نہ ہوا

مجھ پہ نازل ہوئی عصیاں کی بدولت رحمت — کم مرا دامنِ تر ابرِ عطا سے نہ ہوا

تو ہی اے شوق بتا ہے کوئی منزل جس میں — داخلہ پہلے مرا بانگِ درا سے نہ ہوا

کشتۂ راہِ رضا ہو وفا زیست کی دیکھ — دم جدا مر کے بھی جسمِ شہدا سے نہ ہوا

خاک آگاہ شکستِ دلِ نازک سے وہ ہوں — آشنا ٹوٹ کے شیشہ یہ صدا سے نہ ہوا

حسنِ کامل کو زمانے میں نہیں حاجتِ زیب — دستِ مرجاں کبھی گلرنگ حنا سے نہ ہوا

بادیوں کی مجھے تکرار سخن کیا ہو گران — قافلہ تنگ کبھی بانگِ درا سے نہ ہوا

باغباں رنگ یہ ہے رحم دلی کا میرے — ہاتھ آلودہ کبھی خونِ حنا سے نہ ہوا

ضعفِ پیری نے یہ سرکش کو جھکایا آخر — آشنا ہاتھ کبھی فرقِ عصا سے نہ ہوا

کیون نہ تڑپا ہین مجھے سوز الم آہین ہین
کون شعلہ ہے جو بیتاب ہوا اسے نہوا

کبھی سالم نہین سختی کا مرض ہے اوسکو
درد جس قلب مین آواز گدا سے نہوا

کثرت نالہ سے آواز مری بند ہوئی
کام کیا شور سے ہوتا جو صدا سے نہوا

چشم مشتاق نے رخ اوسکا ادھر پھیر لیا
جذب کعبہ کا کسے قبلہ نما سے نہوا

ضعف پیری نے یہ پابند کیا آخر کار
شام کی طرح جدا ہاتھ عصا سے نہوا

غزل ۱۲ — شعر ۱۲

انہین باتون پہ ہے ماہر تجھے مطلب کی طلب
منھ سے مانگا تو دل آگاہ دعا سے نہوا

بڑھا ہے حسن سے ہیر عشق صاحب جمالون کا
مرا رنگ پریدہ کیا ہے غازہ گل گالون کا

کھلا مجھ سے نہ کوئی پیچ اونکے سر کے بالون کا
رقیبون کا سیہ دل ہے کہ جوڑا خوش جمالون کا

اگر افشا کرے تو راز ہم وحشت خصالون کا
زبان خار کہدے بیت تو کندہ حال چھالون کا

پڑے سایہ جو نخل باغ پر ہم درد والون کا
چٹک مین غنچہ گل کے اثر ہو دل کے نالون کا

کٹا کر ترم کرتے جو رگ گل کیطرح کانٹے — جنون وہ گرم پانی ہے مرے پاؤن کے چھالونکا

نکیون بیتابیون مین یاد آئے ابرو سے قاتل — بجز شمشیر پرسان کون ہے بسمل کے حالونکا

چمن جب جلوہ گاہ شاہد فصل بہاری ہو — تو پھر فرش شجر کیون نہو سایہ نہالونکا

نہین ہین دُر فشان شبنم سے شاخین موسم گل مین — ٹپکتا ہے یہ جوش حسن سے جوبن نہالونکا

روان ہوتین سوے مقتل اگر شوق شہادت مین — قلم پاؤن کے نقشہ کھینچدین بسمل کی چالونکا

مٹادین جو سیہ گیسو فروغ شام یلدا کو — چراغ آگے بھلا اونکے جلے کسطرح گالونکا

فلک سے تو نہ بشاشی مٹی شمع کی اوما نے — اوتارا تو نے نقشہ کسطرح الٹے بچالونکا

غزل ۱۳	ہوا ہون زار بہر امتحان عصیان سے سو کھاتا ہے مرے تن کو پسینہ انفعالونکا	شعر ۲۶

مگر زینت جہان ہوئی بہا ین جسم بیجان ہو گیا — آئینہ مین شکل ونکا کیون نمایان ہو گیا

آہ دل سے جوش اشک چشم حیران ہو گیا — لو ہوا سے آب آئینہ مین طوفان ہو گیا

وحشت آگین جیب رقم مضمونِ ہجران ہو گیا / شعر مین مصرع ہر اک دستِ گریبان ہو گیا

بعد مردن فصلِ باران کا یہ احسان ہو گیا / جگنوؤن سے قبر پر میری چراغان ہو گیا

کسنے چھوڑا ہاتھ سے لکھکر کہ ہیجان ہو گیا / کلک مردہ ہو گیا مدفن قلمدان ہو گیا

ناتوان ہم سا کوئی وحشی جو گریان ہو گیا / آبجو ہر جادۂ راہِ بیابان ہو گیا

دل مین اپنے کب ہجومِ داغِ ہجران ہو گیا / ایک غنچہ تیری قدرت سے گلستان ہو گیا

مجھپہ جب ہم ترا مرقد مین احسان ہو گیا / اک چراغِ گلفشان رشکِ چراغان ہو گیا

صاف باطن بن بغیر سعی و کوشش کامیاب / پرتوِ انجم سے دریا مین چراغان ہو گیا

کیا ہوا سایہ فقیرونکی جو تربت پر نہین / ہر بگولہ گنبدِ گورِ غریبان ہو گیا

سیرِ گلشن دیکھنے کو جب چلا وہ رشکِ گل / اوڑکے رنگِ رخ مرا رنگِ گلستان ہو گیا

اک جہانکو ہم فقیرون نے مسخر کر لیا / بوریے کا نقش بھی نقشِ سلیمان ہو گیا

منزلِ مقصد نی راہِ عشق مین جب کی کشش / جو نہال سبز تھا خضرِ بیابان ہو گیا

نے ترے برسا جو ابر آ ساقیِ ابرو کمان
مجھکو بارانِ کرم بھی تیر باران ہوگیا

یون در آئے حسنِ کردار خبر دیکھے مین ہم
جیسے عکس آئینہ مین تیرا نمایان ہوگیا

محفل مے مین جب آیا دشتِ وحشت کا خیال
دورِ ساغر گردشِ چشمِ غزالان ہوگیا

پڑ گیا ہے جن فقیرونکو قناعت کا مزا
خوانِ نعمت انکو خالی گردۂ نان ہوگیا

ہون وہ بیخود ٹھیس گر شیشے کو لگتی دیکھلے
جا نکرا اپنا دلِ نازک مین نالان ہوگیا

وہ شکار افگن جو آیا سیرِ گلشن کو کبھی
مرغِ بسمل طائرِ رنگِ گلستان ہوگیا

مجھکو بعدِ مرگ ہوگیا حاجت شمع و چراغ
دل جلی احباب جب آئے چراغان ہوگیا

دیکھ تو سوزش مری زخمونکی اے ناوک فگن
شمع کا شعلہ تری ناوک کا پیکان ہوگیا

کچھ نہ پوچھو ضبطِ دردِ دل میں جو گذری یہان
بجھ گئے آنسو جو تر اشکون سے دامان ہوگیا

انکے قدمون پر قدم پڑتا ہے میرا دشت مین
کیا مین وحشی سایۂ چشمِ غزالان ہوگیا

کچھ تو گوشِ گل مین چپکے کہتا تھا صبا صبحدم
نالۂ بلبل پہ ایک اک گل جو خندان ہوگیا

پوچھتے کیا ہو ہزارون قتل کرکے حسرتین | دل کبھی تھا اب تو اک گنجِ شہیدان ہوگیا

غزل ۱۴

باغ سے گھر کو چلا ماہر جو وہ رشکِ بہار
اوڑگئین سب بلبلین ویران گلستان ہوگیا

شعر ۱۵

اثر سے موقلم کو بھی نہین یارا روانی کا | مصور اب یہ نقشہ ہے ہماری ناتوانی کا

ضعیفی مین نکیون کشتہ ہون زورِ ناتوانی کا | مری پیری ہے اور عالم بڑھاپے پر جوانی کا

ضرر کیا ہم سبک سیرونکو پہونچے ناتوانی کا | مثالِ سایہ یہان عالم ہے گرنے مین روانی کا

دکھا دیتا ہون نقشہ جب مین اپنی ناتوانی کا | اوتر جاتا ہے چہرہ صورتِ تصویرِ مانی کا

خیال آئے جو ساقی چشمِ مستِ یارجانی کا | دل پرخون بنے شیشہ شرابِ ارغوانی کا

مزا ہے مرثیے مین شمع سان آتش زبانی کا | مثالِ شیشہ یہان موقع نہین پنبہ دہانی کا

نہ کیونکر طالبِ دیدار ہوتا یارجانی کا | مجھے تھا دیکھنا منظور اوسکی لن ترانی کا

نہ زائل حسن ہو یارب کبھی اوس یارجانی کا | رہے ممدود سرسبز زلف سان سایہ جوانی کا

حباب آسا ستمگر تن سے دم آیا ہے آنکھون مین
یہ ہین مشتاق سوز دل کی گرمی سے مین پانی کا

خط رخ کو نکیونکر نکتہ دان سمجھا ہین خط مصحف
تری ہینی بتا دیتی ہے قرآن کی نشانی کا

حقیقت مین ہین یہ گرم باتین شعلہ رویونکی
زبانی شمع سان دعوی ہین آتش زبانی کا

پنپجھ ہو گئی مجھ زار کے سیراب کیے نہین
مثال خار ابھی شبنم ہوئی پیاسا بوند پانی کا

نگاہ شوخ موسی نے تو کب کا دیکھ پایا تھا
فروغ حسن گر پردہ رکھے لن ترانی کا

سفیدی دھوپ کے مانند آجاتی ہے بالونپر
بشر کے سر سے اوٹھ جاتا ہے جب سایہ جوانی کا

غزل ۱۵

ہوا ہو جاؤنگا مین بھی مثال رفتگان ماہر
تتق ہے یہ تن خاکی غبار کاروانی کا

شعر ۱۵

ترے نام سے دم فنا ہو گیا
مین ہو کہ کے یارب ہوا ہو گیا

سب عشق زلف دوتا ہو گیا
اسیر کمند بلا ہو گیا

ترا نہین کیا کیا نہ تنکے چنے
تن زرد جب کہربا ہو گیا

بنایا جو قسمت نے دانا مجھے
فلک فرق پر آسیا ہو گیا

تصور سے دیکھا رخِ صافِ یار
نہ آئے اگر وہ تو کیا ہو گیا

ہوا آگ جب گرم اشکون کا آب
بدن خاک اور دم ہوا ہو گیا

مرے جذبِ دل سے چلے آئے وہ
مرض دردِ دل کی دوا ہو گیا

جفا کر کے مشہورِ عالم ہوئے
برائی سے اونکا بھلا ہو گیا

یہ عطر اونکے ملنے سے آفت ہوئی
سے چلے جب تو فتنہ بپا ہو گیا

بھرا خون قاتل کے دامن مین جب
بہارِ ریاضِ ادا ہو گیا

تکدر کی یہانتک کی لوگون نے قدر
غبارِ دلی کیمیا ہو گیا

ہوا عیشِ شاہی کا باعث شباب
جوانی کا سایہ ہما ہو گیا

عبث کب ہے نالان جرس راہ مین
کوئی قافلہ سے جدا ہو گیا

بنا فردِ الفت جو دل عشق مین
ہر اک داغ مہرِ وفا ہو گیا

شعر ۸	کہو تو جو ماہر کو مارا عبث بتو تمسے راضی خدا ہو گیا	غزل ۱۶

تقصیر محتسب نہ مغان کا قصور تھا — شیشہ تو خود شراب کے نشہ مین چور تھا

وابستہ جس سے تھا اوسی دلبر سے دور تھا — یارب مگر مین سایۂ بال طیور تھا

ممکن نہ گر نظارۂ حسن حضور تھا — پردا بنی سے عرش پہ پھر کیا ضرور تھا

کیا خوش ہون جب ہین بزم مین شمعون کا نور تھا — جتنا تھا پاس اوتنا ہی قدمون سے دور تھا

اس بعد پر تو سوز درون نے کیا سیاہ — اچھا ہوا کہ سایہ مرا تن سے دور تھا

معراج کی تو رات ہوا ور بیحجاب ہو — پہلے پہل کی بات تھی پردہ ضرور تھا

آتی تھی کیون نبی کو صدائے انیس حجاب — کوئی ادھر نہ تھا تو ادھر تو ضرور تھا

شعر ۱۶	ماہر کھلا لحد مین کہ تھی زیست دوربین نزدیک دیکھتے تھے جسے ہم وہ دور تھا	غزل ۱۷

آید نہ بعد عمر گر از کوے یار ما
گیرد بہ بر نہ تنگ ہوا ار اغبار ما

ظاہر شود چو سوزِ دل بیقرار ما
آتش زند بہ دامنِ صرصر غبارِ ما

چون نیست ہیچکس بجہان سوگوار ما
جامہ دری کند بہ غمِ ما غبارِ ما

آخر فنا شدہ ہمہ شان و وقارِ ما
بر خود چیان ز رنج نہ پیچد غبارِ ما

چون بادِ تند بود دمِ احتضارِ ما
رفت از ثرا با وجِ ثریا غبارِ ما

آمد بہ سر ز چرخ چہ بر حالِ زار ما
دارد ہوا بدست خطی از غبارِ ما

از پیچ و خم نہ شانہ کند چون غبارِ ما
افتادہ است بر سرِ ما کار و بارِ ما

در جوشِ بحر ہا کفِ دریا شود سحاب
اشکے چکد گر از مژۂ اشکبارِ ما

بینی بہ یک اشارہ زبادِ فنائے دہر
صد بار رخت بست ز ہستی غبارِ ما

گردند صرف ظلمتِ بحر و بر آن سواد
آمد زیاد انچہ ز کنجِ مزارِ ما

حیف است لطمہ ہای ہوا ر اگمان نبید
گر دم زند دمے بغمِ ما غبارِ ما

از تشنگی سپرس کہ دریا فرو برد	چون ابر کر بر آب بر آید غبار ما
آہم خلاف طبع ہوائی جہان رود	گر ساعتی بخاک نشیند غبار ما
آن منتہی بپاشد واین منتہی بحشر	آن زلف تو واین شب تار مزار ما
تا آسمان فضائی جہان پر شود زخاک	مشتی زگرد غم چو فشاند غبار ما

غزل ۱۸	ما ہمرزباد دہر نہ چون صدمہ ہا رسد دا ند غبار را جگر زخم دار ما	شعر ۵۱

مین خود کب آفتون مین تن زار لیگیا	سایہ بھی گر چڑھا تو سر دار لیگیا
یوسف کو کیا سمجھکے خریدار لیگیا	جو حسن تھا وہ صدمۂ بازار لیگیا
تربت مین سیدہی یہ تن زار لیگیا	کیا جان تھی کہ مرکے بھی کچھ بار لیگیا
سایہ بھی راستی قد یار لیگیا	سودا تھا کیا کہ گر کے خریدار لیگیا
یوسف کے حسن نے یہ کیا گاہکون کا حال	جو جسکو ملگیا سر بازار لیگیا

تڑپا لحد مین بھی تو یہ حیران ہوئی اجل
دم مجکو دیکھے کیا ترا بیمار لیگیا

وہ اور ہین جو ڈالتے ہین بوجھ چار پر
مین قبر مین تڑپکے تن زار لے گیا

رہرو زمین پہ رکھکے اوٹھا لیتے ہین قدم
کیا سوز دل حضور کا بیمار لیگیا

کی آئینہ پہ ڈر کے زلیخا نے بھی نظر
یوسف کو حسن جب سر بازار لیگیا

صدمے سے زخم تن بھی لہو ڈالنے لگے
تیری ہنسی اوڑا کے جو سوفار لیگیا

کیا کہتے درد دل ترے پیکان سے بیر زخم
جب منھ کی بات چھین کے سوفار لیگیا

میخانہ مین یہ رات کو زاہد کی گت بنی
شال کمر کوئی کوئی دستار لیگیا

جب پائمال ہونیکو بیٹھے ترے ضعیف
سایہ زمین سے سر دیوار لیگیا

دیوانگان عشق کا جبتک کہ ہو گذر
مین چمن کے خار وادی پرخار لیگیا

بازار عشق مین مرا سودا بکا تو یون
نقصان مجھکو دیکھے خریدار لیگیا

منزل کو آہ ہے صفت سایہ راہ بھر
مین کھنچتا ہوا جسد زار لیگیا

منقار مین اوٹھا کے نجانے کہ کس لیے | افتادہ پر بھی مرغ گرفتار لے گیا

پورے نہ دام مال کے جب دے سکا غریب | کچھ رنج مول لیکے خریدار لے گیا

صیاد مجھ غریب پہ بس ہو چکے ستم | سو بار لایا باغ سے سو بار لیگیا

منعم بھی کیون نہ مر کے جنازہ مین ہون سوار | اگلی ہوائے سر تو ہوادار لیگیا

نقصان ہوا تجارت الفت مین ہر طرح | سودا بکا تو رونق بازار لیگیا

منظور حال زار دکھاتا تھا باغ کو | ٹوٹے بھی پر جو مرغ گرفتار لیگیا

پہونچا اوسیکے زور سے تا منزل عدم | جو دم چرا کے موت سے بیمار لیگیا

دنیا ادھر کی جس سے ہوا کرتی تھی ادھر | وہ کروٹین فقط ترا بیمار لیگیا

چاک لباس قبر بھی تھا بسکہ مجھ پہ شاق | پیوند کے لیے جسد زار لیگیا

نالے اوسیکے گوش گل باغ تک گئے | جو دل دو نیم صورت منقار لیگیا

یون نکلے سیر باغ کے ارمان ضعف مین | جب رنگ رخ اوڑا سوئی گلزار لیگیا

بجھکر چراغ قبر جلا اوٹھتا ہے راتکو
وہ سوزِ دل حضور کا بیمار لیگیا

تربت بلند ہوکے بھی کچھ خاک بچ رہی
حسرت زمین کی یہ زمیندار لیگیا

مین کیا وہ یاد آئینگے تا حشر خلق کو
آخر مین ہچکیان جو ترا زار لیگیا

کیون ہے یہ شکر مین نہ زبان تیر کی ہلال
زخمونکی تھی جو بات وہ سوفار لیگیا

سو بار تیرے عشق مین مرنیکا تھا جو جوش
جب دم دیا کسی نے یہ بیمار لیگیا

ہنستے نہ تیرے تیر پہ کیون زخمِ تن مرے
کھلواکے منھ کو ضبط بھی سوفار لیگیا

وہ سوئے کفر جانے مین مجبور بھی ہوئے
گردن مین ہاتھ ڈال کے زنار لیگیا

کنجِ قفس سے پیشکشِ باغ کے لیئے
تنکے صدا کے مرغ گرفتار لیگیا

سر سے نکلکے پاؤن تک آئے بسانِ زلف
یون خار مین چھو کے مین ہر خار لیگیا

اب رو رہا ہون درد کو یہ سوچ سوچکر
وہ شے تھا یہ کہ جسکو خود آزار لیگیا

اتنی بھی قید تھی جو رہائی یہ ناگوار
سایہ بھی ساتھ مرغ گرفتار لیگیا

یوسف نے بس نگاہ توجہ ادھی پہ کی
دل ہاتھ مین فقط جو خریدار لیگیا

پلکین گواہ ہین انہین دیوانونکے لیئے
آنکھونسے چنکے دشت کے مین خار لیگیا

کیین لاکھ حقکی بندۂ زر نے عبادتین
ماتھا مگر علامت دینار لیگیا

ڈھونڈھین تڑپ تڑپ کے مریض جہان ہزار
جو درد تھا وہ آپ کا بیمار لیگیا

اللہ ری حرص درد کی اللہ سے مرے
کس کسکے زخم مرہم زنگار لیگیا

دنیا کی دوڑ دھوپ سے منصور دیکھ لے
دم یون چڑھا کہ تن کو سر دار لیگیا

کاغذ بھرا اور اوتر گیا چہرہ ضعیف کا
تصویر کھینچکر جو طلبگار لیگیا

آئی صدا کراہنے کی قلب زار کے
جب منہ بغل مین آپ کا بیمار لیگیا

پاؤنکو جانے دیجیے خود سر سے پوچھیے
شانہ نکالکر مرے کے خار لیگیا

بکنے لگا جو موت کا سودا اچھا تمین
آنکھونکو بند کرکے خریدار لیگیا

دیکھی لحد پہ جسنی مری قلب کی چمک
ہر بار ہاتھ اوٹھا لیا ہر بار لیگیا

گوہر سی ٹپکی کون ہی محتاج دہر مین ۔ جو آبرو سی شی سرِ بازار لیگیا

غزل ۱۹

ماہر کچھ اوس سی پوچھئے چشمِ سیہ کا حال
کاجل نگہ سی ہاتھ پہ جو پار لے گیا

شعر ۳

رونقِ تن سی شباب اپنا وفا کیا کرتا ۔ تہم کے سایہ کے لیے مرغِ ہوا کیا کرتا

دل نہ دکھتا تو غریبون سے وفا کیا کرتا ۔ چوٹ پڑتی نہ جگر پر تو ذرا کیا کرتا

باوفائی مین جفاؤن کا گلہ کیا کرتا ۔ اچھّی دل کو مین حسینون سی برا کیا کرتا

مین عزیزون سے بھلا ترکِ وفا کیا کرتا ۔ خون مین حجن ملا تھا تو جدا کیا کرتا

ہوشمین آکے خود اپنے کو فنا کیا کرتا ۔ ہون حبابِ لبِ جو چشم کو وا کیا کرتا

تھی یہ صورت تو اثر کا مین گلہ کیا کرتا ۔ ہاتھ مطلب سے اوٹھاتا تو دعا کیا کرتا

نام مین وصفِ صفائی سی بھلا کیا کرتا ۔ اور رگے خون سی مین نشو و نما کیا کرتا

عکس آئینہ ہو نہین اونسی گلا کیا کرتا ۔ لب ہلاتا بھی تو مطلب کو ادا کیا کرتا

چاند سی شکل کا ہی عکس مری سینہ مین
اور اب آئینہ دل کی جلا کیا کرتا

کروٹین لیکی شب ہجر یہ مین کہتا ہون
دل جو ہوتا تو محبت کا مزا کیا کرتا

راہ چلتون پہ مٹا مین صفتِ نقشِ قدم
اب سلوک اور محبت کا مزا کیا کرتا

استخوان کہائی نہ اس وجہ سی مجہہ وحشی کے
جای پرخار نکلتی تو ہما کیا کرتا

آپ بیٹھا ہوا زخمون پہ چھڑکتا ہون نمک
اور اب مجہسی محبت کا مزا کیا کرتا

اونگلیان بند کھلی جاتی ہین دیکھو تڑپن
دل کو مٹھی مین نہ دیتا تو بھلا کیا کرتا

دیدیا ہی اونھین مٹھی مین مسلنی کے لیئے
اور اب دل کے تڑپنے کی دوا کیا کرتا

راہ مین کون مری ساتھ اوٹھاتا زنجیر
ساتھ سی اپنی مین سایہ کو جدا کیا کرتا

اسپہ تو آنکھونکو کہولی رہا ایک حباب
سر مین پھرتی جو نہ دنیا کی ہوا کیا کرتا

دیکھتا آئینہ سان لیکی نکیون دل مین تجھے
نے تیری سیرِ طلسمات فنا کیا کرتا

سود ہین درد کی لذت نے دیئے اک دل کو
اور اب زخم کے کھانے کا مزا کیا کرتا

اچھی خاموشی تو آواز سے یہ نالے ہین / میری نالون کو جو سنتا تو ڈرا کیا کرتا

عکس آئینہ ہو غمین ہو تو انہین کو ہو گلہ / اونسی مین شکوہ انداز و ادا کیا کرتا

سایہ مرغ ہوا آنکھ کے تو تڑپا چھوڑا / اور اب دل کے تعلق کا مزا کیا کرتا

ڈھونڈھتی پھرتے تھے خانۂ صیقل اپنا / نہ اشارے سے بتاتا تو عصا کیا کرتا

سو جگہ لیتی ہوئی دم اجل آئی مجھتک / اتنی دوری مین ملاقات قضا کیا کرتا

روکی ہین بوجہ ضعیفی کا نگاہین میری / لیکن ہین ضعف کے عالم مین عصا کیا کرتا

لاکھہ چھپتا پہ نہ مٹھی سی نکلنے پایا / شوخی کرتا بھی تو وہان رنگ حنا کیا کرتا

اونکی پرچھائین کی صورت سی نظر آتی ہی / جسم سی اپنی مین سایہ کو جدا کیا کرتا

دین تو خیر آئینہ کا عکس جو ہوتا گویا / آپسی آپکی باتون کا مزا کیا کرتا

دل نکلجانی پر آتا تو نکل ہی جاتا / مجمع غمزہ و انداز و ادا کیا کرتا

شمع کشتہ کی طرح مجکی نہ جلت کیونکر / جو فنا کرکے ملی ہین وہ بقا کیا کرتا

کسی درماندہ بیکس کی صدا آتی تھی
کان پر ہاتھ نہ رکھتا تو ذرا کیا کرتا

جان اجل لیگئی اور ہاتھ نہ پکڑا مین نی
اور اب دم کی نکلنی کا مزا کیا کرتا

چل بسی شام کا سب تاج پہنانیوالے
سر برہنہ جو ہوتا تو عصا کیا کرتا

پیچھی آنے پہ ضعیفون کے تو یہ نالی ہین
بیٹھ جاتے کہین تھک کر تو ذرا کیا کرتا

دل تو خیر ابھی گیا چھوٹی سی مٹھی مین دہان
اب کلیجے کے تڑپنے کی دوا کیا کرتا

دست و پا تک کو تو پھیلا ہی عون دینی کی لئی
اور اب جان کی دینی کا مزا کیا کرتا

غزل ۲ — شعر ۵

ہاتھ کس سے دیکھین بند ہوا دیئی دنکے ماہر
شوخیان اس سے ارنگ حنا کیا کرتا

نہین ہے آج سی ای سوز غم گلہ دل کا
کر آنکھ کھولکی دیکھا ہی آبلہ دل کا

کہو شباب سی وہ کی نہ ولولہ دل کا
نکلتی دی جو نکلتا ہی حوصلہ دل کا

لٹا ہی لاکھ حسینون پہ صلہ دل کا
کہان کہان نہ لٹا ایک قافلہ دل کا

سما سکا جو نہ خود او نہین ولولہ دل کا
سمٹ کی سینے سی نکلا ہی حوصلہ دل کا

شریک درد ہی کیونکر کرون گلہ دل کا
ہنسا جو مجھپہ تو رو یا ہی آبلہ دل کا

بلا سبب نہین کچھ تنگ حوصلہ دل کا
تپک رہا ہی کہین کوئی آبلہ دل کا

چلا ہی آج سوئی چشم حوصلہ دل کا
کھڑی ہین راہزن آتا ہی قافلہ دل کا

خوشی یہی ہی تو اچھا سنو گلہ دل کا
کسیطرح سہی ہو تو فیصلہ دل کا

جلا رہا ہی جگر کو جو حوصلہ دل کا
لئی ہی آب کا چلو ہر آبلہ دل کا

ہی رخ کے آئنہ کا سبزہ حوصلہ دل کا
گرا ہی پیاس مین پانی پہ قافلہ دل کا

وہ دیکھلین تو نہ دل ہو ولولہ دل کا
لڑی نگاہ تو ہو جائی فیصلہ دل کا

کبھی نہ دلگی تو کیونکر ہو گلہ دل کا
کبھی تو منہ سے بھی پھوٹے کچھ آبلہ دل کا

یہ قول تجربہ کاران درد فرقت ہی
نہ آنکھ ہو نہ نظر آئے آبلہ دل کا

کلید سی جو تپک کے بھی کھل نہین سکتا
وہ قفل دل مین لگائی ہے آبلہ دل کا

بلند دیکھیگی سینہ نہ اتنا ہک دک ہو — اسی طرح سر اوٹھاتا ہی جو حوصلہ دل کا

بخیر ہو سفر طفلی و جوانی و شیب — وسط کی چھوڑ دی منزل جو قافلہ دل کا

یہ وقت نزع رگ جانکی بہانسلی بہری ہی — اٹک اٹک کی نکلتا ہی حوصلہ دل کا

جگر نے چین سا پایا ہی بند ہین آنکھین — ابھی جو پھوٹ بہا ہی کچھہ آبلہ دل کا

چھپائی بیٹھی ہین زلفون کو وہ ڈوپٹی سی — سراکو ڈہونڈھتا آتا ہی قافلہ دل کا

کبھو جو خار رگ جان سے چھیڑ دون اسکو — تمام عمر لہو روئی آبلہ دل کا

اجل کے وقت کا ہون منتظر جو فرقت مین — دکھیا رہا ہی گھڑی مجکو آبلہ دل کا

نہ دیکھی جائیگی صورت بھی مجھسی ماتم کی — کلاہ سر سے اوتاری نہ آبلہ دل کا

مقام خوف جو ہین طفلی و جوانی و شیب — سہ منزلہ کیون آتا ہے قافلہ دل کا

نہ پہنچی پاؤن کے آجائے کچھہ سنبہل کے چلو — ملا ہی گیسوؤن سی ہی سلسلہ دل کا

عجب نہین اسی اشاری سی چلی آنکھین — ٹپک ٹپک کی بہاتا ہی آبلہ دل کا

خبر نہین او نہین وہان کُھل رہی ہین لفت کی بل
ہلا رہا ہون یہان سی جو سلسلہ دل کا

ستائے مجکو یہ فرقتین وصلین وہ اوٹھین
مجھی جگر کا ہی شکوہ نہین گلہ دل کا

بجھا دی آگ وسی سی مری کلیجے کی
بھری ہی آپکی چھاگل جو آبلہ دل کا

نہ آئے وحشت کبھی سان ہین سائین کی آن دا
نکلگیا تھا کبھی ہو کی قافلہ دل کا

خطا بھی سی ہوئی اب جو کچھہ کہون مجرم
چلو سدا ہارو مبارک نہین گلہ دل کا

جو تم کُھلا ہوا مُنہہ دیکھتی ہو مرنے پر
نکلگیا ہی اُنہی سی حوصلہ دل کا

اچانک آکے گری ہین جو رہزنانِ ادا
تتر بتر ہوا جاتا ہی قافلہ دل کا

وہ اک ادا سی جو آ بیٹھے ہین پھر دلین
دھری ہی پیار سی منہ دلپہ آبلہ دل کا

اوسی سی آئی قیامت وسی سی حشر ہوا
ہماری دل سی جو نکلا تھا حوصلہ دل کا

چہار سمت جو ہین رہزنانِ حسن تو ہون
دبا کے راہ نکلجائے قافلہ دل کا

کھڑی ہین لوٹنی جو منھ وہ دیکھتی رہجائین
جو دبے باکے نکلجائے قافلہ دل کا

بہت ہی خوب رہی گیسوؤنکی پیروی مین
جو راتا رات نکلجائی قافلہ دل کا

سرائی زلف کی حجری بہر ہوئی ہین تمام
اوتر رہا ہی برابر جو قافلہ دل کا

صدا یہ دیتی ہی بو ملگجے ڈوپٹے کی
لٹا ہی گرد کے پہیر مین قافلہ دل کا

چلا نہ زور کسی سی کبہی غریبون کا
دبا ہی راہ کو کیونکر نہ قافلہ دل کا

کہو یہ اونسی کہ اب ڈہونڈہنی سی کیا حاصل
نکلگیا کسی جانب کو قافلہ دل کا

یہ بعد مرگ کیا کسنی بند منہہ کو مرے
نکل رہا تہا ابہی دل سی حوصلہ دل کا

وہ ہاتہہ کان پہ کہتی ہین مین ہٹاتا ہون
کبہی وصال مین ہوتا ہی یون گلہ دل کا

وہ اپنی سینی پہ کچہہ حسن کو جو روکے ہین
کہنچا ہوا ہی شکنجی مین حوصلہ دل کا

مسل کے پہینکدین وہ اپنی ہاتہہ سی جو کبہی
تمام قصی ہون ہو جائی فیصلہ دل کا

گواہ اسپہ حباب روان دریا ہین
کہ دم مرا لیی جاتا ہی آبلہ دل کا

کسی نی یہ دم نزع یہ پہلے آنا
ہٹو ہٹو کہ نکلتا ہی حوصلہ دل کا

یہ کس طریق لپٹی ہو رسے گلے گل تکیہ | اوٹھاؤ گال کہ دبتا ہے آبلہ دل کا
ہماری شمع کی ادلجہن سے تم نہ گھبراؤ | اسیطرح سی نکلتا ہی حوصلہ دل کا

غزل ۲۱

کلیجے دیکھنی والونکی پھٹتی ہین ماہر
جو منہہ کو ڈہانپ کے روتا ہی بلبلہ دل کا

شعر

شمع کیطرح بسر فکر مین بیدم ہو گا | اور بہی جسم گہلی گا سر اگر خم ہو گا
دل بہی اک زخم ہی خوش ہو گا تو بیدم ہو گا | جسقدر اسکو ہنساوگے لہو کم ہو گا
چرخ کسطرح کری خوش کہ نیا غم ہو گا | رنگ نکلیگا جو میرا تو لہو کم ہو گا
ہجر کی شبکی درازی سی نکچھہ غم ہو گا | رنگ اوڑنے سی مری صبح کا عالم ہو گا
صفت شیشہ مے نظم مین عالم ہو گا | لعل و گلگونکا سر فکر اگر خم ہو گا
بی سبب کے نہ یہ دہڑکن نہ عبث غم ہو گا | دل مین ارمان کے مرجانیکا ماتم ہو گا
دیکھینگی وہ لٹی ہوئی آنکہین بہی جہک کے اونہین | نشئہ فصل جوانی مین وہ عالم ہو گا

شعر ۱۷	تیز رکھ اپنی زبان تیغ کی صورت ماہر تجھ مین دم ہوگا تو دشمن ترا بیدم ہوگا	غزل ۲۲

ہمنی تو جان نذر دی دل کو فدا کیا
اب تم بتاؤ چاہنی والون سی کیا کیا

الفت مین سعی مرگ نہ کر بسکے بُرا کیا
مرتے مین ہات پاؤن نہ مارے تو کیا کیا

نہ لاش ہی اوٹھائی نہ دم کو فنا کیا
ای درد تونی اوٹھکی کلیجی مین کیا کیا

خاکی بدن نی روحکو بس یون فنا کیا
جسطرح آب جامِ گلی مین گھٹا کیا

مضطر وہ تھا کہ ایک مری خوفِ دفن سی
برسون زمین کا بھی کلیجہ ہلا کیا

افسوس زلزلہ کہا اوسکو جہان نی
پر دیمین خاک کی جو مرا دل ہلا کیا

رشتہ سی کہہ رہا ہی کہ یہ کافورِ شمعِ بزم
ٹھنڈا کلیجہ جسنی جلایا جلا کیا

سمجھا نا بیخودان محبت کو ہی عبث
خود آپ کہہ رہی ہین کہ ہمنی کیا کیا

مین کہ مطیع عشق ہوا تو عجب ہی کیا
خود دلوِ آب چاہ کا پانی بھرا کیا

دی مین نی جان آنکھون پہ تو کیا کیا قصور | او سکو نہ کچھ کہا کہ جو سرمہ پسا کیا
آوارگان دشت محبت خجستہ نصیب | گرتہک گئی کبھی تو مقدر پھرا کیا
اتنا ہوا وہ آکے مری گہر جو پہر گئے | پتلی سا کوئی آنکہ مین سیجن پھرا کیا
کہتا ہون کروٹو نکہین شب ہجر کی یہ مین | دنتک تو دل تہارا تکو پہلو سی کیا کیا
افسوس شل عضو ہی پہوٹی نہ تو کبھی | اسطرح چپکی چپکی کلیجہ جلا کیا
پر دیمین پر کی توڑ دیئی میری استخوان | وعدہ تو کچھ کیا تہا یہ صیاد کیا کیا
بگڑو جو دل سی تم تو خوشامد کیون کرون | وہ ہی منائی بہی تمہین جسنی خفا کیا

غزل ۲۳

ماہر یہ کس ادا سی وہ شانہ ہلا گئی
یون دل ہلا کہ قبر مین لاشہ ہلا کیا

شعر ٦

شب فرقت جو تڑپا کیا ہوا اے کہکشان میرا | شکنجہ مین کہنچا خود چرخ لیکر امتحان میرا
تماشا ہی کہی وہان بہی مقدر رہیہان جوان میرا | مٹا جاتا ہی گردون پر نہین مٹتا نشان میرا

برنگِ بو ہین ہمراہی لقب ہی ناتوان میرا
صدا ہی رنگِ غنچہ پر روان ہے کاروان میرا

یہ ادنی سا ہی حالِ خوفِ راہ جانستان میرا
پریدہ رنگ پیچھے ہین تو ہم آگے کاروان میرا

لقب ہے سخت جان کیونکہ ہو کوئی رازدان میرا
شرر ہے درسنگ از خود تو کھلی سوزِ نہان میرا

سبکرو ہو مدد آیا ہی وقتِ امتحان میرا
ادھر ہی قافلہ بو کا ادھر ہے کاروان میرا

لقب ہی عندلیبِ زار اتنا ہی نشان میرا
شکستِ رنگ کو کہتی ہین گل شورِ فغان میرا

سمجھلے یہ تو ہوای قہر دشمن آسمان میرا
زمین برباد ہوتی ہی تو ٹوٹتا ہی نشان میرا

ہوا و برق ادھر دشمن ادھر دشمن آسمان میرا
سہارا اب تنکی کا بھی رکھی آشیان میرا

جوانانِ چمن مین جب کئی تہا قدردان میرا
مثالِ حرزِ بازو پر بندھا تہا آشیان میرا

سفر والونکی یارب خیر ہو بیجا گمان میرا
اوڑینگی رنگ چہرون سے لٹیگا کاروان میرا

سفر مین بیٹھکی بو کھتا ہی قلبِ ناتوان میرا
ہمہ ہی کوئی شی تہی جسنبی لوٹا کاروان میرا

سمجھلو یہ تو کہنچو یا تھا اہلِ کاروان میرا
تمہین نے نام رکھا تہا ضعیف و ناتوان میرا

تہی ہمت رسی ہو جاتا مقدر گر جوان میرا — زمین ملتی فلک ملتا نہ مٹتا تو نشان میرا

نظر گلچین کی کیون پڑتی اوجڑتا کیون مکان میرا — چھپا لیتی جو برگ نخل ملکر آشیان میرا

وہین سب ہم زبان ہین ہو رہا ہے کچھہ بیان میرا — چمن مین جسطرف اوجڑا پڑا ہی آشیان میرا

مثال دانہ مین ہون آسیا سان ہے مکان میرا — نہ پوچھو اہل دل حال زمین و آسمان میرا

طلسم عشق ہی مانی کہ روئی ناتوان میرا — اوڑا ہی رنگ تو تصویر مٹجائے نشان میرا

وہ بلبل ہون اوجڑنیکی خبر پائی جو گلشن مین — چھپایا ہم صفیرون نے پہنچی آشیان میرا

مثال ریگ ساعت قسمت میری بھی تماشا ہی — زمین پر گر رہا ہون گو فلک پر ہی مکان میرا

عنایات فلک کا گر کبھی اظہار مین چاہون — بچا نہین گرائی برق پر آشیان میرا

مری دامن کو رنگین اشک خون سی بھی ہونی دین — محبت مین لٹی گا میری ہاتھون کاروان میرا

ٹھہرتی آئینگی رستے مین چلنے کو وہ کیا جانین — کوئی کہدی کہ لاشہ بھی ہی تو تم تھم کر اوٹھا میرا

مثال ریگ ساعت اب اٹھیگی خاکساری کیا — زمین پر تھا قدم جب آسمان پر تھا مکان میرا

لحد ہی خاطرِ نازک مکدر اونکی ہوتی ہے — کوئی اتنا نہیں جو بھی مٹا دیتا نشان میرا

کہا مین نے چلو جھگڑا گیا اب جلنے جلانیکا — عوض خس کے بنا جب بجلیوں سی آشیان میرا

فلک پر کہکشان کو دیکھکر کہتا ہون قسمت مین — زمین پر مین طپان تہا چرخ پر کیسا نشان میرا

ہوا پر باغ ہو گا بوی گل ترائیگی ایسی — اوڑایا بلبلون نی گر کبھی رنگ بیان میرا

گذر جاتا نہ دم کے ساتھ کیونکر بحرِ ہستی سی — لگا تہا کشتی عمرِ روان پر بادبان میرا

حباب آسا فلک کے دور مین ہٹکر یہ کہتا ہون — کسیکا ذکر کیا ملتا نہیں مجکو نشان میرا

ادب آموزِ شمعِ بزم ہو کیونکر نہ اب گلگیر — زبان مین بڑہ چلا تہا مجھسی کوئی ہمزبان میرا

کوئی پوچھی خبر اس تفرقہ کی تمکو بھی کچھ ہی — کہان دل مر رہا ہی دم نکلتا ہی کہان میرا

حباب بحر ہون پوچھو نہ مجھسی حال قسمت کا — یہ گردش ہی کہ میری ساتھ ہی پہرتا مکان میرا

ہوا پر دیکھکر تنگی قفس مین مین یہ کہتا ہون — کدہر ہو باغ والو لٹ رہا ہی آشیان میرا

ہدف ہون جسپہ زمانیکا تو کیا خوش ہون نمود کے — کریگا تیر باران ہی مجھی نام و نشان میرا

مثال ریگ ساعت ہم نہ دوڑین کسطرح اے گردون
زمین تھا نام جسکا اب ہے وہی آسمان میرا

تھا ایسی ناتوانی کر دیا تصویر ہی بالکل
اوڑی ہے رنگ چہرے سے تو کھینچا نشان میرا

جہان سب گرد شین ہین اے فلک یہ بھی کہا مجھکو
حباب بحر کیسے ہو گری مجھپر مکان میرا

نشان دیکھین شگاف کلک کا حساد حرفون مین
کلیجے چاک کرتا ہے یہین طرز بیان میرا

قفس مین ہین ہوا پہولون پہ شاخین گلستان مین
عوض میری لگائی ہین گلی ہی آشیان میرا

نگین کسطرح مجکو دوست کیون رکہے ہر نامی
کہ تجھسے ہی دل مین نقش ہے نام و نشان میرا

تو ہی دنیا مین کوئی شی نہین ہے ناتوانی سے
پھرا یا سر کو میری کیچ پہ تا ہی مکان میرا

کہان ایسا ہو مثل حباب بحر مٹ جاؤن
نہ چہیڑوا ای جسینو دل بہت ہے ناتوان میرا

فلک نقش نگین تیرے ہمین ہین یو تو کچہ ہوگا
اوڑی طبقہ زمین کا تو ہی شاید نشان میرا

ابہی کسن ہو تمسے شکل وہ دیکہی نہ جائیگی
چلو سر کو کہ دم دیتا ہی قلب ناتوان میرا

محبت ابروونکی خوب ہی سیدہا بنائیگی
نکل جائیگا بل سارا دم زور کمان میرا

کیونکر بند کر دی ضعف میری جان کی آنکھونکو
ڈریگی جانکر وہ زخم قلب خونچکان میرا

نجائی بچ بہی ضعف پر وسعت زمانیکی
کلیجے کی تڑپ بھی کچھ کریگی امتحان میرا

زمین سی ہیٹ اوٹھتی ہی کہتا ہون کہ سب کہین
اوٹھائیگا مری لاشہ کو خود دردِ نہان میرا

نقوش آب کی صورت برائی نام مٹنا ہی
مین دیکھون تو فلک کبتک مٹاتا ہی نشان میرا

اونہین سی پوچھئی صدمہ سہینگی جدائی کا
کلیجے سی لگائی بیٹھی ہین جو آشیان میرا

مٹی کا کیا کہ مثل خامۂ حکاک ہی گردون
قدم کی نقش سی بہی کم ہی کیا نام و نشان میرا

علامت کچھ نہ پائی جب شب فرقت مین بولا
نجانی رہگیا کب مر کی قلب ناتوان میرا

شب فرقت کا جاگا تھا نہ دیکھا آنکہ اوس سی
دکھاتی مجکو آنکھین زخم قلب خونچکان میرا

مثال ریگ ساعت کیون نہ اولٹی سانس لون یارو
زمین آخر اولٹکر بنگئی ہی آسمان میرا

تمہارا ناز پروردہ بھی مثل برمردہ ہی
جگر کی اب خبر لو دل تو تھا ہی نیمجان میرا

مثال کلک جب خود ہون کشتی کیون زبان کھولون
مرا ہی زخم دل بنجائیگا زخم زبان میرا

مر جائی دل جو سینہ مین نالان جگر تو ہو — جب لاش گھر مین ہو تو کوئی نوحہ گر تو ہو

وحشت کا عکس قیس مین پیدا اثر تو ہو — پھر دیکھین آئینہ کی نہ دیوار و در تو ہو

گردون نے یہ سمجھ کے دیے مجکو اشکِ چشم — لنگر سفینۂ صدفی کا گہر تو ہو

کام آئے دل نہ جنبشِ ابرو مین کسطرح — تلوار جب چلے کوئی سینہ سپر تو ہو

ہین سخت جان قیس سے آسیا سی کیا — کوئی مرض نہین ہی تو دورانِ سر تو ہو

اگر ہمنشین کوئی نہین واقف نہین سہی
آگاہ درد دل سی ہماری جگر تو ہو

گویا اگر نہین تو نہون یہ بہی اک ہی بات
سب کچھ سہی بتونکی خدایا کمر تو ہو

دلکی جلا دکھاتی ہی مہر جمال دوست
مجھسا کوئی سکندر آئینہ گر تو ہو

غزل ۷۱	ولہ	شعر ۲۰

تیغ جفای چرخ کا کوئی اثر تو ہو
چھوٹا بھی داغ ہو تو بقدر سپر تو ہو

آئینہ لیکے جاؤن نکیونکر مین سامنے
اونکی کسیطرح سے ادھرکو نظر تو ہو

ابرو مین گڑگئی ہی مثال سنان تیر
وہ دن تھے اور آج سی ترچھی نظر تو ہو

باغ جہان مین اہل ہوس ہین برنگ گل
ہون داغ دل مین ہاتھ نہون مٹھی مین زر تو ہو

بنت عنب کے عشق مین اتنا تو ہو اثر
شیشہ جو ٹھیس کھائے تو دل کو خبر تو ہو

بوی اثر تو کچھ ہو محبت کے رنگ مین
بلبل فغان کرے تو گلون کو خبر تو ہو

کتنا ہی پھیل پھیل کے یہ دود دل مرا
اتنا فلک پہ گھٹے کہ گل نیلوفر تو ہو

صیاد ہوش بھی تری اوڑ رہیں گی تو عجب
جھسار یاض دہر مین بال و پر تو ہو

بلبل کو اسقدر تو ہو صیاد عشقِ گل
چٹکی کلی چمن مین تو دلکو خبر تو ہو

غش آگیا کلیم کو یا دیکھ ہی لیا
کھلجائیگا وہ نور کہین جلوہ گر تو ہو

کٹتی نہین جو یون شبِ فرقت مری فلک
کافورِ زخم اوڑ کے طلوعِ سحر تو ہو

رنگین خیالیان نکرون کیون میں قید مین
آخر کسی طرح سی قفس مین بسر تو ہو

سب چل بسین گے دل سی بڑھتی ہین حسرتین
نکلیگا قافلہ بھی سرا سی سحر تو ہو

عشاق کو ہو صحبتِ معراج کیا پسند
پڑیگی گر ادھر نہین کوئی ادھر تو ہو

سچ ہی نہ بدلین بزم مین پہلو وہ کسطرح
دنیا کسی طرح سی ادھر کی ادھر تو ہو

جاگا ہوا اٹھا ہجر کا آتا ہون تھم ذرا
ای حشر قبر مین مری سید ہی کمر تو ہو

یہ بات اور ہی ہے قبول نہ بزم مین
کچھ دل کے کھوئے جانسے تم باخبر تو ہو

چھاتی سی اوسکو بھی مین اسطرح سی لگاؤن
دل کی طرح کوئی مرا سینہ سپر تو ہو

اوروں سے عرض حال کا تو امتناع ہے	اے دوست میرے درد کی تجھکو خبر تو ہو

غزل ٧٢

ما آہ امید عفو گنہ عشق مین کہان
تر دامن اور رہو گا ذرا چشم تر تو ہو

شعر ١٣

مسکن کسی کا مثل حباب رواں نہو	نکلے بدن سے سانس تو گھر کا نشان نہو
یون کُنہ گھر کسی کا میان جہان نہو	لو شمع کی ہلے تو ہمارا مکان نہو
طے کرکے راہ سخت قدم کیون رواں نہو	تلوار کیا ہو تیز جو سنگ فسان نہو
ہمسا نحیف و زار کوئی ناتوان نہو	مین ہی نہ ہل سکون جو کوئی رگ طپان نہو
وہ ناتوان ہون سینہ سے منھ تک نہ آسکی	لیکر عصا آہ جو نالہ روان نہو
یا بس مزاج نے شمع ضعف کی رکھا امید	جان اوسکو خشک چوب جو جھک کر کمان نہو
بحر جہان مین ہونگے ہوا سے حباب	گر مین نہون تو گھر کا بھی میرے نشان نہو
سطح اشک سینہ سے آنکھون مین میری آئین	پستی ہی سے موج جو پانی روان نہو

خدمت سے باغ دہر مین ہر شے کی ہی بہار | صحرا ہی پھر چمن بھی اگر باغبان ہو
کہتا ہی سر کو کھینچکے میرا غبار دل | یا مین ہون زمین پہ یا آسمان ہو
دی ہی فلک نے باغ مین مجکو جگہ تو یون | تنکا بھی گر ہلے تو مرا آشیان ہو
کینہ ہی متہم ہون نہ نکلے جو دل سی بات | سب عیب ہون بشر مین مگر ناتوان ہو

غزل ۴۳

چلتے ہوئے جو قافلے رُک گئے ہین راہ مین
ما ہر سا پا شکستہ پس کاروان ہو

شعر ۱۳

دل مرا اب نگہ تند کو بر مانیندہ | تیر خالی جو گیا دور کرو جانیندہ
رنگ الفت جو کوئی چیز نہین جانیندہ | اک کلی دل بھی ہی مرجھا تو مرجھانیندہ
ذکر بحرین تو چھٹا ہی سنا کر مجھکو | خیر آنکھون سے ہی دو اشک نکلجانیندہ
او جھر سینہ پہ شکنجا سا یہ کیا کھینچا ہی | ولولے دل کے جو نکلین تو نکلجانیندہ
شاید اونکو مری رنجکی نہین ہی ہو خبر | ٹوٹے تارون کو کسی گھر کیطرف جانیندہ

نزع مین پھر وہی باتین وہی چھوٹے وعدے
دل کو تم آج تو جی کھول کے گھبرا نیدو

ہو یہ خلوت تو بھلا کونسا انصاف ہی یہ
غش کو مین آنے نہ دون شرم کو تم آنیدو

نزع مین روتے ہو کیون یاد کرو ہجر کے دن
دل مرا آج ہی گھبرائے تو گھبرا نیدو

تھامنے والو قسم نزع کی اُلجھن کی مجھے
تا لحد جاؤن تڑپتا یونہین گرجا نیدو

مجھپہ تو طعن بھی آیا ہے اب آئنہ کیون
دل جو تنہائی مین گھبرائے تو گھبرانیدو

پیچ عشاق کی قسمت کو بڑھینگے ابھی اور
کچھ دنون گیسوؤنکو اور بھی بل کھانیدو

چاند سی منھ کو نہ دیکھونگا ابھی نزع مین
روح کو جسم سی آنکھون مین سمٹ آنیدو

غزل ۴۷	نرگس مست مین یا بھر ہین کہ اشک شادی نظر آتے ہین چھلکتے ہوئی پیمانی دو	شعر ۲۵

انسان کا دل بھی دوست کی دکھ سی حزین نہو
ضرب قلم جو باعث زخم نگین نہو

رونے سی ہو سکون تو کیون دل حزین نہو
آنسو پچھین تو چشم پہ کیون آستین نہو

گر میری حالِ دل پہ زمانہ حزین نہو — چشمِ فلک پہ کاہکشان آستین نہو

صاحب وقار بھی کہین کالکِ نگین نہو — رکھدی یہ جس جگہہ قدم اونچی زمین نہو

غلطان زمین پہ گر کے ہمن کیون مثلِ اہلِ نزع — رشتہ جو گوہرون کا دمِ واپسین نہو

روکے ہون اپنی منہ کے ہوی اشک اسلیئے — بچپن کی روئی آنکھ کہین شرمگین نہو

چہرے پہ زلف آئے تو کہیے نہ منھ سے کچھ — یہ عاشقون کی آہ کی شوخی کہین نہو

اک تھی ہوا کی جسکی ہوس دلمین رہگئی — مین خاک اوڑاؤن گر تہ جہانشین مین نہو

کھائی ہین ٹھوکرین سرِ وادی کی سالہا — کیونکر دو نیم سُمِ غزالانِ چین نہو

دامن سی پونچھتی ہین جو ہوتی ہین کشتگین — وہ چشم دودِ دل سی مری سرمگین نہو

کیون دل کا حال کہنی مین کاٹین نہ میری بات — منظور ہے شکایتِ قلبِ حزین نہو

دل کا حجاب جال ہی باطن کا جانی کون — سب ہے کسی کی آنکھ مگر شرمگین نہو

اتنی ہین لامکانیان جاتی رہینگی کیا — دلمین تو ہو مکین مرے جان گر کہین نہو

اٹھتی ہی پھر کے لاش مری دشمنی و شر سے ۔ معشوق بیوفا ہو مگر نازنین نہو

آنکھونکو بند کرکے جو لیٹو تو سب سنو ۔ دل کے کرا ہنے کا جو میرے یقین نہو

گر ہون بنے بادشاہ اولوالعزم ملک نظم ۔ قرطاس کی زمین مرے زیر نگین نہو

یہ کیا کہ پھر فقیر سے بدتر ہون بادشاہ ۔ قبضہ مین گر ذرا سی زمین نگین نہو

بند آنکھین لوگ کرتی ہین میت کی اسلیئے ۔ حسرت بھری نگاہ مری شرمگین نہو

کہدو یہ نامیون سے کہ گرمی جبین مین عکس ۔ سب وصف ہون نگین کے پہ ظرف نگین نہو

نہ تم ادا سکھاؤ نہ قاتل بنے کوئی ۔ تلوار ادگی کیون جو چڑہی آستین نہو

گر دفن اہل درد ہون گرم و شتمین ۔ تکیہ موم سے تم غزالان چین نہو

گوہر کو پاکے آب مین کہتی ہین ناتوان ۔ یہ کوئی ڈوبتا ہوا دل تو کہین نہو

پاتا ہون کچھ قرار کی صورت سموم مین ۔ پیچھے مرا کہین نفس آتشین نہو

رو کے ہو ہمین تڑپنے سے ہو دلکو اسلیئے ۔ وہ ہاتھ آئے گر تو کہین کا کہین نہو

ماہر مرے سے درد کی ہمت بڑہی ہی یہہ
ہر عضوِ تن جو دل ہو تو مجھکو نہین نہو

غزل ۷۵	ردیف الہاء	شعر ۱۸

محشر بپا ہے نالۂ آتش فشان کے ساتھ
پھنکتا ہے صور بھی مری شورِ فغانکے ساتھ

دیکھا غبارِ دل کو نہ اشکِ روان کے ساتھ
کیا دخل گرد ہو جو مری کاروانکے ساتھ

تھمکر چل ای نسیمِ چمن ناتوان ہون مین
اوڑ جاؤنگا شمیمِ گلِ بوستانکے ساتھ

اللہ آج خیر کرے عندلیب کی
صیاد بھی چلا ہے کہین باغبانکے ساتھ

ساقی مجھے بھی جام دے تا ابکبھی تہا مین
لہرائی ابتو موج مئی ارغوانکے ساتھ

ہی مستقل مزاج کو تحریک بیجصول
آبِ گہر بہیگی نہ آبِ روانکے ساتھ

واماندہ وہ ہون راہ مین اک ایک گام پر
تھمتا ہے قافلہ مری بانگِ فغانکے ساتھ

گلشن کے بند و بست سے نالان ہے عندلیب
اوڑتے ہین ہوش بوئی گلِ بوستانکے ساتھ

تاثیر جذب شوق شہادتکو دیکھنا
ہر تیر اپنی تن مین ہا اُستخوانکی ساتھ

اوجھل جو تو نگاہ سی ہو ماہ حسن ہو
یوسف تری تلاش کرے کاروانکے ساتھ

سالک ہوا نہ جس طریق آشوب عشق کا
رہزن بھی لٹ چکی ہین جہان کاروانکے ساتھ

اتنا خیال قافلے والو ضرور تھا
کوئی شکستہ پا بھی ہے اس کاروانکے ساتھ

تحریر خط شوق مین طاری ہے طرفہ ضعف
چلتا ہے ہاتھ جنبش نبض روانکے ساتھ

وہ سخت راہ عشق تھی پہونچی نہ حد تلک
رہبر بھی خاک اوڑاتے رہے کاروانکے ساتھ

زخمی ترے جو پیاس مین دریا سے منھ لگائین
کھنچ آئے ڈر کی آب بھی آب روانکے ساتھ

واعظ کے ہوش اوڑگئی محشر مین غلغلہ
مستون غول سے آئے جو پیر مغانکے ساتھ

تکلیف نغمہ قید مین صیاد کیا ضرور
ان چہچہونکا لطف گیا بوستانکے ساتھ

غزل ٦٦	ہے ظالمونسے دہر مین ہم کیسے نجات ہر شاخ مین ہی خار گل بوستانکے ساتھ	شعر ٦

ردیف الیاء

یہ کسکو بزم میں نازِ معشوقانہ آتا ہے
کہ جان اپنی ہتھیلی پر لیے پیمانہ آتا ہے

پھرین ہمراہ چشمِ مست کیونکر نہ نظرین محفل کی
ہزارون ہاتھ بڑھتی ہین جدھر پیمانہ آتا ہے

بگاڑی چال کہتی ہین تم سنہ سی کہو اپنی
ہمین طرزِ خرامِ نازِ معشوقانہ آتا ہے

مژہ کوٹلی کرے کیونکر نہ گردش انکی آنکھونکی
کہ ہاتھون ہاتھ محفل بیچ مین پیمانہ آتا ہے

جو ہو محتاج اپنا دس سے تو کھینچنا قیامت ہے
کہ شیشہ بھی تو جھکجاتا ہے جب پیمانہ آتا ہے

غزل

شعر

صفین دو الٹین نہ کیونکر مثل مژگان بزم مین پھر
ادھر پھرتی ہی چشم مست ادھر پیمانہ آتا ہے

حد کے نازک ہو سہارا تو ہو چلنی کے لیے
دل مرا تھام لو اپنے ہی سنبھلنی کے لیے

اوڑتی مہندی کا اشارہ ہی یہی گر سمجھو
آگ دو ہاتھ سی اپنی مری جلنی کے لیے

نذر مین پا کے جگر اوسی سینے نے کہا
پنکھیا لیجیے یہ ہاتھ مین جھلنی کے لیے

نزع ہی مر رہی ہین دلکی مرادین دل مین
بھیڑ چھٹی ہی مرے دم کی نکلنی کے لیے

خدمت صاحب جوہر مین ہین اعلیٰ دنی
ہاتھ ہی پاؤن مین تلوار کے چلنی کے لیے

ابر مین برق کی یہ جلوہ گری کہتی ہے
کوئی بیچین ہی پردے سے نکلنے کے لیے

غزل ۷۸

کہتی ہے ہاتھ مین اونکی یہ حنا اے ماہر
مہندی ملتے ہین کلیجہ مرا ملنے کے لیے

شعر ۳

ملگئے ہین آج بی قابو جو وہ تقدیر سے
رنگ کیا کیا کر رہا ہے شوخیان تقدیر سے

تم وہی بیچین کے بیچین ہر صورت رہے
نچلے نت بیٹھے کبھی تو رنگ اوڑا تصویر سے

غزل ۷۹

طبع نازک کیون نہ کردے اور ہی صورت کا حال
رنگ کچھ اوڑنے لگا ہی آپکی تصویر سے

شعر ۶

فشار کیا کہ جو سرمہ ہر استخوان نکری
زمین نے ظلم کیا وہ جو آسمان نکری

وہ کون ہی کہ جسے بیٹھے اونسے فغان نکری
مری تو درد کو کوئی بیان بیان نکری

مزا اٹھا نالون کا بھی باغ ہی تک اے صیاد
قفس نصیب کوئی ہو تو پھر فغان نکری

نہ آب خشک زمین نے بھی خاک مین پایا
خدا کسیکو مری طرح بی نشان نکرے

کہان یہ چال کہان خفتگان خاک کے دل
خدا کسیکو تمہاری طرح جوان نکرے

غزل ٨٠

مسافران عدم یاد آتے ہین ماہر
اوترپڑے تو کبھی کوچ کاروان نکرے

شعر ١١

آلودہ ہون کیا اہل صفا گرد سفر سی
ہم صورت آئینہ نکلتی نہین گھر سی

ظاہر ہو پس مرگ کہ تھی حسرت دیدار
سلوائین کفن دوست مرا تار نظر سی

کیون ضعف سے ہم ہون رہ عشق مین پامال
ہین نقش قدم خاک اوٹھین راہگذر سی

میخانہ مین بھی جای تو مسجد کیطرف سے
دنیا مین گئے عیب بھی کوئی تو ہنر سی

گل سیکڑون کھائی ہین تلون یہ ہمنے
نسبت تن داغی کو ہی طاؤس کے پر سی

ہر بار دھوئی بادیہ گردی مین مری عمر
کیا حق نے بنایا تھا مجھے گرد سفر سی

دیکھی لبِ دندان جو ترے ملگی دولت
دامانِ نظر بھر گیا یا قوت و گہر سی

کیا دیتی ہی ماتوں کی ہو سوزِ جگر کم
بجھتی ہے کہیں آگ بھلا آبِ گہر سی

زینت کے سبب ہوتے ہیں اسبابِ امارت
بی روپ ہے وہ رنگ جو گرا خانۂ زر سی

بل سیکڑوں کیونکر نہ وہ رفتار دکھائیں
الجھی ہیں مری تارِ نظر موئی کمر سی

غزل ۸۱ — شعر ۱۱

کسطرح ہوں ماہر ترے اشعار رنگین
سینچا ہوا یہ باغ ہی خونابِ جگر سے

جو شوقِ قتل میں دم تیغِ یار سی نکلے
تو مرحبا کی صدا خون کی دھار سی نکلے

کبھی جو کوچۂ گیسوئے یار سی نکلے
تو پھر نسیم نہو کر تتار سی نکلے

وہ دل جلا ہوں جو بہ نبشِ قبر بعدِ فنا
دھوان غبار کی بدلے مزار سی نکلے

کھلے کسی پہ مرا تا نہ رازِ سوزِ دروں
کبھی شرارۂ سنگِ مزار سی نکلے

جلایا خاک نے دی ہی صفا طبعوں کی
کہ بنکے آئینے تختیِ مزار سی نکلے

اثر بھی جسم کا باقی نہیں وہ لاغر ہوں
یقین ہے خاک نہ میری مزار سی نکلے

عجب نہیں جو گلِ روئے یار کی تعریف
زبانِ طایرِ رنگِ بہار سی نکلے

صفائے طبع کی تاکید ہی پس مردن
ذرا بھی دود نہ شمعِ مزار سی نکلے

ہمارے وادی پرہول سی ذرا ایسا
قدم نہ آہوونکی پھر تتار سی نکلے

وہ محوِ رخ ہوں عجب کیا ہے خاک کے بدلے
تتق جو نور کا میرے مزار سی نکلے

غزل ۸۲

کسی پہ بار نہ صد شکر تم ہوئے ماہر
بسانِ بوئے چمن روزگار سے نکلے

شعر ۱۳

جہان سی حسرتِ زلفِ عذار لیکے چلے
مزار میں بھی یہ لیل و نہار لیکے چلے

پسِ فنا بھی ہے دلکو رخِ صبیح کی یاد
یہ صبح ہمسے سو شامِ مزار لیکے چلے

خزان ہوئے پہ نہ دیکھا ترا رخِ رنگین
چمن سے پھول دو لو نہیں تو خار لیکے چلے

وہ صید گیر ہے تو گر چمن سی ہو نکلے
شکارِ طایرِ رنگِ بہار لیکے چلے

وہ ناتوان ہین گرے ڈھڑکے لاکھ جگہ
صبا جو دو قدم اپنا غبار لیکے چلے

ہزارون بلبلین ہون سیکڑون ہون پروانے
چراغِ حسن جو وہ گلعذار لیکے چلے

شکستِ رنگ سے گل دیتے ہین صبا صدا
خزان نصیب چمن ہم بہار لیکے چلے

وہ زار تھا مین کہ جب آئے قابضِ ارواح
سمجھکے روح مرا جسمِ زار لیکے چلے

جو قصدِ باغ کری شبکو وہ قمر اندام
چراغِ لالہ چمن سے بہار لیکے چلے

جلا ہی دیکھ کے کیا چرخِ تفرقہ پرداز
کبھی جو ہاتھ مین ہم دستِ یار لیکے چلے

اوتار کر جو وہ گل پھول کان کے پھینکے
صبا وہ بہرِ عروسِ بہار لیکے چلے

لطیف مثلِ ہوا ہمکو لاغری نی کیا
گرا نہ سایہ جدہر ہم جسمِ زار لیکے چلے

وہ عندلیب ہین تھا جنکی دم سی لطفِ چمن
چلے جو اور تو رنگِ بہار لیکے چلے

شعر ۲۷	جہان مین آئے تھے ماہر تو تھے سبکدوشی چلے تو سر پہ گناہون کا بار لیکے چلے	غزل ۸۳

آج میخانہ مین یہ جوشش صہبائی ہی
می گلگون شفق گنبد مینائی ہی

کسکو تقدیر پی عیش یہان لائی ہی
صبح بھی خون شفق تھوکنی کو آئی ہی

دل تو پہلو مین انیس شب تنہائی ہی
ورنہ ہر داغ الم چشم تماشائی ہی

کم یہ کچھہ شوخی چشم بت ہرجائی ہی
سرمہ تک گرد رم آہوی صحرائی ہی

ابھی ساقی نی می تازہ جو بھروائی ہی
مثل پنبہ سر شیشہ کف صہبائی ہی

نزع مین آمد عیسی کی خبر پائی ہی
دور بالین سی ہو کیا موت کی شامت آئی ہی

سیر جب سے اونھین صحرا کیطرف لائی ہی
میل سرمہ مجھی ہر جادہ صحرائی ہی

میری تیغ نظر قہر سی یہ ہی ٹکڑے
دود پر موج سواد شب تنہائی ہی

آنکھین عینک سے مین کیون مانگون ترا فضل جب ہو
خود مری گرد نگہ سرمہ بینائی ہی

صبح مستونکو نکیون یاد صبوحی دلوائے
صاف خورشید فلک پنبہ مینائی ہی

دشمن زار کو کم زور نہ غافل سمجھین
خار کانٹا ہے مگر تن مین توانائی ہی

جو ہین تن پہ ورود مسرت سبھی ہین وہ مشہور
نیکنامی کی عیب خلق مین رسوائی ہی

آنکھ کیا واقعی لڑتی ہی مژہ قاتل سی
نظر شوق ہی مرد صف ہیجائی ہی

کیون رہی اسمین نہ پھر یاد بتان عالم
داغ عضو شکل ہر اک دل کی کلیسائی ہی

ہر جگہ جلوہ حسینونکا ہی اگر کچھ ہو نظر
محمل چشم مین ہی لیلی بینائی ہی

کیون نہ مجرم کیطرح دل سی فراری ہو خوشی
خانۂ تن پہ مرے اشکونکی دوڑ آئی ہی

منتظر رہکے ہوئی ہین مری آنکھین وہ سفید
چشم ہر روزن در جسکی تماشائی ہی

جبتک انسان ہے نظر کردہ خلاق حکیم
پردہ چشم ہی خود عینک بینائی ہی

ہاتھ سے ہٹتے نہین جہر کسی خانہ مین
آنکھ پہ روزن در نے مجھے دکھلائی ہی

کیون نہ چھاتی سی لگا رہین داغ دم شب
خلق مین سبکو عزیز آتش ہمسائی ہی

تیری بیمار بھی ہین رشک مسیحا شاید
جانبری کے لیے اونتک جو اجل آئی ہی

کیا دکھائیگی مجھے بی نگہ لطف کریم
کور چشم آپ ہر اک عینک بینائی ہی

ربط دیرینہ خلقت نے کشش جب کی ہی
خاک دم بھر کو مری قبر پہ بیٹھ آئی ہی

خاک اوڑ نیکی سوا کیا ہو مری تربت پر
گرد بر خواستہ نے چہا ؤنی وہان چہا ئی ہی

پیش رو راہ عدم مین جوانیون ہی مین
یہان ضعیفی جیسی کہتی ہین توانائی ہی

پتلیون نے مری پہر پہر کے یہ ڈہونڈا تجہی
کہ نظر آنکھون مین جالے کی طرح چہائی ہی

غزل ۸۴ — روح کو تن مین نہ کیون سوز الم ہو ماہر / شمع ہر بزم مین جلنے کی لیی آئی ہی — شعر ۱۱

ذات انسان جہان ثانی ہے
روز و شب پیری و جوانی ہے

گرم اشکونکی گر روانی ہے
سب کہین گے کہ آگ پانی ہے

فصل پیری مین کیون نہو دہڑکن
دلمین یہہ ماتم جوانی ہے

اب زمین پر قدم وہ کیا رکہین
بر مین پوشاک آسمانی ہے

رو رہا ہون جو مین خجالت سے
اشک ہر ایک پانی پانی ہے

سوز دل کا سبب جو ہی گردون
رنگ دود دل آسمانی ہے

سنتے ہوا ے کلیم اونکی صدا
جنکو دعوائے لن ترانی ہے

جائے کسطرح طنطنہ اونکا
ابھی اوٹھتی ہوئی جوانی ہے

تن مین قوت بھی آ نہین سکتی
کسقدر زور نا توانی ہے

جوش حیرت پہ کیون نہ حیران ہون
آب آئینہ مین روانی ہے

غزل ۸۵ | کسی دریا مین بھی نہین ماہر
جو تری طبع مین روانی ہے | شعر ۳۶

مجھسا بھی کوئی زار جہانکی چمن مین ہے
یہ رنگ جسم کا ہی کہ بو پیرہن مین ہے

مجھسا بھی نالہ کش کوئی دار محن مین ہے
دل منھ کو آگیا ہے زبان کب دہن مین ہے

عالم مین روشنی ہی وہ تن پیرہن مین ہے
فانوس مین ہی شمع ضیا انجمن مین ہے

سوزش فراق دختر رز سی یہ تن مین ہے
اشک کباب ہے جو پسینہ بدن مین ہے

لب مجھسا ناتوان کوئی دارِ محن مین ہے — رعشہ عروق کی حرکت سے بدن مین ہے

غم دوست اسقدر کوئی دارِ محن مین ہے — تعویذ دل ہی داغ جو اپنی بدن مین ہے

یہان فقر مین بھی رختِ تکلف بدن مین ہے — اُتو سی کم نہین جو شکن پیرہن مین ہے

اسطرح یادِ زلف دلِ پر محن مین ہے — بُو جسطرح سی نافۂ مشکِ ختن مین ہے

امیدوار ضعف سے اب کس ہنر کا ہون — کیا کم یہ بات ہی کہ تکلف سخن مین ہے

کیون فکرِ رختِ تن ہو انسان کو دہر مین — بی جسم ہو کے روح لباسِ بدن مین ہے

دستِ جنون سے کسنے مروڑا ہی دشت مین — پہنچ آجتک جو شاخِ غزالِ ختن مین ہے

مین اپنے ہاتھون چشمِ تصور مین بھی جہان — انداز مردمک کا سوادِ وطن مین ہے

شبنم کے ساتھ گرتے ہین دیوار و بام و در — بوسیدگی وہ اپنی ہر مکان کہن مین ہے

سوزِ الم کا کر نہین سکتا بیان جو مین — شاید زبانِ شمع کا کام اس سخن مین ہے

اخفای عشق سی ہی فغان اپنی بی صدا — سینہ در ہی کہ نالہ پرخون دہن مین ہے

خشکی میں مثل قطرۂ آب رواں ہیں ہم
غربت میں ہی قیام سفر یہاں وطن میں ہے

کتنا خجل گہر کو کرینگے تمہارے دانت
جاری ہی یہ پسینہ کہ دریا عدن میں ہے

ہی شمع اشک ریز تو شعلہ ہی بیقرار
کیا میر سوز غم کا بیان انجمن میں ہے

ہی اہتمام پردۂ لیلی جو قیس کو
ہاتھ آہوؤں کی آنکھ پہ دشت ختن میں ہے

شبنم کے بھی عرق نکل آتا ہے جسم میں
گرمی وہ اے ہوا مری بیت الحزن میں ہے

کوچون سے نابلد ہیں وہ خانہ نشین ہیں
درکار راہبر ہمیں اپنی وطن میں ہے

کیونکر نہ وقت نالہ کشتی دل ہو بیقرار
جنبش دم کلام زبانکو دہن میں ہے

اچھی کبھی یہ خلعت آخر میں کی فلک
ہاتھ آستین کی جا مرا بند کفن میں ہے

جانا مرا محال ہی مالوف ہون کجا
زنجیر پاؤنکی ہی جو کوچہ وطن میں ہے

محفل کے انتظام کا کثرت میں کب نہ دھیان
حلقہ نجوم چرخ کی کب انجمن میں ہے

غربت ہماری ہی صفت جادۂ طریق
صحرا میں جاکے بھی قدم اپنا وطن میں ہے

یہ ہولناک ہی مری وادیکی سمت بھی
منھ پھیرکے ہے ادھر ہرن جو ختن میں ہے

جوشِ بہار ایکی یہی باغِ دہر میں
پھولوں کا رنگ خونِ جہندہ چمن میں ہے

دندان یار سے ہوئی ہیں عرق عرق
اک قطرہ آب کا ہی گہر جو عدن میں ہے

نا آشناے خلق جہان میں ہوں اے فلک
رنجِ سفر مجھے بھی غربت وطن میں ہے

دیوِ سفید روز سی کہدو مجھکی سے آئے
کالی بلا ہی رات جو بیت الحزن میں ہے

میں تو کروں نہ دردِ دل اپنا کبھی بیان
ہر آہ کو مگر ید طولا سخن میں ہے

بنتی ہی آگ آکے وہاں صورتِ غال
گرمی کے ساتھ حبس وہ بیت الحزن میں ہے

باندھا ہے دوستوں نے یہ کس ہر ایک بند
ایذا فشارِ قبر کی مجکو کفن میں ہے

اے یار تجھسی بزم ہو خالی محال ہے
گر تو نہیں تو ذکر ترا انجمن میں ہے

غزل ۸۶	تصویر گھر میں چھوڑکے نکلا ہے شہر سی ماہر سفر میں یوں ہی کہ گویا وطن میں ہے	شعر ۱۷

کیون نہ توصیف لب لعل و دہن سے نکلے ۔۔۔ بات کوئی تو بھلا اپنی سخن سے نکلے

دل بھلا کیا تری گیسو کے شکن سے نکلے ۔۔۔ مشک نافہ کی خطا ہی جو ختن سے نکلے

تشنگی ہی گردش گردون کہن سے نکلے ۔۔۔ جی گئی مر گئے جب اس دار محن سے نکلے

کیون ہو قدر سخن کی جو دہن سے نکلے ۔۔۔ آبرو پائے گہر بھی جو عدن سے نکلے

باغ عالم سی عمل دور خزان کا نہ اوٹھا ۔۔۔ موسم گل مین بھی کانٹے نہ چمن سے نکلے

تو عطا نطق کری گر تو غنا دل کیا مین ۔۔۔ بات ہر رنگ کی غنچو نکی دہن سے نکلے

پانی پانی ہوئی ہم ضبط بکا سی کیا کیا ۔۔۔ اشک جب بنکی عرق اپنے بدن سے نکلے

باغ عالم مین ہے ذلت کا سبب ترک وطن ۔۔۔ گل رسن بستہ ہوے جبکہ چمن سے نکلے

صورت دانہ تسبیح رہی گردش مین ۔۔۔ گو سفر ہمنے کیا پر نہ وطن سے نکلے

غیر پھر غیر ہین اپنی جو ہین اپنے پچھڑے ہین ۔۔۔ سایہ بھی ساتھ ہوا ہم جو وطن سے نکلے

آبرو تو جو بڑھائے تو بھلا مین کیا ہون ۔۔۔ سیل آب در نایاب عدن سے نکلے

تنگ ہون زیست سے ای موت مسیحائی کر | جان آجای اگر روح بدن سے نکلے

چار ناچار چلین کیون نہ پی سیر وہ اب | بوئے گل اونکی جو بے لینے کو چمن سے نکلے

مین نی وہ کہنہ کفن بخت کے ہاتھون پایا | چاک ہو نکہت کافور جو تن سے نکلے

تھا قیام اپنا بہار چمنستان کی طرح | وہ وطن ہی نہ رہا ہم جو وطن سے نکلے

ہی غضب غیرت وہ بلا آ کے لگی عاشق مین | ساتھ بلبل نہ ہوئی گل جو چمن سے نکلے

غزل ۸۷

وصف خال رخ جانان جو بیان ہو ماہر
ایک نکتہ ہو وہ جو بات دہن سے نکلے

شعر ۱۱

غبار قلب کا اشکون مین کیون نشان نہ ملے | یہ بحر وہ نہین ساحل جہان روان نہ ملے

حیات مین نہین ممکن ملین عدم والے | نشان اونکا ملے گر مرا نشان نہ ملے

اسکے جور و ستم سے جلا تھا دل میرا | فلک سے رنگ مین کیون آ کے دھوان نہ ملے

کھلی جو آنکھ تو تنہا تھے بند مرقد مین | عدم مین بھی ہمین یاران رفتگان نہ ملے

فروغ دو دن جو پایا نکو مین بزم عالم مین
سوای شمع کوئی مہربان نہ ملے

مین انقلاب جہان کا ہون دوستو کشتہ
تہ زمین بھی کہین مجکو آسمان نہ ملے

نہو جو چرخ [illegible] تو جائے عرش پہ آہ
یہ تیر آور کرے پلہ گر کمان نہ ملے

کلام سخت سے رکھے نہ تا بشر کچھ کام
یہ بات تھی کہ زبانکو جو استخوان نہ ملے

تلاش ہی پس مردن بھی یک یوسف کی
مری غبار کیون گرد کاروان نہ ملے

گری ہین چاہ ذقن مین تیرے ہزارون دل
یہ چاہ وہ نہین یوسف ہو کاروان نہ ملے

غزل ۸۸

فلک سے کوئی یہ کہدی مٹا دے اسکو بھی
کہین مزار سے ماہر کا بھی نشان نہ ملے

شعر ۲۳

جبکہ قطع منزل مقصد مین قیمت رہ گئی
ہر قدم پر نقش پا کیطرح طاقت رہ گئی

گل ہوئی بھی پژمردہ بسکہ خاک تربت رہ گئی
ہو گیا گلشن خزان حیران ہون نکہت رہ گئی

سن ہی لینا گریہ آئین ہونگی شہرت رہ گئی
تیر کے پرتاب پر آکر قیامت رہ گئی

خود صبا کو لاغری پر میری حیرت رہگئی — یون اوڑا صحن گلستان سے کہ نکہت رہگئی

دیکھلینا سرد آہونکی جو عادت رہگئی — استخوان سخت بنکر شمع تربت رہگئی

کچھ ہوا حاصل نہ مانگے سی ندامت رہگئی — مطلب گردون بر آیا میری حاجت رہگئی

محنت غم سی ہوئے آراستہ داغ الم — اس چمن مین باغبان بنکر ریاضت رہگئی

شل شعل سوز غم سی استخوان جلنی لگی — جب ہوا سی نجھکے اپنی شمع تربت رہگئی

داغ غم مرجھا گئی جب بھی بھڑکا جاتا ہون — کیا یہ آتش تھی کہ نہ بجھنے پر بھی حدت رہگئی

تب مین سمجھا سعی سی نکلیگی بیشک شکل رزق — گردہ نان بنگئی جب گردش کی صورت رہگئی

منعمونکی گھر بنانے کا نتیجہ یہ ہوا — آپ سوئے کنج مرقد مین عمارت رہگئی

جسکو ہنگام دعا شغل نظر بازی رہا — چشم بنکر قفل در ہائی اجابت رہگئی

فاش پایا جبکہ راز عسرت ارباب فقر — پردہ رکھ لینیکو دنیا مین قناعت رہگئی

سوز غم نے ایک شب مین یان کیا یون کام تمام — صبح کو جلتی جگر کی گل شمع تربت رہگئی

گھر سے ہم نکلیں کبھی تو ہی اک امر محال
یہ بھی وجہ ضعف ہے دل میں حسرت رہ گئی

ناتوان وہ ہوں جب آئے فاتحہ پڑھنے کو دوست
بہر تعظیم اٹھکے میری خاک تربت رہ گئی

دل میں پہنچے قربت پر بھی سے کلیم اللہ ہوئے
بن پڑے باتیں زباں میں جیسے لکنت رہ گئی

بیخبر پاکر ہمیں گھر سے نکالا بیقصور
یہ عزیزوں سے ہیں مگر شکایت رہ گئی

ناتوان وہ ہوں جب آیا دل سے چہرے تک ملال
چین پیشانی پہ مثل خط قسمت رہ گئی

جب مزاج ناتوانی صحبتوں کا پڑ گیا
اٹھکے سو سو بار میری خاک تربت رہ گئی

جب ہوا قائم مزاجی پر مجھے اپنی سرور
رنگ بنکر میرے چہرے پر بشاشت رہ گئی

ہوں وہ از بس ناتوان نکلی نکلنے کی جو شکل
آئنہ میں بال بنکر میری صورت رہ گئی

غزل ۸۹

کونسا تھا مہر گلہ مرکر عزیزوں سے رہا
خاک میں پیسٹ ملے نیکی شکایت رہ گئی

شعر ۳۰

مجھسا بھی عندلیب کم اس بوستان میں ہے
تنکے کیطرح جسم نزار آشیان میں ہے

پنہا نہیں سکوت جو سوزِ نہان میں ہے
چھالا ہر ایک مُہرِ خموشی زبان میں ہے

گرمِ سفر یہ کونسا رہروِ جہان میں ہے
صورت دھوئین کی گردِ رہِ کاروان میں ہے

غم دوست ہون خوشی سی یہ کینہ جہان میں ہے
دل کیا گرہ کی شکل ہر اشکِ روان میں ہے

تاثیر کس کے ضعف کی یہ کاروان میں ہے
بانگِ شکستِ رنگ جرس کی فغان میں ہے

راہِ درازِ مُلکِ عدم طے کرینگے ہم
مر کر بہی اتنی جان تنِ ناتوان میں ہے

سینے سی کیون نہ قافلہ لختِ دل چلے
اشکون کا کاروان بہی کسی کاروان میں ہے

نا مستقل مزاج سے کامل نہو گا تو
ناقص ہی نقشِ پا بہی جو ریگِ روان میں ہے

سوزِ الم سے کون گھلا ہے مری طرح
یہان تارِ اشکِ شمع کی شکل استخوان میں ہے

سینے مین دل کے ساتھ ہین داغِ الم مرے
یوسف کنوئین مین بہی ہے تو اک کاروان میں ہے

جاتا ہی باغِ دہر سے کیا کاروانِ گل
آوازِ کوس نالۂ برگِ خزان میں ہے

سوزِ الم مین بات تو اولٹی نہین ہی شکر
زخمِ زبان سے ہو جو دہن بہان زبان میں ہے

باساز و برگ کیون نہون قایم ہین جہان / ہو خاک دانہ سبز کہ ریگِ روان مین ہے

کیون ہو نہ دل پسند خمِ ابروانِ یار / وہ عین راستی ہی کجی جو کمان مین ہے

اپنا ثبات سمجھے ہین نفع جان تو / مٹتا ہے جلد نقش جو آبِ روان مین ہے

مجھ ناتوان کی منہ سی نکلتی ہی اس سی بات / شکلِ عصاے صاف الف جو بیان مین ہے

یہ سوزِ عشقِ چشمِ بتان سی مین زار ہون / انداز میل سرمہ ہر اک استخوان مین ہے

بحرِ جہان سی پار اوترنیکی کیا ہو فکر / تابوت مجکو صورتِ کشتی جہان مین ہے

معجز بیان نکیون دہنِ تنگِ یار ہو / اعجاز سی کلام کا دخل اوس دہان مین ہے

سمجھون یگانہ کسکو مین باغِ جہان مین / بیگانہ مجھسے سبزہ ہر بوستان مین ہے

کیونکر پڑی نہ آنکھ پہر اک کی لباس پر / اشکون سی جسم جامۂ آبِ روان مین ہے

آہون سی جب ہوئی ہی مشبک تمام سقف / تب فرش دہوپ چہاؤن کا اپنی مکان مین ہے

معنی مکین ہین لفظ ہین جیسے ستون ہین رکن / انداز بیتِ شعر ہماری مکان مین ہے

وہ اس چمن مین بلبل رنگین مزاج ہون | تنکا بھی صورت گل آشیان مین ہے
روزن کی روشنی کا گذر تنگ محال ہی | وہ تیرگی بھری ہوئی اپنی مکان مین ہے
آندھی کی طرح آتا ہے سینے سی تا دہن | شامل جو آہ دود دل ناتوان مین ہے
کیون لاغری سی ہو خلش جسم زار مین | کانٹونکا طور اپنی ہر اک استخوان مین ہے
ایسا ہے تنگ اپنا سیہ خانہ ہمدمون | وہ بھی گھٹا ہوا ہے دھوان جو مکان مین ہے
کیا منہ کھلی مرا تپ غم مین پی کلام | چھالا ہے جو وہ قفل کی صورت دہان مین ہے

غزل ۹۰

شاگردی اسیر مضمونکی قید ہے
ماہر وگرنہ رنگ بہی اپنی زبان مین ہی

شعر ۹۳

حیرت مجھے روانی عمر بشر مین ہے | لنگر پڑا ہوا ہے سفینہ سفر مین ہے
کیا محو طی ارض کوئی رہگذر مین ہے | پیچیدگی غبار طریق سفر مین ہے
فصل بہار اوج پہ اپنی نظر مین ہے | کب برق ہی یہ خون گل ابر تر مین ہے

پیری مین بہی چمک ہے مرے داغ جگر مین ہے
حیران ہون دن کو شب کیطرح ضو قمر مین ہے

پرتو جو اوسکے رخ کا مری چشم تر مین ہے
روشن چراغ کوچہ نہ نظر مین ہے

نالی نہ کر زبان دل پر درد بر مین ہے
اچھا نہین ہے شور کہ بیمار گھر مین ہے

اوس مہ کا عکس رخ جو مری چشم تر مین ہے
اک ایک اشک آنکھ کا تار نظر مین ہے

کیون سوز عشق دوست دونہو مثل جان عزیز
شعلہ ہے جس قلب وہ آتش جگر مین ہے

ہی دل مین یاد قامت موزون یار کی
دیکھو نہ بہار شجر بیان ثمر مین ہے

ٹھنڈک ہے زخم دلمین مہ رخ کی یاد سی
یہ چاندنی ہی مرہم کافور اثر مین ہے

تصویر انقلاب زمانہ ہون شیب مین
پاؤن مین ہی سکون حرکت جب سر مین ہے

ہوتا نہین ہی آتش غم سی جو کچھ ضرر
رخت حریر شعلہ مگر نیر بر مین ہے

ہر روز تیری نذر کو ای بادشاہ حسن
دینار آفتاب کا دست سحر مین ہے

سوز دل و جگر کا ہے رخ جانب دماغ
اس آگ کا گرہ ہی کہ منقر اپنی سر مین ہے

عالی اونکی طبع ہی عالی ہی جنکی قدر
مضمون بلند مطلع شمس و قمر مین ہے

دن زندگی کی کاٹ کے پہونچونگا تا عدم
راہی یہ مین ہون عمر رواں کب سفر مین ہے

کیا جوش فصل گل کہی دریا ہے صحن باغ
کشتی کا طور موج نسیم سحر مین ہے

تپ مین ہی اہل فقر کی تبرید خون دل
تعویذ ابروؤنکی گرہ دردسر مین ہے

آئین فقیر خانہ مین سبکی نہ کیون قدم
گھر نقش پا کیطرح مرا رہگذر مین ہے

یارب ہوا ہی کونسا یہ سوختہ جگر
رخت سیہ دھوین کا جو شعلے کے بر مین ہے

پڑ جائے جسطرح کوئی تاپو میان جسم
اشکو نسی یون کدورت دل چشم تر مین ہے

روشن ہی آگ شعلۂ دل کی دماغ مین
یہ پیچ ہی جو بل مری ہر موئی سر مین ہے

کام آئے فرط ضعف مین کیا اور کوئی سنی
منھ دیکھنی کو آئینہ جب اپنے گھر مین ہے

تیغ قدم سی کاٹونگا وہ تیز رو ہون مین
گو درع نقش پا رہ صحرا کے بر مین ہے

رونے مین دیکھتا ہون بخوبی کتاب غم
عینک ہی آب اشک یہ کب چشم تر مین ہے

دل سا جری بھی ہی سپر انداختہ یہان
کیا آنچ تیغ کی مری سوزِ جگر مین ہے

نالان جو شام سے ہے موذنِ شبِ وصال
کیا چاندنی ہی رات لباسِ سحر مین ہے

محتاجِ دستگیر عصا ہی ہی راہ مین
سختی نئی طریق کی سیری سفر مین ہے

کیونکر نہ شمعِ عقل فروزان رہی سدا
کم موم سے نہین ہے جو مغز اپنے سر مین ہے

ساری کرامتین یہہ پریشانیونکی ہین
مین ہون حضر مین اور دلِ محزون سفر مین ہے

اپنی جگہ سی ہل نہین سکتا یہ ضعف سے
مین ہون مکانمین یا کوئی تصویر گھر مین ہے

بھرتا ہے دفن ہونے سے زخمِ دلِ لحد
انسانکا جسم کیا کوئی مرہم اثر مین ہے

بریان ہین سیخِ آہ پہ نالے کباب وار
حدت لیے اپنی آتش سوزِ جگر مین ہے

پیری مین بھی ہین داغ مری جسمِ زار پر
فصلِ خزانمین کثرتِ گل اس شجر مین ہے

جامع مقام و کوچ کا پرکار وار ہون
اک پاؤن ہے حضر مین مرا اک سفر مین ہے

کیا آگئی تھی فکر مین ماہر خزانکی یاد

مصرع جو شاخ خشک ہر اک شعر تر میں ہے

حسرت و اندوہ غم کا گھر ہمارے دل میں ہے
دیکھیے جسکو وہ ضیا خانہ اس محفل میں ہے

ہاتھ پھیلانے سے اوضع ہی جو مضمون دل میں ہے
ہین لکیرین یا خطِ مطلب کفِ سائل میں ہے

کون ہے زیر زمین مضطر کشش کس دل میں ہے
نبض وہ چلتی ہوئی ہے جادہ جو منزل میں ہے

کب فقط اکراہ غربت ہمارے دل میں ہے
گرد بھی خواستہ خاطر اسی منزل میں ہے

سوز غم سے سلک گوہر فرقتِ قاتل میں ہے
آبلہ کہیے اوسے جو اشک اپنے دل میں ہے

راہیِ ملکِ عدم ہر دم دھڑکا دل میں ہے
قافلہ خاموش جاتا ہے خطر منزل میں ہے

کب ہستی کا گذر اہلِ الم کے دل میں ہے
شمعِ اشک افشان شبِ شادی بھی ہر محفل میں ہے

ناز کیا کینہ اگر مجھسے دلِ قاتل میں ہے
اوس گرہ کی کھلگئی قسمت جو اوسکے دل میں ہے

ہاتھ شل عجزِ لرزان نے نقاہت دل میں ہے
کس تلاطم میں ہی کشتی کفِ سائل میں ہے

کسقدر سختی طریقِ الفتِ قاتل میں ہے
شہپر بالِ وحشت ہر ذرہ اس منزل میں ہے

ہے بجا راہِ عدم سے خوف اگر ہر دل میں ہے
رہ گئے ہیں خضر بھی سختی وہ اُس منزل میں ہے

دیکھئے جسکو اسیرِ لطفِ صحبت ہی وہی ہے
طوق گردن سبکا ہی حلقہ جو اوس محفل میں ہے

عشقِ گیسو میں کشودِ کار ہے امرِ محال
ہی گرہ وہ بال کی عقدہ جو اپنے دل میں ہے

دل میں مجھ غمکش کے ہی دیدوں کو بھی دلبر جو لے
داغ جسمیں لگ گیا پھر لطف کیا اوس دل میں ہے

باطن باطن سے کھلتا ہو نہیں عشقِ یارِ دوست
راہ یہ وہ ہے جو پنہاں اپنے دلکی دل میں ہے

اب تو آکر دیکھ جا قاتل دلِ بیتاب کو
دم کو اُمید ہم کے لیے مہمان تنِ بسمل میں ہے

گر نہیں ہے ارتباطِ دوستان تازہ طلسم
کس لئے پھر درد دل یار ونکا میرے دل میں ہے

گردشِ قسمت کا نکتہ تاکہ ہو سب پر عیان
اس سبب ہے دورِ خط کا سہ سائل میں ہے

طی عدم کی راہ کرنی ہے مسافر کیوں ہو شاد
ہی وہی سنگِ نشان سختی جو اس منزل میں ہے

شاخ ناقہ قیس بلبل نجد ہی صحنِ چمن
غنچے میں نگہت کہ لیلیٰ گوشۂ محمل میں ہے

دیکھ کہ شاید اسی کو ہو مکدر دل کوئی
یہ سبب ہے جو گلی کا نسخہ کفِ سائل میں ہے

رنج دیکر آشنا سب چل بسی سوی عدم
ہے غبار کاروان گرد غم کب دلمین ہے

سنا ہیتون سے کہد دلمین اوسکی خبر ٹہرکر ذرا
کوئی واماندہ ہی نالان جرس منزل مین ہے

کیون نہ روشن طبع پائین آپکی صحبت مین جگہ
کیسی ہی کثرت ہو جا شمع ہر محفل مین ہے

بحر عالم مین نہ پہونچی کیون اثر کی دیر تک
بادبان حرص و ہوا کا کشتی سائل مین ہے

خون کی دہارین نکلکر دیتی ہین اوسکو صدا
اور بہی اک ہاتھ او قاتل کہ دم بسمل مین ہے

موت سے انسان کی دنیا مین ہو خشکی یا تری
یہ وہ دریا ہے کہ خوف غرق بہی ساحل مین ہے

عشق لیلی مین جو سودائی ہوا دیوانہ تہا
مین تو مجنون اوسکا ہون محمل کی جا جو دلمین ہے

ساکنان قبر سے اتنا تو کوئی پوچہدے
گہر بہی یاد آتا نہین کیا چین اِس منزل مین ہے

حسن کی گرمی سے اونکی سب کے سب بیتاب ہین
شعلہ جوالہ ہے حلقہ جو اوس محفل مین ہے

ناخن تدبیر کے بہی کہلگئے عقدے تمام
عقدہ لاحل ہی وہ عقدہ جو میرے دلمین ہے

کیون نہ مجنون صورت بلبل نظر بازی کرے
پنکہڑی غنچے کی ہی پردہ اکب اوس محمل مین ہے

کیون نہ بھاگین عالم پیری مین مجھسی دوست — شکل دیوار خمیدہ یان قد مائل مین ہے

کونسی صحبت زمانے مین ہے بےمثل و نظیر — دیکھیے جسکو مثال آئنہ محفل مین ہے

بار سی شکوونکی ہوئی خاطر مکدر جب ہوئی — خاصہ بیماری کا غبار دل مین ہے

ناتوان وہ ہون کہ جبتک جسم مین بیٹھا ہو کلین — فرش ہی صاحب فراش و نشستہ محفلین ہے

کرتی ہی صحبت اثر ظاہر ہو یا باطن مین ہو — کب ہنسی ہے آواز جو کاسہ کف سائل مین ہے

ہمنشینونکے کلیجونمین ہی شکچے لگ گئے — کسقدر گرمی آئی ہی اپنے سوز دل مین ہے

قلب ماہیت کا باعث ہے بشر کی فرط فقر — ڈوب مرتے ہی کی کشتی کف سائل مین ہے

کسنے تھک کے راہ کو دیکھا تھا چشم یاس سے — صورت نقش قدم ہر جادہ منزل مین ہے

بعد وصلت بہی چھوٹیگی عیادت رنج کی — داغ فرقت جو ہی وہ شکل سویدا دل مین ہے

ہاتھ دکھلا کر اونھون نے قتل کر ڈالا مجھی — کیا دم خنجر لکیر ایک اک کف قاتل مین ہے

دیکھکر حال شکستہ اوسکا یہ کہتا ہی دل — بال کہتی اوسکو جو خط کا شمائل مین ہے

کسطرح اوس قد کا یون نقشہ مجھے اوترا دلی — سرو کی جسطرح صورت قمریونکی دل مین ہے

بحر دیکے کوئی دست موج سی جام حباب — تشنگی کے جوش سی خشکی لب ساحل مین ہے

ہی مزید فقر سے بحر جہا تمین خوف غرق — کیا تعجب ہے اگر کشتی کف سائل مین ہے

آرہا ہی رنگ ہمدردی کا یہ اس عہد مین — زخم سب ہنستی ہین اور اپنا دل بسمل مین ہے

روح اپنے جسم مین کیونکر رہے بعد شباب — شمع کو دیکھا تو شب بھر کے لیے محفل مین ہے

کب کثیف الطبع لوث عیب سے ہین پاک صاف — دیکھ لے مٹی کا دھبہ اس ساحل مین ہے

تیرے اوٹھ جاتے ہی تنہا صحبت یہ منغص ہو گئی — لوگ کیسی فرش ہی جین پئی جبین محفل مین ہے

سوکھ کر کانٹا نہ کیون ہوجاؤن باغ دہر مین — تلتی ہین پھولون نہین جو اونکی صحبت دل مین ہے

کیا مسافر اب نہ کھینچینگے وطن والونکو پھر — صورت پردہ یہ کیون گرد رہ منزل مین ہے

دیکے کچھ اس پیشکش کو کر لے او منعم قبول — آبرو سی چیز کشتی کف سائل مین ہے

کون سے بیکس کی ہے تاراج کشت آرزو — جسکی غم سے دانہ ہر اک خاک بر سر گل مین ہے

گر یونہین کانٹے رونگے مسافر راہ کو | انجو جادہ وہ بتائیگا جو منزل مین ہے

غزل ۹۱

عیب دان ماہر کہ اونکو جو ہین تیری رازدار
بات وہ کہدیتی ہین منہہ پر جو نہان دل مین ہے

شعر ۱۳

فلک سے بجا یہ گیا بر ہم جو دم مین صبح پیت غم کی | اودا سی ہی تو رونق تھی ہمارے بزم ماتم کی
دکھاؤن گر روانی بحر اشک چشم پرنم کی | بہی مثل کف دریا سفیدی صبح ماتم کی
مقابل اوس سی کیا دیکھی جو لمین سیر عالم کی | مگر ہان کاسہ گرسی کم نہین تھی آبرو جم کی
بیان قدرت ہو گیا اوس نخلبند باغ عالم کی | ثمر کو دی وہ لذت جسپہ ٹپکے رال شبنم کی
جنونمین داغ سے ہر زیب ہے یون قدر مرہم کی | نگین سے خوشنمائی جسطرح ہوتی ہی خاتم کی
تجھی ہی یاد لازم اس چمن مین شادی و غم کی | فراموشین ہراتی ہین یہان انجام توام کی
کھلا جب یہ کہ دنیا ہے جگہ ہر صدمۂ غم کی | تو دریا بہی دست موج سی کی مشق ماتم کی
گر انقدری کہون کیا اوس سلیمان تکرم کی | کہ بار نام نے جسکی کمر خم کی ہی خاتم کی

مجھے ہو گئے آگے قدر کیونکر ساغر جم کی
کہ اک جام اسکا دکھلاتا ہے کیفیت دو عالم کی

شکایت پھر نہ ہوتی محنت گلزارِ عالم کی
نظر گر باغبان کرتا عرق ریزی پہ شبنم کی

ازل ہی گوش زد ہے بے ثباتی باغ عالم کی
برنگِ گل مری تن پر قبا کیون ہو نہ شبنم کی

دکھایا ساقی مجھے اوسنے جام مے میں سیر عالم کی
کہ ٹپکی رال شیشہ کیطرح جس جام پر جم کی

بہار آیا باغبان جوبن پہ ہے یہ باغِ عالم کی
کہ گلشن پر رگِ گل سے نظر پڑتی ہے شبنم کی

حباب آسا ہون نازک مین بہی فرطِ خلقت سے
بہروسا کیا ہے مٹجاونگا سحر یا کسی دم کی

یہ بیدردی کہ اس گلشن مین شبنم اوسکو سب سمجہے
چمن مین اشک غم سے آنکھ نرگس نے جو پر نم کی

مین ہی وہ آہو رم کردہ وہون اے صحرا وحشت سے
کہ جسکے سایہ کی تصویر مین ہین طاقتین رم کی

روا رو رہگذارِ دہر کی ہے رہروِ دیکھو
ملی فرصت نہ چلنے سے کبھی ہم کو ہی اکدم کی

جہکے کیونکر برنگ چوب خشکیدہ ہے ہر سرکش
کمر ٹوٹیگی پشت اسنی تو واقع ہین اگر خم کی

الٰہی کس ستم خوبیکی فرقت مین یہ حالت ہے
لگی ہین ہیبت کو آنکھین ہے جانب بحرِ عالم کی

نفس بے شغلی پیری مین دل بہلاتی ہین میرا
ہوا ایسی ہے کہ فرحت بخش ہوتی ہی سحر دم کی

برنگ بوی گل نازک مزاجی مین ہین بیٹھا تہا
کہان سے آ گئے صرصر طبیعت سری برہم کی

شریک حال اہل غم نہ ہین یکہو کر ہو اے گلشن
جب آنسو دیدۂ نرگس مین ہوئین پہ رقت شبنم کی

نہ یکھو گر تو ہو کمظرف مثل جام جم بیشک
اگر دیکھو تو گنجایش ہی مجکو ایکسین عالم کی

بجز اعجاز حسن مبہت دو اسکو اور کیا کہیے
ثنا مین نے زیادہ بہی جو کی تو بہت کم کی

تناسب کی رعایت مجکو ہی افسانہ گو یہ ہے
حکایت گر سنون بہی ہین تو لب سے جام جم کی

سیہ روزی سے اے گردون سواد آخر شب ہون
فنا ہو جاؤنگا دیکھی ضیا گر صبح ماتم کی

عرق کی قطرون سے اوس گل کی ہے دعوی ہی ہمچشمی
یہ پانی ڈہل گیا ہی چمن آنکھون کا شبنم کی

یہ پیہم پہوٹکر روتے ہین کسکی آشنائی مین
کہ سوج آئی ہین آنکہین ہر حباب بحر عالم کی

مین وہ ہون حرم دل ہی کعبہ حق دار فانی مین
نہین ہی تاب جسکو دید عمرہ مین زمزم کی

بنا ہون قدر سوز دل سے اے عکس برق گردون
تڑپ جاؤنگا مین بہی سامنے بجلی اگر چمکی

وفورِ ضعف مین اتنا جو رنج بھی دلکو آفت ہے
ڈبوئیگی مری کشتی کو گردش چشمِ پر نم کی

ندامت کچھ تو اسنے پیا قیا اوس سے اوٹھائی ہے
جب آیا سامنے پیمانہ گردن شیشے نے خم کی

نہ کیونکر ای اجل پھر آنکھ میری بند ہو جاتی
دمِ پیری ملی آہین بھی ہوائین تھین سحر دم کی

یہ ادنی سی صفت ہے اوس طلائی رنگ کی اونکے
پڑا جب عکسِ رُخ چاندی کُندن کی طرح دمکی

کسی رشکِ چمن کے انتظارِ آمد مین
سفید آنکھین ہوئی ہین قطرہ ہای آب شبنم کی

مین ہی تو موجبِ بیتابیِ سوزِ جدائی تھا
زمین پر مین جو تڑپا آسمان پر برق بھی چمکی

دکھادے اب تو اسکو ای بہم خوبی جمال اپنا
کہ جان آنکھون مین آئی ہی حبابِ بحرِ عالم کی

بجا یار ہر دو دن شیشہ کرو ہے جب تو ٹوٹا تھا
یہ نوبت ہو گئی مرنی پہ خود جامِ سرِ جم کی

کٹیگی عمر ہی ہجر مین یہ جان اپنی وہ سمجھے ہے
مثالِ تارِ گوہر آمد و شد سینہ مین دم کی

کرین کس وقت کارِ دین و دنیا کا اہلِ عالم
نہین ملتی ہی فرصت سانس لینے سے کوئی دم کی

دکھائیگا مجھے کوئی نکوئی سانحہ گردون
کہ آنکھین تک پھڑک کر رہی ہین پیشِ ماتم کی

کہی سبب یہ طماعون نے زر کو دار دنیا مین
کر آخر آگئی داغ جبین مین شکل درہم کی

غزل ۹۲

شعر ایضا

بنی ہین دیدہ ہا منتظر نقش قدم ماہر
زمین بھی ہی یہ شائق مہدئ ہادی کے مقدم کی

نقش قدم بنا نہ کہین پر جہان سے چلے
سایہ چلا زمین پہ کہ ہم ناتوان سے چلے

گھسٹ پڑہکی یون زمین پہ تن خستہ جان سے چلے
سینے مین جسطرح نفس ناتوان سے چلے

یون مجھ بلانصیب کے اشک روان سے چلے
جسطرح چلیں خوف کی جا کاروان سے چلے

گر کچھ چلی بھی چال تو یون ناتوان سے چلے
اپنی جگہ پہ صورت نبض روان سے چلے

رفتار گر قلم کی ترا ناتوان سے چلے
ہو طرفہ سیر ساتھ قدم کا نشان سے چلے

مجھ سا کوئی رفیق طریق آپ کو ملا
سایہ صفت قدم بہ قدم تا جہان سے چلے

مستونکو غول آئین تو جاے ملال زر
ساغر چلین تو پیر مغان کی دوکان سے چلے

ہاتھ اوس سے سپر جدا ہوا انشام کی طرح
الدن عصا جو لیکے ترمی ناتوان سے چلے

کیونکر نہ بات باتمین کاٹو ہر ایک بات
قینچی کیطرح سی جو تمھاری زبان چلے

یون کرد غم مین پھر گیا ہی ہمارا دل
رتی مین جیسی ماہی ریگ روان چلے

وہ مست ہون جو ٹھیس شیشی ہی مین لگ گئی
فریاد کرتے ہم سوئے پیر مغان چلے

فرقت کی شب مین یون ہے روان کہکشان چرخ
جسطرح سی کہ اثر در آتش فشان چلے

آئینہ سان سفر مین بہی نکلین نہ گھر سی ہم
گر ہم چلین تو ساتھ ہمارا مکان چلے

بلبل وہ ہون پھڑک کی دیکہادون جو زور عشق
اڑتا ہوا قفس کیطرف بوستان چلے

دامن سی خار اولجھ گئے گل پاؤن پر گرے
صیاد اوجاڑ کے جو مرا آشیان سے چلے

بہولا ہون گر ستارون بہری مانگ کو تری
آرے کیطرح سر پہ مرے کہکشان سے چلے

اندھیر اہل بزم کی آنکھون مین ہو گیا
محفل سے پہری آپ مگر شمع سان سے چلے

ہون نبض بسمل تپ ہجران جو دشمنین
جادہ ہر ایک صورت نبض روان سے چلے

مارا جواب دینے پہ اوسنے رقیب کو
سچ ہے کسیکا ہاتھ کسیکی زبان سے چلے

اولٹی چلی خزان مین ہوا جب تو باغ سی
مثل طیور اوڑتے ہوئے آشیان سے چلے

لپٹین جو بو کی باغ سی نکلین ہوا سی
بن آئی راہزن کی جہان کاروان سے چلے

اے داغ دل جنون مین سپند ہی ہے اکی دہن
اوس ملک مین چلو کہ جہان سکہ جان سے چلے

بدگوئی رقیب سیہ رو کو کیا کرون
گر قطع ہو تو اور قلم کی زبان سے چلے

ہم وہ حزین ہین یون تو نجانا ہوا کبھی
پھولون مین بلبلونکے سوے بوستان سے چلے

دانہ جو تیرے خال کا بھولا ہون مین کبھی
چکی کیطرح سر پہ مرے آسمان سے چلے

یاد آئی گل کو آمد و شد عندلیب کی
پھر کر جو آشیانکو پہ آشیان سے چلے

مثل نسیم صبح مگر آپکی ہی چال
غنچونکے پاس سے ہوئے شادان جہان سے چلے

وہ گل چلا جو باغ کی نظارے کے لیے
طایر سب اوسکی طرف بوستان سے چلے

رکھدون کبھی جو بار غم اپنا اوتار کے
جھک کر جہان مین پیر کبھیو ر جوان سے چلے

کی بعد مرگ جو کشش حضرت جذب کشش
صحرا کو چھوڑ کر وہ مری استخوان سے چلے

بلبل وہ ہون بھر و جو قفس مین گلونکا دم
اوڑکر شمیم گل کیطرح بوستان سے چلے

یون باتین کرتے ہین دیوانے ہجر مین
جسطرح سے کہ گنگ کے منھہ مین زبان سے چلے

وحشی وہ ہون کہ تھک کے گرے سایہ کیطرح
جن بہی جو میرے ساتھ وہ امتحان سے چلے

تاثیر ضعف عالم پیری کو دیکھنا
سایہ بھی بے عصا نہ چلا ہم جہان سے چلے

خالی کمان جو رہ گئی قاتل کے ہاتھ مین
تن سے نکل کے صورت تیر استخوان سے چلے

بلبل وہ ہون کہ قتل کو صیاد جب بڑھا
باہر چمن کے روتے ہوے باغبان سے چلے

بچھلے سی ست بیٹھے ہین اس انتظار مین
پھولے شفق تو جام ارغوان سے چلے

یون شوق مین ہے غم مرے دلکی طرف روان
جسطرح سہی طیر سوے آشیان سے چلے

دیکھا یہہ انقلاب ترے لطف و قہر سے
تنکر چلے جو پیر تو جھک کر جوان سے چلے

صیاد کی تسلیون کا اعتبار کیا
کھڑکی کھلے قفس کی تو یہان سے چلے

ماہر کو قہر پیستی ہی یا ابو تراب

غزل ۹۳۰	جلد آئیے فشار ہوا استخوان سے چلے	شعر ۳۴

بہر طور اچھی بسر ہو گئی — گھٹی آبرو تو گہر ہو گئی

خجل جب نہ حرص بشر ہو گئی — ہوا خود پسینے مین تر ہو گئی

مرے اشک شور آئے فرقت مین کام — کٹا رنگ شب جب سحر ہو گئی

یہ اونکی پھری دل مین مجھسے آنکھ — کہ شب بھی ادھر کی ودھر ہو گئی

فقیری قناعت کا باعث ہوئی — بری بھی تو اچھی بسر ہو گئی

بڑھاپے مین تختہ ہی تن قبر کا — مری جھک کے سیدھی کمر ہو گئی

مرا دل وہ لیکر یہہ کہنے لگے — کوئی شی ادھر کی اودھر ہو گئی

قدم رک کے جب سر بلے خوش ہون پیر — مہم تھی جو پاونکی سر ہو گئی

سب اچھے رہے مر گئے جب فقیر — گدائی فقط دربدر ہو گئی

عجب رنگ مین رنگ الفت کھلا — شب وصل گھٹ کر جگر ہو گئی

سیہ خانہ میرا وہ تاریک ہی — شب ہجر جس مین سحر ہو گئی

مرے خشک تن ہی ہوئی یہ خجل — پیوست پسینے مین تر ہو گئی

نہ ٹھہری گئی بو غنچۂ گل مین پھر — خبر اوسکی گر منتشر ہو گئی

وہی میری پیری ہی ای آسمان — سحر مین جو شیر و شکر ہو گئی

یہ دیوانے نہی کیا تجھے غنچہ کی بو — چلے جیب تو دیوار در ہو گئی

مجھے خوفِ تیغِ ہوس کچھ نہین — یہی نانِ جو گر سپر ہو گئی

بلا گرد سر میرے یا تنک پھری — کہ آخر کو دستار سر ہو گئی

تری مردمک کا پڑا جب یہ عکس — وہی دیکھنے کی سپر ہو گئی

یہ سمجھی دمِ ضبطِ سوزِ درون — گھٹا دود دلکی جگر ہو گئی

جوانی سے بہتر وہ پیری ہی چرخ — جو کافورِ زخمِ جگر ہو گئی

تمھین بھی رہا تیغ ابرو کا ڈر — جبھی مردمک بھی سپر ہو گئی

سوکھا یا کسی گل کی فرقت نی یہ	کہ کانٹا ہرا اک شاخ تر ہو گئی
بتون نے کرم کی جو پھیری نظر	خدائی ادھر کی ادھر ہو گئی
اوڑا شب ہجر کافور زخم جگر	کہ بیدز و تے سمجھے سحر ہو گئی
نہ کہنا مجھے صاحب راز عشق	جگر کو جو دل کی خبر ہو گئی
پڑی بحث جب کفر و اسلام مین	ادھر بت خدائی ادھر ہو گئی
مجسم گنہ نے یہ آخر کیا	کہ دل کی سیاہی جگر ہو گئی
بدلتے ہی کروٹ کے اے آسمان	شب وصل ادھر کی ادھر ہو گئی
دیا ساتھ مشکل مین فوراً امرا	اگر بیکسی کو خبر ہو گئی
مجھے خوف طول شب ہجر کیا	اوڑا رنگ رخ جب سحر ہو گئی
نہ او تری فقیری کے اعجاز سے	کلاہ گدا تن پہ سر ہو گئی
مقدر کی گردش سے آخر بلا	یہ لپٹی کہ شال کمر ہو گئی

سخن سی نکیون ہونہین راس الہٰیں | زبان شمع کے تن پہ سر ہو گئی

غزل ۹۴

بڑھاپے مین ماہر نہ چل راہ جرم
ٹھہر جا کہ اب دوپہر ہو گئی

شعر ۳۶

مجکو مہمان سی مروت بھی حیا بھی آئی
جان لیکر گئی گھر مین جو قضا بھی آئی

جان لینی کا جو تہا کام قضا بھی آئی
...ی ہوس پاس ہمارے نہ ہوا بھی آئی

...یر کے کہنے پہ ہوس کیا کہ ہوا بھی آئی
دم ذرا سا جو دیا مین نے قضا بھی آئی

...وا می غفلت کہ نہ کچھ اونکو صدا بھی آئی
...ور کی زنجیر مری آہ ہلا بھی آئی

آج کچھ نکہت گیسوے رسا بھی آئی
مرض عشق بڑھا جب تو دوا بھی آئی

مین جو آیا تو زمانے مین بلا بھی آئی
بزم مین شمع کی آتے ہی ہوا بھی آئی

مجکو اوس وادی پرہول مین لایا ہے جنون
قافلہ کیا نہ جہان بانگ درا بھی آئی

ہاتھ مین آئنہ و شانہ وہ لیتی ہی ہے
بگڑی زلفونکو مری آہ بنا بھی آئی

عذر ذکر کے مرا غیظ مین وہ لیتے ہین
تجکو بگڑی کبھی بات اپنی بنا بھی آئی

مجکو تھی بوالہوسی سے یہ جہا کین نفرت
حرص سمجھا اوسی گر پاس ہوا بھی آئی

رنگ سیوم مین کھلا اسکی محبت کا مجھی
رنگئے دست صبا پھول اٹھا تو بھی آئی

پینچدار ایسے ہین کوچے ترے گھر کے ایدوست
ٹھوکرین کھائین جو فکر شعرا بھی آئی

خلوت یار مین بیگانوں کا آنا کیسا
سر دھنا شمع نے گر باین ہوا بھی آئی

اب تن زرد مین کس منھ سے دکھاؤن اونکو
زعفرانکو جو ہنساتا تہا ہنسا بھی آئی

یہان نسیم سحری ٹھوکرین کھاتی ہی ہی
تیز دست آہ مری ونکو جگا بھی آئی

اپنی تنہائی سی مضطر نہ تم تنہا ہین
تھم گیا دل مرا جس وقت قضا بھی آئی

مین نہین اک تری گہر دور کے سب آتے ہین
سانس پھولی ہوئی تھی جبکہ ہوا بھی آئی

طاعت حق پہ نہ بگڑین یہ سمجھکر اصنام
مجکو بھولے سے کبھی یاد خدا بھی آئی

مجکو تعجیل اوسی جان کے لینے مین ہے دیر
لو ادا کرتی ہوئی مجھسے قضا بھی آئی

سے تنکے چننے لگا مین زردی تن اپنی
عشق مین تو کشش کاہ ربا بھی آئی

قتل سے تمنے جو کیا قتل کے مشتاقونکو
اس جفا سے ہمین کچھ بوی وفا بھی آئی

مجکو بیخود یہ خط شوق کے آنے نے کیا
نامہ بر کا ہوا دہوکا جو صبا بھی آئی

ناز و غمزہ ہی کو دنیا مین غنیمت سمجھون
سامنا مجہسے قضا کا جو ادا بھی آئی

مرسلونکو ہو نکیون خوف دم روز جزا
سب تو تجھے امت محبوب خدا بھی آئی

ضد تری کونسی دنیا کی ہشی نی رکھ لی
پاؤن پھیلانے جو تونے تو حنا بھی آئی

مثل شبنم چمن دہر مین روئی ہر شے
ایک کرنیکو لہو پانی حنا بھی آئی

رنگ حاجت چمن دہر مین پھیلا اتنا یو ہین
سب تو سر دیکھنے کو ہاتھ جفا بھی آئی

حیا کے اب دیکھ لینی پردہ اوٹھین جو حجاب
آہ آنکھونکا حجاب ان کی اوٹھا بھی آئی

اب مری لغزش پا کا ہے مرا ہا ساقی
دیکھ لے جھومتی گردون پہ گھٹا بھی آئی

اب سکندر سی کہو صنعتین سب ہین بیکار
میری حیرت اوٹھین آئینہ دکھا بھی آئی

یونہی کیا کم تھی وہ ہاتھون نہ او ر نیا گل پھولا
شاخ مین شاخ لگا نیکو حنا بھی آئی

کھا یو ہین رنگ اسیری کا جہانمین کیا کم
ہاتھ بند ہوا نیکو دنیا مین حنا بھی آئی

تیز دستی یہ ہی چھپکی تھی نہ وہان آنکھ ابھی
آہ پر درد مری سُرمہ لگا بھی آئی

غیبت دل سی مری نزع مین آیا کوئی
فرض ادا کرنیکو آئے جو قضا بھی آئی

باغ عالم یونہین جلتا تھا تو نکے ہاتھون
آگ مین آگ لگا نیکو حنا بھی آئی

غزل ۹۵ — شعر ۲۱

اسقدر بھی کوئی تربت پہ ٹھہرا ماہر
کچھ اگر ہی سے ہمین بوئے وفا بھی آئی

عبث جہانمین کب زلزلے ہین آئے ہوئے
تڑپ رہے ہین لحد مین ترسے ہوئے

نہ پوچھو کچھ یہ کون آتے ہین بنائے ہوئے
یہی ہین جنکی ہین یا ہم خاک مین ملائے ہوئے

عوض مین آہ کے ہنستے ہین منہ سے گھبرائے ہوئے
یہی ہین لوگ جنازے پہ پھر آئے ہٹے

تم اہل بزم مین سے ایک کو تو دو بوسہ
فقیر بیٹھے ہین سب آ سر لگائے ہوئے

طریقِ عشق مین آتی ہی یہ صدا مجکو
خطر کی راہ ہے رہرو قدم اُٹھائے ہوئے

عصا کے شیشہ وہ ہے ساقیا کہ زاہد کیا
سنبھل گئی ہین شیخ انسے بھی لڑکھڑائے ہوئے

رقیبِ رستمِ دستان ہو گر تو کیا ہوگا
تری پھبکیتیون کے ہم ہین مار کھائے ہوئے

خدا ہی حشر مین دستار قاضیون کی بچائے
مغان کے ساتھ ہین شیخ انکے غول آئے ہوئے

نہ اوگلی میان سے کسطرح تیغ او قاتل
ہماری قتل پہ ہے نے آستین چڑھائے ہوئے

یہ کون لیگیا پہلو سے کیا ہوا یا رب
ابھی تو دیر ہوئی تھی نہ دلکو آئے ہوئے

مین ہی نہین ہون تمہی شمعِ رخ کا پروانہ
چراغِ شام ہی ہے تجھسے لو لگائے ہوئے

ہے شکل اونکی دمِ صبح شام صلت ہے
نگاہ نیچی ہی بیٹھی ہین سر جھکائے ہوئے

صدا یہ ہچکیون سے دیکے مر گئے عاشق
جنازہ لاؤ وہ گھبرا رہے ہین آئے ہوئے

وصال کا تو بھلا ذکر کیا ہے فرقت کا
وہ داغ ہے جسے چھاتی سے ہون لگائے ہوئے

بہے وہی مری آنکھون سے اشک بن بنکر
جگر کے زخم تھے پانی جو کچھ چرائے ہوئے

دلونکو عاشقونکی سچ تو ہی وہ کیا جانین
کہین ٹوٹے ہوے ہونگے جلے جلائے ہوے

او تر رہی ہے گلو مین شال آب جہری
کچھ اس ادا سی وہ سینہ کو ہین دبائے ہوے

نشان وحشیو منزل کا مل ہی جائیگا
چلے چلو کسی جانب کو منھ اوٹھائے ہوے

نہ پوچھو عشق نظر مین کر کیا گذری ہے
تڑپ رہا ہون کلیجے پہ تیر کھائے ہوے

اوہنین کا بوجھ نہ اوٹھ جائے یہ ڈرتا ہون
وہ لاش اوٹھاتے ہین اپنی لاش ناز اوٹھائے ہوے

غزل ۹۶

شال دن رخ روشن ہی کسکو ہی ماہر
چراغ شمس و قمر ہی ہین جھلملائے ہوئے

۲۵ شعر

طپان ہون یون ہی تیر مژگان سے دل لگائے ہوئے
شکار جیسے تڑپتا ہے تیر کھائے ہوے

وہی ہین پھیر کے جنازہ سی پہ آج آئے ہوے
ادہر جو دیکھتی ہین منھ ادہر پھرائے ہوے

ادہر ہے ایک دل زار دیکھیے کیا ہو
مژہ کی صف ہی پرا اوس طرف جمائے ہوے

تمہاری زلف کو دل دیکھکر یہ کہتا ہے
یہ ابر آیا ہے بجلی کہین گرائے ہوے

گہر اونکے جا کے سنا یہ عوض مین خط کے ۔ سر اتہی کیا جو چلی آئی منہ اوٹہائے ہوئے

عقب مین اشکونکے یون دل کا زور آتا ہے ۔ کہ جیسے فوج کو آئے کوئی دبائے ہوئے

پتا یہ کوچۂ دلدار کا ہے اے قاصد ۔ ہزارون بیٹھی ہین یان وہان دہونیان رمائے ہوئے

عبث گمانِ بد اونپر نہین ہلی ہی قدرت ۔ کہین وہ پانو کہین دل ہین نہائے ہوئے

مناسب آپکو بہی وزرِ حشر ہے آتا ۔ اوٹہی ہین آپکے سب خاک مین ملائے ہوئے

نصیب انکو نہین کہلتی ہین دیکہی کے ۔ بڑھے ہین قتل کو وہ آستین چڑہائے ہوئے

ہزار حیف کہ مردہ کہین اونکین بیدرد ۔ کبہی جو سوئین سر ابہر کے جگائے ہوئے

گناہگار انکو دیتی ہین غسل کیون سرِ مرگ ۔ یہ آپ ہین عرقِ شرم مین نہائے ہوئے

دل و جگر کی تمنائین قتل ہوتی ہین ۔ اوجڑتے ہین مری گہر بسے بسائے ہوئے

ادبار اوبال کے دعا دے رہے ہین شیشے بہی ۔ مغان چلی ہین جو ہر مست کو جہکائے ہوئے

دمِ وصال کچہہ آیا جو ہے خیال اونکو ۔ بدن ہی سرد پسینے مین ہین نہائے ہوئے

دلون مین بعد قضا بھی نکیون ہے سوزش
چراغ شعلہ رخونکی ہین یہ بجھائی ہوئے

نہ دل ہین حسرتین اب ہین نہ دل ہی سینے مین
بتونکی راہ مین بیٹھے ہین گھر لٹائی ہوئے

یہ گرم صحبت پیر مغان ہی مستون سی
شراب خانہ مین شیشی ہین جوش کھائی ہوئے

ادھین سے کوئی ہماری وفا کا پوچھی حال
جو ذبح کر رہے ہین آستین چڑھائی ہوئے

تقاضہ سن کا ہے اکڑ کے نیچی سی راہ چلو
ادا یہ کہتی ہی چال اور بھی بنائی ہوئے

علاقہ قطع نہین گو لیی وہ جاتے ہین
چلا ہے دل بھی تو پہلو مراد بائی ہوئے

دلونکو دیکھ کے ناوک فگن کہتے ہین
اوٹھا لو انکو نشانے یہ ہین اوڑائی ہوئے

شب وصال وہ سر رکھ کے سینے پہ سوتی
تڑپ رہا ہون وہ تکیہ گلی لگائی ہوئے

امید اب تری دیدار کی ہو کب قاتل
گلے پہ تیغ بھی رکھی تو منہ پھرائی ہوئے

غزل ٩٧	خفا ودکھون سے ملی گر تو خوب ای ماہر ملے شہید دکھین خود ہی لہو لگائی ہوئے	شعر ٢٢

وحشی خجل ہین پاؤن جو گھر سی نکال کے
شیشے ہین آبلے عرق انفعال کے

بیٹھے ہین دلکو پھینک کے مشتاق چال کے
گھر سی قدم نکالیے گا دیکھ بھال کے

ہنگام حشر سامنی ہون ذوالجلال کے
سوچا کہان ہین پاؤن لحد سی نکال کے

وحشت مین کیا ہین چال چلو دیکھ بھال کے
پردے پٹے ہین آنکھ پہ چشم غزال کے

اوس قبر زار مین ترے وحشی چشم ہین
جیسے چراغ جلتے ہین دیدۂ غزال کے

وحشت جنون مین ہی ترے وحشی کا یہ جلوس
شیرونکے غول پیچھے ہین آگے غزال کے

سو دردِ سر اوٹھین ہین کہ بوسہ دو یکی ایک
سچ ہی بلا مین پڑتی ہین صیدِ قسم کو ٹال کے

مجرم وہ تھا کہ خوف سے تاثیر جرم کے
بھاگے ملائکہ بھی دوزخ مین ڈال کے

اون مدفنون مین ہین ترے وحشی پس فنا
گنبد بنی ہین جن پہ غبندِ غزال کے

ہین تیغ جان وہ شے ہے کہ انسان کا ذکر کیا
مر مر گئے ہین شیر زبانین نکال کے

خالق جزا اخیر دے مردان عشق کو
دیدی ہے تیغ میان سے اونکو نکال کے

کیون دام آسمان مین نہ عالم اسیر ہو
جسکو نجوم کہتی ہین حلقی ہین جال کے

جادے نہین ہین وادی آب مین مری
دکھلا رہے ہین کہ وہ زبانین نکال کے

وحشت مین تیری چشم کا جب آگیا خیال
مژگان بنائی پاؤن سے کانٹے نکال کے

انجم ہین کب عیان شب فرقت مین افلاک
ذرے بلند ہین مری گرد ملال کے

وصلت تو در کنار ہی تھی جا قیس اہی
محمل سے کوئی منہ جو دکھا دی نکال کے

نافے نہین ہین جا تکی وحشی چشم یار
دل رکھ گئے ہین قبر پہ آہو نکال کے

پی جسمیونکا جب سے ہی آیا مجہی خیال
ہین بنگئے سب بت گلی نقش خیال کے

احباب بھی گئی ہین لحد بھی ہوئی ہی بند
ای درد اب مزے ہین جواب سوال کے

انجام کیون نہ وحشیونکی غم کا ہو خوشی
بنتی ہین خون خشک سی نافے غزال کے

کھائی ہین سیر دشت جنونمین جو ٹھوکرین
دو ہو گئی ہین پیچ سے سم ہر غزال کے

ای اجل پاس مرے رکھے یہ کیا ہوتا ہے | دم وہ لیتا ہے مسافر جو تھکا ہوتا ہے

سب کے ہاتھم کا کمان رسم ادا ہوتا ہے | ایک دل ہی ہے کہ مرتا ہے تو کیا ہوتا ہے

کہدو اونسے جو دم مرگ اونرا ہین روا | مجھسے پردیکین محبت کے یہ کیا ہوتا ہے

حسن او عشق مین جب معرکہ پڑتا ہی کوئی | نبت اودہر ہوتے ہین اس سمت خدا ہوتا ہے

سرہی ہوتا ہون سبکدوش الٰہی شکر | تیغ کا حق مری گردن سے ادا ہوتا ہے

مہربان چین جبین کو مری رہنے دیجیے | کہین مٹتا ہے جو قسمت کا لکھا ہوتا ہے

آئے کیون رونیکی آواز نہ پہلو سی مجھے | دل مریجان کلیجے سے جدا ہوتا ہے

واہ رے سن دم نزع یہ فرماتے ہین | آج کیا درد کلیجے مین سوا ہوتا ہے

ہر گلی سی نکل آئی ہی تڑپکر نکہت | کہین قیدی قفس کو بھی رہا ہوتا ہے

مرتے دم سر یہ ردا ڈالتے ہو سر کو بھی | نزع والے کا کہین منہہ بھی ڈہپا ہوتا ہے

پاؤن کیا میری ہی بیٹھے رہین وقت آخر | قدم شمع بھی کچھہ حد سے بڑھا ہوتا ہے

شرر و برق کو رکھے نہ کوئی پارے کو
میرے دم بھر کے تڑپ لینے مین کیا ہوتا ہے

چوم لیتا ہون جو سوتے مین کفِ نازک کو
اوسی بوسے کا نشان دُزدِ حنا ہوتا ہے

سب اسیرانِ قفس دیکھکے رہجاتے ہین
ساتھ والون سی اگر کوئی رہا ہوتا ہے

اب نکلتا ہے رُکا دم کوئی تھامے مجکو
تیر اٹکا ہوا سینے سے جدا ہوتا ہے

شمع تھوڑی ہون کہ اک شب مین گھلکر رہجاؤن
دشمنِ جان مرے سر پہ ہے تو کیا ہوتا ہے

مین بھی نادان ہون کہ بیدرد سے نکلے آگر روؤن
رات بھر شمع جو روتی ہی تو کیا ہوتا ہے

کی ہی جرات تو کہا شوکت شاہی کو بھی در
تاج دیتا ہے تو کشکول گدا ہوتا ہے

خون ناحق کی حسینونکو بھی ملتی ہی سزا
ہاتھ مہندی ہی کے حیلے سے بندھا ہوتا ہے

کوئی آزردہ ہے شمع سے نہ شبنم سے تو تنگ
اک مرے رونے مین کیا جانیے کیا ہوتا ہے

ادھر طرف غیظ و غضب مین تو ادھر صبر و رضا
معرکہ قہر کا ہے دیکھیے کیا ہوتا ہے

غیر ممکن ہے کہ یون جائے مرا سوزِ الم
شمع کو شعلہ فنا کرکے فنا ہوتا ہے

ہوہی جاتی ہین مری اوسکی دکھونکی باتین
گو کہ منھ زخم کا ٹانکون ہی سے سیا ہوتا ہے

باندھی جاتی ہی ہوا بس کے پسینے مین وہان
سچ ہے ڈر عطر کی چوری ہین سوا ہوتا ہے

ہاتھ اونکی مری منھ پر ہین ہٹاتا ہو نہین
وصل مین یون ہی کبھی اونسے گلا ہوتا ہے

جیت لیتا ہو نہین بازی اجل مر مر کے
دم نکلجاتا ہے مشکل مین تو کیا ہوتا ہے

پہلے کچھ اور تھا دل اب ہے تڑپنے مین کچھ اور
اسکو الٹ پھیر مرا للہ یہ کیا ہوتا ہے

تو بجھتے پھرتے ہین یا وقف رسم ماتم
کوئی ارمان جو مر جائے تو کیا ہوتا ہے

اونگلیان ٹیک کے کیونکر نہون وہ فاتحہ خوان
ایک حضیرہ قبر شہدا ہوتا ہے

منھ مین زخمونکے بھی پانی سا بھر آتا ہے
درد مین کیا مرے اللہ مزا ہوتا ہے

دم نکلتے ہوئی دیکھا تو یہ بولے ڈر کے
ارے مجھسے بھی تو کہدے کہ یہ کیا ہوتا ہے

نالے منھ کر کے سوئے باغ کئے کیون مین نے
اتنی سی بات پہ صیاد خفا ہوتا ہے

کیون تشنج سی گونگی نہون وہ ہر دم مرگ
تار کھنچتے ہین جو مسطر کے تو کیا ہوتا ہے

قافلہ نالۂ بلبل کا وہین جاتا ہے
نکہتِ گل کا جہان شہر بسا ہوتا ہے

سبزہ رنگونکی محبت مین یہان زرد ہوئے
رنگ مسموم کا سنتے تہے ہرا ہوتا ہے

صبر پڑنے سے حسینونکے معلوم ہوا
بت جدہر ہوتے ہین اوسمت خدا ہوتا ہے

عطر کے چور کی تو فکر ہوا کرتی ہے
کونی پوچہے کہ عرق جسم کا کیا ہوتا ہے

دم بخود کیون نہ رہون بحر مین مانند حباب
سانس لیتا ہون تو ہمدم تن سی فنا ہوتا ہے

اک مرا قتل تہا جسکا ہوا پرسان کوئی
ہاتہہ بندہے ہین جب خونِ حنا ہوتا ہے

بعد شاہی کے شہنشاہ بہی ہوجاتا ہے
چتر مین بہی اثر ظلِ ہما ہوتا ہے

انقلابونمین بدلجاتی ہی شکلِ شاہی
تاج اولٹا ہے تو اک جامِ گدا ہوتا ہے

حبس قفس مین جو مین رہتا ہون تو دم گہٹتا ہے
نالے کرتا ہون تو صیاد خفا ہوتا ہے

خود بخود آج ہے بیچین جگر سینہ مین
کون یا رب مرے پہلو سے جدا ہوتا ہے

واہ رے بخت کے وہ سیر کو جاتے ہین تو کب
دم جدا ہونکا جب آنکہونمین رکا ہوتا ہے

شامیانہ ہو کہ تصویر ہو یا عطر و گلاب
جو مری قبر پہ آتا ہے کھنچا ہوتا ہے

بہہ ہی جائیگا اگر آئینہ ہے غم سی پانی
لاکھ پتھر کا کلیجہ ہو تو کیا ہوتا ہے

چار تلواریں وہ ابرو و مژہ خود بینی ہیں
دیکھیں اب آئینہ کی جان کا کیا ہوتا ہے

غزل ١٢٨

دیکھیں پھر بھی کبھی آتا ہے یہ دن ای ماہر
قیس لیلی سی گلے ملکے جدا ہوتا ہے

شعر ٣٨

تمہاری بات تو کلول سنکے کیوں ہنسا نکرے
زبان تو نکی کسی پر کھلے خدا نکرے

حنا اگر کف نازک میں اونکی جا نکرے
تو چلوؤں مرا خون جگر گھٹا نکرے

رضا کی ہو جو منافی وہ التجا نکرے
طلب سے ہاتھ اوٹھائے مگر دعا نکرے

نشان پا یہ کوئی ہی کہ جو جبا نکرے
زمین کا کوئی پیوند ہو خدا نکرے

زمین پہ گرکے یہ کہتا ہے پیر کا سایہ
ضعیف ہو تو عصا کا بھی آسرا نکرے

وہ ضعف اور وہ تڑپکر مرا اگھڑے ہونا
بٹھا دے درد دیکو تو پھر اوٹھا نکرے

نکل کے سن سی یہ کہتی ہی خاک مجنونکی — بشر جہان مین سب کچھ کرے وفا نکرے

پسینے پر جو گرا یا کرین تم خون عاشق — تو اونکا ایک لہو پانی پھر ہوا نکرے

میان چشم نہین تل نشان پا کیونکر — ہماری آنکھو نمین وہ کل گر پھرا نکرے

وہ میری نزع مین حیران ہو گئی تو کہیدو — اجل بھی تم ہو کہ وعدے پہ جو وفا نکرے

شفق کے نام سی گردونکا رنگ کیون نکلے — گر آنکھ سی مری خون جگر بہا نکرے

ادھر کو قیس تڑپتا ہے اوسطرف لیلی — خدا ملای جو دو دل تو پھر جدا نکرے

نہ ہم ہی خاک کے تودو نمین پا دل ڈہونڈین — ہمارے سامنے گر یون اگر جلا نکرے

خیال دل مجھے یاد شن بخیر آتا ہے — چراغ جل کے مری سامنے بجھا نکرے

مثال دانہ بارود بر دئے آتش ہون — نہ ہوش اوڑین جو چمک درد کی بڑا نکرے

مثال دست دعا گر کبھی نظر آجائے — کسیکے در پہ توجہ تیر اگدا نکرے

بنا ہون ضعف سے اسپند مجمر آتش — اوٹھو نہین خاک اگر درد دل اوٹھا نکرے

نہ کہدین لٹکی ہوئی گر بھوین اشارے سے
یہ پیش قدمیان مجھپر کبھی عصا نکرے

جو تھوڑی دیر نہ ہاتھونکو دھوئین وہ اپنے
کرے وہ کام مرا خون جو حنا نکرے

چھپاؤ دلمین جو باتین وہ منھہ پہ آجائین
کسیکا رنگ اب اتنا کھلے خدا نکرے

نظر لگی ہی ہمین گر تو چشم جوہر کی
کسیکا اتنا ہو ہلکا لہو خدا نکرے

وہ روئین نزع مین میری تو کوئی یہ کہدے
قضا یہ فرض جو ہو کسطرح ادا نکرے

حسین ہو نہ تری طرح گر تری آواز
حجاب گوشمین پھر اسطرح چھپا نکرے

پڑا ہون دور مین اتنا کہ گر پڑی تھک کے
اجل جو راہ مین دم جا بجا لیا نکرے

ہماری دکھتی ہوئی دل لیے گر نہ پاؤن پڑے
قدم زمین سی ہر گام پر اوٹھا نکرے

غضب تو یہ ہوا رونے لگے وہ گھبرا کر
جگر مین درد ہمارے تو اب اوٹھا نکرے

اگر کے چپکے سی چلنی پہ تو یہ پوچھو لی
خبر کسیکو مری دل لگی ہو خدا نکرے

لہو کے اشکون سی کسطرح روئی تیغ تری
وہان زخم سی بسمل اگر گلا نکرے

ہنسا مین روُنے پہ اپنے تو یہ وہ کہنے لگے
کسیکی آنکھہ کا پانی ڈہلے خدا نکرے

صدا جو سنتا ہے منھ پھیر کر وہ رد ہے
کسی کا حال اسیر قفس کہا نکرے

اگر کے کہتے ہین سینہ پہ ہاتھ شمع کی بعد
انہین گلے سے لگاتے تو پھر جدا نکرے

عدم کی راہ دم شمع سی نہ ملی ہوا گر
ہر ایک رگ سر پاؤنکی یون کھنچا نکرے

نہ بوہی پھوٹے کسی پہ کھلے نہ راز کوئی
گلی صبا سے اگر حال دل کہا نکرے

کچل کے پاؤنکے نیچے دل نے دی آواز
کہ چلے تمہاری طرح بھی کوئی خدا نکرے

مٹے ہوؤنکی ہوا مین یہ خاک کہتی ہے
وفا بتون سی کوئی بندہ خدا نکرے

مین دلکو روکے کلیجہ نہ تھام لون کیونکر
کسیکے مال پہ پانی پھری خدا نکرے

جتاے جاتے ہین احسان جو نیند اوڑ نیکے
گراہنا مرے دل کا کوئی سنا نکرے

غزل ۱۲۹

عدوی جان سی کوئی تو یہ کہدی ای ماہر
قضا سی کہہ دو وہ لے جو تری ادا نکرے

شعر ۱

آجتک تو نہ کبھی حشر کی نوبت آئی
صور نے پھونک دیا کیا کہ قیامت آئی

کچھہ تو منعم کو بھی غیرت تہِ تربت آئی
جب دفینہ کے سر کتی ہوئی دولت آئی

ضعف کیسا تھا اٹھنی جنکی نہ نوبت آئی
غش سے چونکا نہ گیا اک زلف کی نکہت آئی

دل دکھونکو صفتِ آبلہ رقّت آئی
زیرِ پا نقش قدم کی بھی جو تربت آئی

حسن کے رعب کی آخر کو یہ نوبت آئی
اور تو اور ابھی تک نہ قیامت آئی

ساتھ پردونمین بھی چھپتی نہین اچھی صورت
کھل گیا صاف آنکھونمین مروّت آئی

فرقتِ گل مین غش آئی جو لگا بلبل کو
صحنِ گلشن سی تڑپتی ہوئی نکہت آئی

قبر مین ہجر کے جاگونکو ہوا یہ معلوم
آنکھہ سے لگنے بھی نہ پائی کہ قیامت آئی

ہمتو واقف بھی نہ تھے حشر سے اس سر کی قسم
آپ آئے تو یہ سمجھے کہ قیامت آئی

شعر ۳۱	اپنی تسکین کرے کیون نہ اسی سے ماہر دل گیا جب تو یہ سمجھا کہ طبیعت آئی	غزل ۱۳۰

بوسہ دیتے تو دیا منھ کی رو دکھائی نہ گئی
صلح ہونے پہ بھی وہ اونکی لڑائی نہ گئی

گر تلون تھا تو کیون منھ کی دکھائی نہ گئی
سست بازی ہی گئی ورنہ کج ادائی نہ گئی

ہر طرح کی یوہین بات اونسے چھپائی نہ گئی
جیسے آئینہ کے دیدہ کی صفائی نہ گئی

جنبش ابرو کی کبھی تم سے دکھائی نہ گئی
کیسے جلاد جو تلوار لگائی نہ گئی

جان اجل سے مری پردے مین چھپائی نہ گئی
اک ادا بھی کوئی شوخی تھی کہ ڈہرائی نہ گئی

دور پر چھائین ہی پاس بلائی نہ گئی
وصل کیونکر ہوا جب اصل جدائی نہ گئی

حکم دوری رہا پر چھائین بلائی نہ گئی
وصل جتنا ہوا اتنی ہی جدائی نہ گئی

نسبت تربت کی جگہ بھی چھپائی نہ گئی
خاک ہوتے تو ہوئی دل کی صفائی نہ گئی

دل وہ تھی جس سے جلائی نہ گئی شمع کبھی
اور جو بھولے سے جلائی تو بجھائی نہ گئی

سرخ ہوا شفق شام کو اپنے ہاتھون
مہندی کیون آج کف پا مین لگائی نہ گئی

نہ کھلی بال بنا بر لحد پہ ما نا
مسکرا دینی سے بجلی بھی گرائی نہ گئی

سنے بلائے ہوئے آپکا ہوا یہ انجام ‎— آج تک موت کسی گھر مین بلائی نہ گئی

پہنچی نظر دنکو بہانا تو وہان خوب ملا ‎— حالت صلح جو تہی آنکھ لڑائی نہ گئی

جذبۂ دل نی اثر اتنا تو دکہایا تہہ قبر ‎— جب سواری ادہر آئی تو بڑہائی نہ گئی

جنبش ابرو کی بھلا مجہکو دکہا سکتے ہو کیا ‎— پوری تلوار کی اک ضربت لگائی نہ گئی

مٹی دیکر مجہے جاتے ہین عجب چال سے وہ ‎— شمع سی قبر پہ پہلو کی بنائی نہ گئی

وہ تو وہ ہی ہین وہ بیٹھین سوکے تو بہم ہونگے یون ‎— باس پہولونکی کبہی ہان کچھ ادائی نگئی

سچ تو ہے آتش پی دفن اوٹھاتی کیونکر ‎— اوج پیچ اونکو زمانیکی بتائی نہ گئی

میرا مرنا ہوا دنیا مین دوبارا مشہور ‎— جب زمین دل کی تڑپنی سی ہلائی نہ گئی

سر مرا لو دھڑ ہو تو کہین لوگ یہ کیون ‎— زہر مین حسن کی تلوار بجہائی نہ گئی

جنبش ابرو کی وہ آئینہ مین خود دیکہتی ہین ‎— ہمسے دشمن کو بھی تلوار لگائی نہ گئی

ایک مین ہون کہ اوٹہایا کیا ناز اونکو مدام ‎— ایک وہ ہین کہ مری لاش اوٹہائی نہ گئی

مرتے جیتے جو ہین دنیا مین ہین اور بہی لوگ
جان ہم مین تو کسی وز نہ آئی نہ گئی

خاک جسطرح جلا کر کیے دل لوگون نے
ہمسے تو شمع بھی اسطرح جلائی نہ گئی

تم بھی اک نام کو تھی اصل تما سب دیپہ بوجہہ
لاش کینچن تمسی مریجان اوٹھائی نہ گئی

نیچی نظرون سے ہمسین بھیکگئی دیکھین مریجان
زہر مین آج جو تلوار بجھائی نہ گئی

سبکو تو چھیڑتے تھے ہمین بچانی کیا تہا
موت عاشق کی جو آئی تو ستائی نہ گئی

جان وہ مانگتی اور اونسی نہین ہم کرتے
موت آئی تو یہان آنکھ چرائی نہ گئی

کاندھے جو دیگئے ہین اونسے یہ کوئی کہتا
تم نہ آئے تو یہان لاش اوٹھائی نہ گئی

کہکے یہ روزن تربت سے مین سر کا آخر
اسطرف سے وہ سواری تو نہ آئی نہ گئی

غزل ۱۳۱	کسکے مرنیکو سوائی دل ما ہر نہ سنا اک یہی تھی خبر ایسی کہ سنائی نہ گئی	شعر ۱۳

ہمین پیری مین یون چھوڑا ہماری زندگانی نے
کہ منہ ڈہانپا نقابون مین حسینونکی جوانی سے

تجلی مین دکھایا اپنا پر تو یار جانی نے ‎ ‎ کیا کچھ اور سنایا کچھ صدائے لن ترانی نے

فنا مجھکو کیا یونہین مری رنگین بیانی نے ‎ ‎ کھلایا شمع کے جسطرح تن کو گلفشانی نے

پھرین آنکھین نہ سوئین ہم بھی لیں ہو سیدھی کبھی ‎ ‎ یونہین سونا سکھایا تھا انھین خواب جوانی نے

جھکین گردن الٹی آنکھین دیکھلو سینہ کی بھی چھاتین ‎ ‎ خبر لو سر اوٹھایا ہی بہت اوٹھتی جوانی نے

قدم اونکی بھی ٹھہری چال چلتی آگے ترتیب پر ‎ ‎ نشان کیسا مٹایا تھا ہماری بے نشانی نے

کھلین آنکھین نہ سوئین ہم بھی اونسی جو نہین پوری ‎ ‎ بھری تھی نیند ایسی اونکی آنکھوں مین جوانی نے

یہ حالت تھی کہ منہ بیٹھے ہو دیکھا کیے ہم بھی ‎ ‎ کلیجا رکھدیا ہاتھوں سے ملکر ناتوانی نے

وہی تھی سوکھے اوٹھنی ہین جو نکلی اشک تن بنکے ‎ ‎ بکھرے تھی کہ نکلکر موتی آنکھوں سے جوانی نے

عصا کی بھی کمر دوہری ہوئی جاتی ہی لنگر سی ‎ ‎ یہ ہم پر بوجھ ڈالا ہے ہماری ناتوانی نے

قبا مسکی پسینہ آگیا گرمی سی کی اُف اُف ‎ ‎ لگایا جب گلے اچھی طرح اونکو جوانی نے

ردا سرکی ہی سر کی ہی خبر کچھ بھی نہ تھی سوتے نہین ‎ ‎ انھین بہو بیٹیوں سے سر اوٹھایا جوانی نے

غزل ١٤٢

شعر ٩

کم ہو گئی تھامنا کلیجہ اپنا ماہر نے
کیا کچھ اسطرح رخصت اسے زور جوانی نے

دم مین ہین قالب جگر پاؤن تلے آنے والے
تیکھی نظروں ہی کے کچھ دیکھلے چلنے والے

پھینک دیتا ہو چمن دیکھا ہوا جب دل اپنا
روک لیتی ہین قدم راہ کے چلنے والے

جیسی جلتا ہے اگر پردۂ خاکستر مین
چھپکے چھپکے یون ہی جاتے ہین جلنے والے

تمنے بھی دیکھ لیا آپکے پیچھے ہو تجھے
ادھری قبر سی کترا کے نکلنے والے

ہنسکے روئی سی ہنسی دل مرا بہجاتا ہے
پاؤن جب جاتی کہ دیتی ہین پتا چلنے والے

بو ابھی دور کے دیگئی ہے مجکو خبر
عطر ملتے ہین کلیجہ ترا ملنے والے

دلکو بھی لیلین نہ کیون سبکی بچاکر وہ نظر
کچھ پڑا پاکے اوٹھا لیتی ہین چلنے والے

جگر و دل مرے مرتے ہین مٹو نزع مین ہون
ساتھ اکدم کے کئی دم ہین نکلنے والے

لینے آئی نہ اونھیں سے تو چمن کیون ماہر

شعر ۱۲	آج ہیں سیر کو وہ گھر سی نکلنے والے	غزل ۱۳۲۳

تمہارے حسن کا رشک آشکار ہو جائے
مژہ بلائین جو بی دل نثار ہو جائے

نہ خال ہی جو وہ خط مہر دار ہو جائے
تو فردِ حسن کبھی بی اعتبار ہو جائے

اولجھ کے صورتِ زنجیر ہر نفس ٹوٹے
جنون مین دل جو کبھی بیقرار ہو جائے

گر آہِ سرد کی تاثیر آبرو بخشے
ہر اشک چشم دُرِ ابدار ہو جائے

وہ ہون جو روشنیِ شمعِ پردہ فانوس
تو کیون نہ حسن کلیجے کے پار ہو جائے

وہ دل جلا ہون لحد سی اگر نکل آئے
ہر استخوان مرا شمعِ مزار ہو جائے

یہ دن چڑھے سے ہی ہر روز کی مراد فلک
شعاعِ مہر یونہین سبکو دار ہو جائے

مین مثلِ بارشِ باران جو بند کرون
تو آب آب کی ہر سو پکار ہو جائے

مثال کلک مصور چلو ادا سی اگر
قدم کے نقش مین نقش و نگار ہو جائے

دکھاؤن خاک کو پڑ دیکھین مین غشِ عشق
دھوان جگر کا زمین کا بخار ہو جائے

ابھی نہ رُوئی مجھی کوئی گو ہوا ہون تمام | زمین کا پہلے کلیجہ فگار ہو جائے

غزل ۱۳۴

ہماری خاک کی اوٹھ بیٹھ کہتی ہے ماہر
نثار او سپہ پشت غبار ہو جائے

شعر ۷۵

حسین فقط اسی تحریک سے سفر مین رہے | بدن سے بو بھی جو نکلی تو یہ سفر مین رہے

کسی کو یاد کیا خود سے گئے گھر مین رہے | اونہین بھی دیکھ لو جو حسرت نظر مین رہے

تمام عمر تو ہین چاک بھی جگر مین رہے | کہ جیسے تیغ کسو کی کمر مین رہے

رہے بھی گر تو وہ کن شیخیون سے گھر مین رہے | کہ آنکھ مین کبھی دل مین کبھی جگر مین رہے

کشش ہی کیا ہوا ہر طرح میر گھر مین رہے | نکلکے بھی صفت بوئے عطر بر مین رہے

نشان الفت پر و نہ کیون جگر مین رہے | وہی ہے تیغ سپاہی کی جو کمر مین رہے

بصورت گل بازی ادھر ادھر مین رہے | ہمین تھے وہ نہ سفر مین رہے نہ گھر مین رہے

مثال آئنہ صورت نما جگر مین رہے | حضور سے بھی بیٹھی تو میر بر مین رہے

چراغ خانہ جو ہو کسطرح سفر مین رہے
بڑھی بھی ہم تو کچھ اسطرح سی کہ گھر مین رہے

مثال شیشۂ تصویر دل جگر مین رہے
کھنچے ہزار مگر ہر طرح وہ بر مین رہے

شفق کے نام سی چشم فلک مین خون آوے
لہو کی بوند جو میری دل و جگر مین رہے

خوشی یہی ہی تو بہتر ہے ہتکڑی ہی سہی
مگر وہ ہاتھ ہین شیشیکو جو کمر مین رہے

اسیطرح سی گھٹ بیٹھے دل جلاتے ہین
کہ جسطرح سی نکلکر دھوان اگر مین رہے

نکل چلی جو وہ دل تو یہی دل سمجھی پتا
سفر مین گھر بھی ہا وہ اگر سفر مین رہے

یہ بات سوچ کے پر قینچ مجکو کر صیاد
چمن چھٹا تو کلی بھی نہ میرے پر مین رہے

قیامت آتی ہوئی نصف راہ سے کتجا گے
اوسی ادا سے اگر تیغ اس کمر مین رہے

مثال بحر روان عمر کی سکون گذری
کھلا نہ یہ کہ رہے گھر مین یا سفر مین رہے

کسی کے بالونکے سنبل کو پیچ کیا ملتے
بچے جو زلف سے کچھ بل وہی کمر مین رہے

لحد مین گر دل سودا زدہ کو ہوا الجھن
نفس کیطرح سے گھٹ گھٹکی بو اگر مین رہے

یہ اڑ یو نہ پہ اشارے سے مڑ کے کتنے ہین بال
نہ جسکی حد ہو وہ سودا کے زلف سر مین رہے

قفس مین لیکی نہ کیون آرزو ٹوٹتی کلیان
نشان باغ کا کچھ کچھ تو بال و پر مین رہے

کھو یہ چاندنی سی یون نہ آسکیگی کبھی
مثالِ بدرِ شش جہت ہو تو میری گھر مین رہے

جھپک جھپک کے بلائین نہ لے مژہ کیونکر
وہ نیند ہے جو تری چشمِ بد نظر مین رہے

مجال تھی کہ سوا اسکے کوئی چھو سکتا
وہ دستِ زلف تھی جو بال سی کمر مین رہے

دکھا کے آنکھونکو جلوہ نہ کسطرح چھپ جائے
شرارت اونکی نہ دم بھر کو گر شرر مین رہے

شبِ شباب کٹی خوفِ روزِ پیری مین
تمام رات ہم اندیشۂ سحر مین رہے

بنا دے قطرۂ آبِ روان جو بخت مجھے
روان وطن مین ہون اور سکون سفر مین رہے

یہ حال نازکیون سی ابھی ونکا ہو چکا ہے
چلے جو دل سی ٹہلتی ہوئی جگر مین رہے

نہین نظارۂ چشمِ سیہ سی جائی عجب
مثالِ میل جو سرمہ مری نظر مین رہے

ہماری سوزِ جگر سے اگر نہو خجلت
چھپا کے منھ کو نہ آتش کبھی اگر مین رہے

دبا دبا کے یہ سر کو لحد مین کہتا ہون
چلین نہ وہ نہ دھمک اسطرح جنکی سر مین رہے

شب وصال اگر جاکے صبح فرقت ہو
تمام عمر چمک سی مری جگر مین رہے

بقا اوسی تو انسانکی ہی مثال حباب
ہوا جہانکی نہ کسطرح میرے سر مین رہے

حضور اور ونکی رونے پہ اتنا کہتا ہون
یہ میری سوکھی ہوئی آنکھ بھی نظر مین رہے

مثال آبلہ ادنی کے دکھ سی دکھ ہو مجھے
دبے جو پاؤن سی کانٹا کھٹک سی جی مین رہے

تڑپ کے جان دی شعلہ بھی گر مرے آگے
شرر کیطرح چمک سی مرے جگر مین رہے

حیا نے وصل کی حسرت نہونے دی پوری
وہ آدھے رہ گئے جب آ کے میری گھر مین رہے

مین رکھکے دل کو تہ فرش جب چلا آیا
تمام رات وہ زانو بدلتے گھر مین رہے

عزیز و دوست پہ کیا یہ بھی تفرقہ دکھا
سفر مین جائین مسافر تو جان گھر مین رہے

دکھا کے شمع یہ کہتا ہون رہنے والون سے
یوہین جو دل کو جلائے وہ میرے گھر مین رہے

نہ ترک ہو رہ مقصد مین بہی ادب مجھسے
صدا اکیطرح پس و پیش رہگذر مین رہے

فقط تھی جان ہی سے قدر اس جلے دل کی
جو یون ہی شرر بھی نکلجائے خاک اگر مین ہے

ملا ہے دل سی اگر دلی تو ہو کبھی یہ بھی
کہین نہ آنکھون مین آنکھین نظر نظر مین ہے

ہماری ہاتھ بہت بڑھ گئے تھے ہجر کی شب
نشان چاک گریبان نکیون سحر مین ہے

نکل چلے کبھی بیہوش ہو کے گر ادہر نہین لینے
خبر وہ پائی کہ یہان در کے پاؤن پر ہے

وہ کیا چراغ مرے دل کو جب بنکے بہلائے
جو خون بنکے ٹپکے تو ہے سحر نظر مین ہے

نہ خواب ناز مین کیون نیم باز رہجائے
جہانکی نیند جو اوس چشم نیم نظر مین ہے

یہ سر کو کھینچ کے کہتی ہے دشت مین وحشت
جو پاؤن توڑ کے نکلے تو خار سر مین ہے

نہ تاب آئی بدن سی نکل کھڑی ہوئی جان
تڑپ تڑپ کے جب آن مر جگر مین ہے

ہراس فوج سی افسر کو کیون ہراس نہو
قدم نفس کا جو اوکھڑے نہ دم جگر مین ہے

ہزارون منزل مقصد پہ سیکڑون پہونچے
تمام عمر ہمین سے کہ رہگذر مین ہے

اوٹھائے شہ کو تو جاتے ہین قافلے والے
تھکے ہوونکی بھی حالت ذرا نظر مین ہے

مثالِ خانۂ تصویر جائی کیدھر نہین
خودی کو چھوڑ کے آئے تو بیخبر گھر مین رہے

حضور حسن محبت بھی ہی طلسم کوئی
کھلین تو دانت ہنسی مین چاک جگر مین رہے

نزاکتو نمین یہ تحریک ہو گئی آفت
دہن سے بات جو نکلی تو وہ نہ گھر مین رہے

چھٹر کے قید سے لائی تو ہے مجھے طاقت
مگر جو پر تھے اوکھڑ کے قفس کے در مین رہے

قدم سے آئنہ خانہ غریب خانہ ہے
وہ ایک بھی ہون تو بستی تمام گھر مین رہے

تمہاری حسن نی ہرجائی کر دیا تمکو
ادہر تو گود مین بیٹھے ادہر جگر مین رہے

نجانین گھر سے وہ کیونکر نکل کھڑے ہین آج
چلے پھر سے اٹھین ایسی جگہ مین رہے

نہ جان نے بھی جگہ قبر تنگ مین پائی
ہما مین تھی وہ کہ قیامت تک ایسی گھر مین رہے

کہین نہ راہ مین نیچی قدم کے آجائے
گرہ مین جو ہے اس آنچل کے وہ نظر مین رہے

جو عکس آئنہ کیطرح آتے جاتے ہین
اب اونکے واسطے کس نے کی وہ گھر مین رہے

کتاب کھینچی شکنجے مین کہتی ہی سب سے
گذر پر آئے تو اسطرح جیسے بھی گھر مین رہے

بچا نہ دل نہ رہی جان نہ جگر چھوڑا
اُجاڑ کر کے مجھے آباد اپنے گھر میں رہے

ہوں مرغِ قبلہ نما کون ہو مرا مہمان
مری طرح سے جو تڑپے وہ میرے گھر میں رہے

وہ عکس آئینہ بنکر مرے ہوئے مہمان
چھٹے حباب ہی سے خود بھی تو گھیر گھر میں رہے

مثال تار کھنچے جنتر میں کیا سرکش
کشیدہ قد ہوا اتنا کہ پھر نہ گھر میں رہے

سلامتی ہی ہے طبیعت پسند ایسے آپ
رہے نہ گھر میں کبھی راہ رو تو رہ میں رہے

حضور آئینہ میں دیکھیے کہیں اور بھی تو
وہ آپ ہیں کہ جو بیٹھ کے بھی جگر میں رہے

مثالِ ساکنِ کشتی مجھے یہ حیرت ہے
قدم جو گھر میں ہیں کہہ دوں تو گھر سفر میں رہے

یہ سر میں توڑ کے کہتا ہے خارِ خانۂ جنون
قدم کا خار قدم میں تو سر کا سر میں رہے

دمِ حباب نجانے کہ کیا کا ہو گیا کیا
یہاں یہ حشر ہوا آپ اُدھر اِدھر میں رہے

نفس کے سینہ ویراں سے جب قدم اُکھڑے
کہا یہ دل نے ہمیں تھے کہ ایسے گھر میں رہے

بھرا ہوا ہی یوں ہیں مجھ سے خانۂ ویران
کہ جیسے ایک اداسی تمام گھر میں رہے

شعر ۹	کچھہ اسطرح سے بجھا ہے دل اندرون ماہر مجال کیا ہے کہ جلتا چراغ گھر مین رہے	غزل ۱۳۵

کیونکر رہے رگون مین لہو جوش مار کے
نشتر پڑین جو موج ہوائی بہار کے

گر ہین یہی عروج جنونِ بہار کے
اک دن شفق بنین گے لہو جوش مار کے

ساقی کرم یہ دیکھہ لے ابر بہار کے
پانی دیا زمین کو تو پھیرا او تار کے

تابوت سے نشیب مین آئے مزار کے
قصے ہوئی تمام چڑھاؤ اوتار کے

ہمسر مرے بنے ہین سر او نیز او تار کے
پردے گرینگے پایۂ سی کیون اعتبار کے

شمعین نہین مزار پہ مجھہ بیقرار کے
یہ مغزِ استخوان ہین زمان فشار کے

جب گُل کیے چراغ ہماری مزار کے
خلعت دیئے ہوا کو زمین نے غبار کے

چھپتے ہین اشک کچھہ مژۂ اشکبار کے
تارے جو ٹوٹتے ہین شبِ انتظار کے

عریان تنی مین لطف نہ گر ہون بہار کے
پھینکے ہوا نہ گرد کا جامہ اوتار کے

اسنے تو کوئی کی تیغ نگہ بہی ہی فشار
کیون میرے آڑے آگئے تختے مزار کے

کھلواؤ منہ نہ قوتِ بازو کو رہنے دو
کاٹی نہ رات ہجر کی تلوارین مار کے

گر یاد عادتین ہون تو شانہ ہلا دو تم
کچھ سو رہے ہین چلین یہی تھامزار کے

سبزے کو ہے بساط بھر اپنی مرا خیال
رہنے دین گریہ دور زمانے والے مزار کے

دہان حسن سبز ہو گیا یہان نیلگون ہو گئین
پھیلی جو زہر شعر مئہ و نبالہ وار کے

پیچ و خمِ غبار کی سلسلے سی ہو اخیر
ڈہانچے نہون کہین یہ مرے جسمِ زار کے

اتنا تھا بس وجود و عدم مین ہمارے فرق
پتلے تھے پہلے خاک کے اب ہین غبار کے

تم میری نبض دیکھکے چپکے ہی ہو رہے
یہ کچھ اشارے ہین طلبِ احتضار کے

پھوٹی کلی نہ منہ سی کوئی باغ مین کبھی
بہت تھک گیا قفس مین گلو کو پکار کے

اتنا بھی میرا ساتھ کسی نے نہین دیا
جتنا کہ ساتھ دے گئے تختے مزار کے

بھولے کو لات مار کے ادھر اداسے وہ
جب پتنگ یاد آئے دلِ بیقرار کے

کم ملی یہ بھی مجھے آنیکی ہو امید ‏ — گر کھل کے کچھ کہین کبھی تجھسے مزار کے

ملتی جہانہین چین کو جا کسطرح کہین — پھیلے ہوئے تھے درد دل بیقرار کے

اب ٹوٹے بازوؤنکی مین تدبیر کیا کرون — توڑا قفس کے در کو تو پر مار مار کے

کھنچ کھنچ کے جان آئے تشنج ہو نزع ہو — ٹوٹین نہ ہاتھ پاؤن کسی بادہ خوار کے

اے شب مین ایک چارہ تدبیر نہین کیا کرون — دل بھی بجھا چراغ بھی تیرے مزار کے

ناآشنائی غم او نہین بھی نجوم چرخ — پھول اڑ گئے ہوا جو میرے مزار کے

گستاخی ملائکہ پر مین نے یہ کہا — یہ تو نہ حکم تھے مرے پروردگار کے

دیوانگان عشق پہ بارش مین وہ کھلو — نشتر بھری تھی دل مین جو ابر بہار کے

وحشت مین دل اٹھا چکا ہے لحد کا سنگ — اٹھجائین لوگ پاس سے میرے مزار کے

وہ مست ہو گیا نہو جو مینا نہین کبھی — خود جوش بادہ لا ہین شیشہ اتار کے

اے آبرو نکلی تو بھی دیکھ ہے یہ کون — باتین ڈھیس سی کرتے ہین تجھسے مزار کے

کیون خود ہی سبزہ رنگ نہون مثل آئینہ — پلٹے ہین کچھ اثر نظر زہر دار سے

ہمراہ بوئی غنچہ کرو تم بھی سیر باغ — سب قفل کہلگئی ہین طلسم بہار کے

مین نی عجب نگاہ سے دیکھا نشیب قبر — نزدیک لوگ لائی جو تابوت اوتار کے

برباد اس خطا پہ ہوئی ہی ہماری خاک — کیون دل مین گھر کیا تہا زمین مزار کے

دشمن یہی ہین تمہارے سب اعضا ہون تو سہی — بازو تو بھر گئے مجھے تلوارین مار کے

لین شمع نی بلائین جو بیکس کی قبر کی — رخصت ہوے چراغ بھی سر کو اوتار کے

خود بھی نگاہ خلق سی پنہان ہوئی ہوا — نقشے بگاڑے اور ہمارے غبار کے

مجرم ہون جو زشت عمل سی خود اونگلیان — پھندی پڑگئی مین تیغ مضراب تار کے

آنکھین مریطر سے پھیرین آئینہ سی بھی — بیٹھے سامنے ہی جو زلفین سنوار کے

سینہ پہ اونکا ہاتھ جب آیا قرار رہتا — یہ بھی ہین طرفہ درد دل بیقرار کے

کیونکر رود غنا کا نہ مطرب ادب کرین — مضراب سے سر جاتی ہی جاوے پہ تار کے

آئی نہ میری شکل کی چھاؤں بھی ایک میں
نقشے ہوا نے لاکھ بنائے غبار کے

سرنج فشار اوٹھا کے جو سنبھلا نہیں ہے دل
چھاتی پہ ہاتھ رکھے ہیں تختے مزار کے

اکرے نشان پاے کسی وضع کو پسند
نقشے زمین دکھاتی ہے تجکو مزار کے

میری عدم کی شکل کے مشتاق ہیں جو لوگ
پردے اولٹ دیے ہیں ہوا نے غبار کے

کیونکر بچیں نہ عقرب ابرو و مار زلف
آفت ہیں نیش سرمہ و دنبالہ دار کے

اللہ ری پاس خاطر دل مردگان خاک
پانی پیا زمین نے تو مدفن پہ وار کے

یہ اپنا اپنا بخت پسینہ پہ رشک کیا
دھوئی وہ پاؤں سرمہ و دنبالہ دار کے

طول امل کی بات ہوئی کچھ جو گوش زد
زخمہ ہٹ آئے چوم کے قدمونکو تار کے

صیاد قید زیست سے بھی میں تو چھٹ گیا
اب کیا تو دیکھتا ہے قفس کو اوتار کے

اہل غنا مریں تو سمجھ یہ بھی مکر ہے
دم ہے سقوط نبض ہے بھی تن میں تار کے

آیا ہوں طی ارض جہان کرکے تا لحد
کتنے ہیں پیچ و خم مری سرنوشت غبار کے

کیون آفتاب حشر سی مانگین نہ سب پناہ
پھنکا تھا مین نے زخم سے پھاہا اوتار کے

ہمتو ہین پی نصیب جنہین پیار کرے
دھو دھو کے پاؤن سرمۂ دنبالہ دار کے

آفت ہی کر رہے ہین اشارون مین انگلیان
گھر کر لیا ہے دل مین جو مضراب تار کے

بیدرد جیتے ہین او نہین موئے بدن کہین
گر کھائے نشتر انکو اوگلدون بہار کے

ذی ہمتو فشار مین اب جی نہ ہارنا
کُھلتے ہین گو یہ دم مین شکنجے مزار کے

اس چین ہی تو درد بھی تہمتہا ہجر کا
کیا کر دیا یہ دل کو لحد پر پکار کے

یون چھوڑ کر گیا ہے فشار لحد مجھے
سر پائینتی ہی پاؤن سرہانے مزار کے

آنسو زمین پی گئے مجھے دے رہی ہی نذر
یہ کون رو رہا ہے سرہانے مزار کے

سب مل کے دفن خاک کے پتلونکا دیکھ لین
خشکی مین ڈوبتے ہین سفینے غبار کے

مجرم ہم بحر بحیر تو مرسل یہ بول اوٹھے
ہم بھی گناہگار ہین پروردگار کے

ناجنس بھی قریب ہین مین ہی ہن مستعد
تم ہی سدہار و لوگ بھی جائین مزار کے

غزل ۱۳۶	ماہر کو صور حشر کی بھی کچھ خبر نہو سوتے دین گر یہ دوڑتے والے مزار کے	شعر ۱۰

تصویر نیم رخ کی طرح ناتوان رہے
ہے کون کم نصیب جو یون نیمجان رہے

صیاد کچھ تو اہل قفس کا نشان رہے
ہم ہون نہون چمن مین مگر آشیان رہے

لو کیون ہلی نہ شمع جو محو بیان رہے
دل مین لگی ہو آگ تو کیونکر زبان رہے

گھر مین بسے کسی کے تو دلمین بہان رہے
دیکھو خدا کی شان کہان تہی کہان رہے

دیدین بہی سمجھکے مری دل کو دلربا
پہیرین گر تو در وہمارا کہان رہے

جاتا ہون باغبان سے پکڑ کر قفس مین بیٹ
تنکا یہان بہی تو مرا آشیان رہے

اتنا بھی تو کھلا نہ ہمین قبر تار مین
پروردگار آئے کہان سے کہان رہے

ہو کین ہوا سے منتشر خانہ حباب
گر مین نہون کمین تو بقدر دم بھر مکان رہے

امی قبر کس طرح سے لگا یا تہا یہ گلے
نہ مغز ہی رہا نہ مری استخوان رہے

پیسا تھا بگلناہ ستایا تھا جنگلا — سر پر نہ آسمان کے بھی کیون آسمان رہے

کچھ ہمسے مرنیوالا ہے زندہ تجھی سی نام — تا حشر اے لحد تیرا نام ونشان رہے

انکار میرے گھر سے فقط اس کا ہے سبب — دل مین اگر رہے تو مری جان کہان رہے

کہتا ہے اوٹھکے زور مین یہ درد دل مرا — یا مین رہون زمین پہ یا آسمان رہے

آتی ہی یہ مٹے ہوؤنکی قبر سے صدا — دنیا مین ہم نہون مگر اپنا نشان رہے

کیا یونہی مر گئے تھے جوانان عشق باز — دم توڑنیکے خاک پہ برسون نشان رہے

ہم اپنی راہ آئے تھے جاتے ہین اپنی راہ — دنیا رہے زمین رہے آسمان رہے

غزل ۱۳۷ — دود جگر سے آج ہے ماہر مقابلہ / پشتی پہ آسمانکی نہ کیون آسمان رہے — شعر ۴۳

چھلکا کے جام پاس سے ساقی جو ہٹ گئے — مستونکے قلب صورت انگور پھٹ گئے

اتنا ہوا حضور کے رتبے نہ گھٹ گئے — دل دل سے ملگیا جو گلے سے لپٹ گئے

بیرنگ طبع ہوگئی بستر سے ہٹ گئے
گل جب ہنسی ہنسی مین بہ نیے لپٹ گئے

سیج ہے مقام رنج ہی دلمین وہ کٹ گئے
پھولون سے پھول نغز شبہ اونکی لپٹ گئے

وہ اک ادا سکھا کے صبا کو جو ہٹ گئے
غنچے نکے دل گلو نکے کلیجے الٹ گئے

نام اونکا پنکھڑی ہوا رتبے بھی گھٹ گئے
گل اونکا حسن دیکھ کے دل مین پہٹ گئے

یہ کیسی پیارے ہاتھ لگا کر وہ ہٹ گئے
پھاہون سے زخم زخم سی پھاہے لپٹ گئے

جوبن جو دیدنی تھا جوانان باغ کا
گل کی جلسرا کے بھی پردے ہی ولٹ گئے

تنگی خانہ باغ جہان تجھپہ کھلگئی
بوکے بھی پاؤن پیلی ہوئی جب سمٹ گئے

ممنون انقلاب ہون تیرا فلک مین کیون
ادے ہوئے نصیب ہیدن الٹ گئے

دفتر گنہ کا دیکھکے کی وہ لحد مین آہ
مثل ورق زمین کے طبقے الٹ گئے

پھوٹے پھپھولے کب مرکیف شرا مین
تابش مین آفتاب کی انگور پھٹ گئے

پہچھ بھی ہو اعتبار تمہارے مزاج کا
آئے تو بے بلائے بلایا تو ہٹ گئے

پیچ ہے تقاضا سن کا بھی آفت ہی قہر ہے — جو کیطرح سے جبسی نہ ملے وہ لپٹ گئے

ہنگامِ نزع آگئی جب یاد قبر تنگ — پھیلے ہوئے ہو جو پاؤن مرے تھے سمٹ گئے

کیسی بہار سب یہ یا صفت کے رنگ ہین — قینچی جو باغبانکی چلی پھول کٹ گئے

دشمن کی دشمنی سی یہ ہین تخت ہے تو — جیسے اوٹھا کے زخم تبر نخل چھٹ گئے

اہل ریاض سی نہ لڑا انکو سہل جان — دہقانکے پاؤن کھیت کے کس زور ہٹ گئے

حتیا وایک نوع کی پرواز یہ بھی تھی — تنکے اوڑے قفس کے مرے پر جو کٹ گئے

دل دیکے بوسہ پاؤن تو کیونکر نہ خوش ہوئین — سودا بکا تو دام بھی بایع کی بٹ گئے

کیا شی یہ قت بد ہے کہ سمجھا وسی بھی لطف — شعلے سقر کے مجھسے جو بڑھکر لپٹ گئے

مجرم وہ تھا ہوئی جو مری حشر مین پکار — ہمجرم حقیقی تھی مری پہلو سی ہٹ گئے

کیون سخت جان بھی درِ فلک مین نہ زار ہون — جب چرخ پر چڑھے تو نگینہ بھی گھٹ گئے

دنیا کی نفرتون سی بڑھی درد اور بھی — دل پٹ گیا تو زخم کے انگور پھٹ گئے

تلوار رہزنوں نے اٹھائی او نپہ کسطرح
رستے ہی سی غریب مسافر جو کٹ گئے

سوتی ہین اک نہ اک کی ہم آغوش وہ رہے
اوتری قبا تو پھول بدن سے لپٹ گئے

جو نیک تھے نہ حشر کے مجمع مین دو رکے
اہل گنہ کو جسنے ہٹایا یہ ہٹ گئے

ناحق کی چھیڑ مین لا ئینگی رنگ اکدن جنون
غنچون کے دل نسیم سی آخر کو پھٹ گئے

بوس و کنار بلبل و گل دیکھتے ہو کیا
تم تھوڑی ہو کے جو لگایا تو ہٹ گئے

لیجاؤ نار مین جسے سنا غل جو حشر مین
سر کو جھکا کے آپ گنہگار ہٹ گئے

کہتے تھے بلبلو نسی کہ نالے کرو نہ یون
پردے گلون کے گوش کے آخر کو پھٹ گئے

غنچون نے سوز بانو نپہ بدلی نہ اپنی بات
اک آپ ہین کہ بات کہی و پلٹ گئے

کیونکر مری وہ کھوانے دکھائی جہانکی دال
اللہ میری دردو نالے پہ ہٹ گئے

دیکھا جو نے کیا گل و بلبل مین جب دم
طائر تک اپنی اپنی نشیمن مین ہٹ گئے

سینے پہ پوتتو لطف اسے دیکھیے ضد مین
مشتاق دل پہ ہاتھ جب آیا تو ہٹ گئے

یہان نصف رات اک گرہ سخت ہوگئی
سوتین وہان جو بال کمر سی لپٹ گئے

سچ ہے پناہ مانگیے تر سی نگاہ سے
پردے سے جو ادھر ہوئے بیٹھے تھے ہٹ گئے

ای عیب پوش حشر مجہی بہی ہو کوئی حکم
اب کیا ہے ڈھونڈنے ہامین کہ بہی لوگ ہٹ گئے

اوسوقت میری خاک پریشان نے رو دیا
جام گلی سی جب لب نازک لپٹ گئے

شاید ہون میرے قلب کے ٹکڑون سے ہم عدد
لشکر ہزار ہا انہی حسرت مین کٹ گئے

طالب ہم اونکے وصل کے ہین اوہر نصیب
پرچھائین کو جو دیکھکے پروین ہٹ گئے

جب رنگ عفو حشر مین چہرہ پہ آگیا
بیجرم مجرمون کی کمر سے لپٹ گئے

غزل ۱۳۸

ماہر غزل نہ کہئے یہ سنتا ہر اک سی کون
خامے سے بہی یہ کم تھے جو میدان ہٹ گئے

شعر ۳

دلونکا ورد نہ کسطرح ہو بیانکے لیئے
زبان مرے لیئے ہی مزا زبان کے لیئے

فروغ شمع نکیون ہو مرے بیان کے لیئے
کھلا ہون سر سے قدم تا نقط زبان کے لیئے

جہان کے عیش نہ کیون غم ہون اک جہان کے لیے | کہ دور دور ہے گردش ہو آسمان کے لیے

یہ حد تھی میرے پھڑکنے کی بوستان کے لیے | قفس کی تیلیان لایا ہون آشیان کے لیے

یہ کم تھی بات پتنگون کی سوز جان کے لیے | زبان شمع ہو گلگیر کے دہان کے لیے

پھڑک پھڑک کی ہائے میں بوستان کے لیے | کہ منہ قفس کا بھی کھلنے لگا فغان کے لیے

نصیب سوختہ وہ ہون کہ وہ بھی برق بنی | جو لاؤن خشکی بھی تنکا آشیان کے لیے

فلک نے برق کی گردش کی رمز کو سمجھا | تلاش تھی مجھی جگنو کی آشیان کے لیے

سبب ہے کیف فلک کا مری عرق ریزی | یہی شراب تھی مینا آسمان کے لیے

اوسیکو ڈھونڈھتے میں دیکھا اوجڑتی آنکھون سے | جہان میں تنکا چنتی تھی جس آشیان کے لیے

چھپاؤ لاکھ یہ کہتی ہے نقل باتون کی | زبان بنی تھی تمہاری مری دہان کے لیے

خدا کی شان کہ ہون میرے عکس داغ نجوم | مجھے جو دے وہی ہون رنج آسمان کے لیے

مین سب فنا ہی تو ہونگا ابتدا میں اور فنا | نشان کیون مٹے جاتے ہین نشان کے لیے

ہے ایک تو کہ عمل باغ بھر مین ہے جسکا — ہم ایک تھے کہ ملی جا نہ آشیان کے لیے

ستمگر و ستم ایجادیان چلی جائین — نہ اوٹھ رہے کوئی بیداد آسمان کے لیے

دکھا جو قلب تو صیاد نے کہا کمبخت — اوٹھا رکھا تھا یہ درد آج کی فغان کے لیے

جگہ نچھوڑ نکلنے دے نام کو اپنے — سکون مفر نہین جلتی ہوئی دوکان کے لیے

اونہین مین جمع جوانی ہوئی ہی عالم کی — شباب چھوڑ گیا سبکو اک جوان کے لیے

اوسی نے نام ستمگر ہوا ہی گردون کا — جفا جو چھوڑ دی تھی تمنا آسمان کے لیے

لکھا ہوا مری قسمت کا صاف کہتا ہے — جبین بنی تھی تری سنگ آستان کے لیے

نہ ساتھ دین مرا صیاد گر تو کیا ہوگا — ہزار اسیر قفس بیٹھی ہین فغان کے لیے

دنی سی بعد سے بہتر ہے گو عروج ہو خاک — زمین پست ہوئی فرق آسمان کے لیے

نہین مجھی کو تلاش مسافران عدم — ہوا بھی خاک اوڑاتی ہے کاروان کے لیے

اوسی سی کھلگیا حال تفرقہ سارا — پر و نہین تیلیان اونکی تھین چمنستان کے لیے

ہماری سایہ فگنی بھی رخ پہ سلطنت کا کیا
ہما زمین پہ گرے چند استخوان کے لیے

زبان بغیر جو خوش ہیں وہ کون ہیں اے موج
زبان پا کے تڑپتا ہو جیسے زبان کے لیے

شب فراق میں ہو نگا کہکشان کی طرح
کمر کسی ہے جو گردون نے امتحان کے لیے

قفس میں ہاتھ رکھے بیٹھے ہیں کہ ہی صیاد
پھڑک رہا ہوں میں کس طرح بوستان کے لیے

چمن چھٹا بھی تو کب چھوٹ سکے گی حسرت دل
کھلا تھا منہ بھی نہ پورا ابھی فغان کے لیے

غزل ۱۳۹ — قلم کو کیون نہ مین ہمدرد سمجھون اے آماہر
نگار دل ہو مرا بھی نہ ہین زبان کے لیے — شعر ۳۶

صاحب جمال بھی تو گرسنہ یوہین رہے
خاتم کے کیون شکم پہ نہ سنگ نگین رہے

چند مین خاک ہو گئے نہ زیر زمین رہے
پروردگار ہم نہ ہمین نا دہین رہے

نامی بھی نام ہونگے مقابل جو ہین رہے
جیسی نگین ہی کلہ بہ کلہ نگین رہے

ترتیب ہم کہین ہین ہم عصا کہین رہے
پیمانے تو بھیل پچ کے زیر زمین رہے

ہم کیا عجب جو غیر کے غم مین حزین رہے
دکھتا ہے دل ہی درد بدن مین کہین رہے

جو جسجگہ ہو چیز تو اوسکی وہین رہے
مین ہون کہین کہین ہو اور دل کہین رہے

گر بندگی نہ عادت اہل کمال ہو
کاغذ پہ کیون نگین کا نشان جبین رہے

پامالیونکا غل ہے ہوا بر خلاف ہے
کیونکر غبار جسم کے جا نشین کہین رہے

اونچی فقیر اوسکے ہین یہ ہمارا حال
شہر و نشین گہ پھر کے ابھی صحرا نشین رہے

زخم جگر اوٹھا کے جو پیدا کیا تھا نام
خاتم کے سر کا تاج جہان مین نگین رہے

اہل جہاز سی تو سنا حال بحر سب
وہ کیا کہے جو موج کا کشتی نشین رہے

مانند شمع ہے وہ کلائی ضیا فگن
روشن نہ کیون کنول کیطرح آستین رہے

نازک گلی مین یون نظر آتا ہے رنگ خون
شیشے مین جسطرح کہ مئے آتشین رہے

حکم بہار ابکی یہ آیا ہے باغ مین
ہو گل کی رگ سی نرم جو کانٹا کہین رہے

کیا نامیونکی قدر ہے اے اہل بزم واہ
بیرون حد حلقہ خاتم نگین رہے

اے دوست تیری دید کی حسرت ہے اسطرح
مین بھی وہ ہون جو بیچ مین پردہ گزین رہے

آخر زمین پہ لائی ڈبوکر ہوائی دل
کیون اتنا شوق مجھ مین سفینہ نشین رہے

تحقیق مکان مین وضع کو چھوڑین نہ اہل نام
تنگی اوٹھائے گھر کے نہ باہر نگین رہے

گم گشتہ اہل نام رہے یوہین دہر مین
گردش نصیب ہاتھ مین جیسے نگین رہے

گذرا ہے دل مین کسطرح سی خیال زلف
کیونکر نہ کوچہ رگ جان عنبرین رہے

شیشہ حیا سے بن تو جلے دل مری طرح
آنکھون مین آب ہو تو جگر آتشین رہے

چھوڑین مکان تنگ نہ اصحاب نام
تنگ کیا یہ حال کہ تختہ نگین رہے

پھونکا تھا کچھ ہوانے حبابون کے کان مین
دریا بھی کیون نہ موج سے چین بر جبین رہے

اوس دل کے ڈوبنے کو نہ پوچھو کہ اہل بحر
جو موج دود آہ کا کشتی نشین رہے

ہم بیکسون کی ناؤ ڈبونے سے کیا ملا
خود بھی تباہ موجہ دریا چین رہے

اک تھی ہوا کہ خاک اڑا کر چلی گئی
اک مین کہ ہون طپان تو نہ باقی زمین رہے

غزل ۱۴۰ — شعر ۱۰

ہیر کو قدر رہے دہن اشک بھی عزیز
تارا صدف کی آنکھ کا در ثمین رہے

تا ہی ہوں اختیار مین تیری محال ہے / اتنا مجھے لے ہاتھ کے باہر نگین رہے

ہم سے فقیر گھر کا نشان کیا کسیکو دین / سایہ کیطرح گاہ کہین گہہ کہین رہے

بے گھر کے خاک وڑا رہے ہین جیسیان قبر / یا ہم تڑپ تڑپ کے رہین یا زمین رہے

کیون پھیر تنے نہ سب کرین صاحبان نام / شاہون سے بھی تو منہ کو پھیرا نگین رہے

نہ ہونکا شاہت ہو بد مزاج نام / چھواؤ کیون نہ تم نہ چڑھی آستین رہے

کہتے تھے … وہ تو کو زیبا نہین غرور / لو خوش ہو تم بھی بات کے قابل نہین رہے

قاتل سمجھ کے ہاتھ کو کوئی نہ تھام لے / دیکھو مری لہو سی الگ آستین رہے

ای عشق کے ضرر سے جگر اس طرح سے کھا / دل مین جو درد وہ وہین کا وہین رہے

نکلے یا شر زرق اگر آخر غیور بھی / اللہ کے فقیر جہان تھی وہین رہے

تمہاری بروی پر مُو سا ہی نشتر بھی | یہ وہ ہے تیغ کہ خنجر ہین جسکی جوہر بھی

روان ہی عمر کے ہمراہ قلب مضطر بھی | سفر مین ہی ہی سفینہ پڑے لنگر بھی

خوشا مرض کہ عیادت کو آئے دلبر بھی | پھرا یہ سر کہ مرا پھر گیا مقدر بھی

دکھا یہ جذب تو ای حلق خشک و تر بھی | سمٹ کے بوند ہو پانی کی آب خنجر بھی

جفا جفا پہ ہو ٹھہرے نہ ہاتھ دم بھر بھی | تمہارا نام ہے سفاک بھی ستمگر بھی

بڑھاپے مین نہ بشر کا ہو کیون زوال بصر | سحر کو ہوتی ہے نور چشم اختر بھی

جواب دون تجھی ای عیب بین بھیڑ مین کیا | کہ نہ کیطرح سی گھیرے ہین اہل محشر بھی

جنون کا خون بھی فصاد کیا ڈرانا تھا | کہ مین بھی غش مین ہون بیدم نشتر بھی

لگی تھی جان مری جسطرح سے خنجر مین | گرا نہ پیاس مین پانی پہ یون کبوتر بھی

لفافہ کرکے مین قاصد کو خط نہ دون کیونکر | کہ ہے نظر مین گرد بازی کبوتر بھی

ہماری خون بہی لتی تو اد نہین جان ٹرپی | کہ مثل پتلا ورٹر ہین نشترونکے جوہر بھی

نہ کم سنی میں اونہیں کسطرح غش آجاتا — لہو کو دیکھ کے اولٹا پڑا ہی نشتر بھی

نہ بعد ذبح مری ہوگا اک ونہیں کو ملال — کریگا ایک لہو پانی اپنا خنجر بھی

جنون نکیون ہو مجھی انتظار قاصد مین — جو خط کو لکھو مین تو تنکی چنین کبوتر بھی

علاوہ اونکی ادا کے مجھے یہ رونا ہے — کریگا ذبح مجھی منہ پھیر کے خنجر بھی

مری نہ ہو نہ سکے اونکی حد کو پہنچین گے — زمین سی اوٹھکی فلک بند ہون کبوتر بھی

وہ مجھسے کہ جو کہین عیب پشیمان تیری — کھڑا ہو نہین بھی تیرے آگے اہل محشر بھی

کسیکی نیند کا کیا ہے فتنہ جگر کو خیال — ٹھہر ٹھہر کے تڑپتا ہے قلب مضطر بھی

جنون نہین کیون مرض اد سکے نہ ہوش اوڑتے — رگون کو دیکھ کے کچھ پھر گیا ہے نشتر بھی

تمہاری گیسو نہین جادل بلا مین پھنسا — نہ کھائی ٹھوکرین ظلمت کی آب سکندر بھی

سبب یہہ تھا کہ لہو دوڑ کر جگر لایا — جگر بھی ڈھونڈتا تھا تمکو قلب مضطر بھی

ہوا ایک حال تو آنسو وہ پونچھین دامن سے — ہمارے اشک تو قطرہ بھی ہین سمندر بھی

اوسیکے بخت سے ہستی کا مرا دل جو ای نصیب
لپٹ گیا لب نازک سی جسکے ساغر بھی

یہ کیا مری غزل نو نے بچہ نے کہا یا رب
کہ ہٹ کھڑی ہوئی ہو کر غزل بھی اہل ہنر بھی

تمہاری بوئے بدن ہے نہ کیون ہو مین بیخود
لپٹ گیا ہے خود اپنے سے آپ بستر بھی

چلو نہ تمنے لیا ہوگا کھوئی دل کو مرے
یوہین تھا نام فقط دلربا بھی دلبر بھی

قریب تھا تری رحمت اگر نہ کام آئے
پگھلتے [illegible] ہون شفیعان محشر بھی

مری حساب مین تھی جو پیش آئی ہے
کھڑے ہین سر کو جھکائی سب اہل محشر بھی

یہ کس کا حال ہی کہتے ہین نیند مین شب وصل
لے یہ کیا کہ جھپکتی ہی چشم اختر بھی

یوہین رہینگی دھلکتی رگین گر ای فصاد
تڑپ کی طرح الگ جا پڑیگا نشتر بھی

یہ کیا وہ ہاتھ کو رکھکر چلے گئے تھی جہان
اوسی جگہ پہ تڑپتا ہے قلب مضطر بھی

فساد کرکے الگ ہوگئی جو اونکی مژہ
کھٹک گئی مری بگڑی لہو سی نشتر بھی

ہماری ہجر کی سانسو نکا ہے اثر سارا
کرے شرارت کو کیون نہ بائین صرصر بھی

نگرگ دیکھکے شاکی ہون آسمانکا مین کیا
زمین پہ آکے تو پانی ہوے ہین پتھر بھی

ہمارے قتل کی اک بحث قاتلون مین نہین
اولجھ رہے ہین بہم خنجرونکی جوہر بھی

پکارون کھوئی ہوئی دل کو کس لقب سے مین
لہو کی بوند بھی کہتی تھے قلب مضطر بھی

ہماری سوز درون سے دم سخن ہے یہ حال
لہو بھی آگ ہے لوٹ رہا ہے نشتر بھی

جواب کس نے دیا دم پرسش گنہ پوچھون
کہ دم بخود ہین شفیعان روز محشر بھی

ردا کو روک کے کرتے ہین جیسی بات وہ جب
جگر کی آڑ مین روتا ہے قلب مضطر بھی

غزل ۱۴۱

فساد خون ہی مرے کچھ عجب نہین تا ہم
رگونکا منہ بھی کھلا اور زبان نشتر بھی

۵۴ شعر

یہ حال اشک دل حزین ہی شمول ہی جوش بحر چین ہے
جہاز بھی گر کوئی کہین ہے صدف کی مانند تہہ نشین ہے
جگر جلا مجھسا بھی کہین ہے دھوان غبار لحد نشین ہے

کسیکو یہ سوزِ دل کہین ہی کہ ساری پگھلی ہوئی زمین سے ہے

تجھے جو سوزِ دلِ حزین ہے تو حاجتِ شمع بھی نہین سے

یہ جلوہ داغِ آتشین سے ہے چراغ گھر کا جو خوشنگین سے ہے

ملال مین خوش کوئی کہین کہ ہی سنگ بھی دم بخود یہین سے ہے

جگر خراشی سی یہ حزین ہے جبین پہ [illegible] شکن نگین سے ہے

عبث جہان میرا عیب بین ہے جو دستِ ہی زینت نگین سے ہے

ستانا آسان مرا نہین ہے کہ نام عیسیٰ جبین سے ہے

فلک کا رگ رگ مین ہر کہین ہی جو داغ ہے نیلمی نگین سے ہے

ہماری ہمت کو آفرین ہے ہزار ہین مار اک آستین سے ہے

فراق کی تاب ہی نہین ہی ملال اس حسن کا کہین سے ہے

مرا جو لختِ دلِ حزین ہی وہ ایک ترشا ہوا نگین سے ہے

مثالِ انسان ہوس نہین ہی کہ کثرتِ رخت پر حزین ہے

ہزار رفعی کو آفرین ہے وہی ہی جامہ جو آستین ہے

فلک کے ہاتھون کہان مکین ہے ہزار نامی کو آفرین ہے

یہ تنگی خانہ نگین ہے کہ جسمین ہلنے کی جا نہین ہے

عجیب حیف دلِ حزین ہی بتاؤن کیونکر کھٹک یہین ہے

اسیقدر بس مجھے یقین ہے تمام سینے مین ہان کہین ہے

طلب مین دنیا کی کیون حزین ہے ارے بڑی شی کوئی نہین ہے

سمجھلے اتنی یہ سب زمین ہی کہ خسروون کے تہہ نگین ہے

کہون یہ مین کیون کہی نہین ہی سمجھلو تم خود اگر کہین ہے

یہی نشان دلِ حزین ہی تجھے جہان ہاتھ دل وہین ہے

نہ جانین کیون گم دلِ حزین ہی کوئی تو یہان غیر بھی نہین ہے

لیا ہے جسنے مجھے یقین ہے ابھی گیا ہے یہین نگین سے

اوسیکے ہین عیب بھی ہویدا کرے جو دنیا مین نام پیدا

اوسی پہ ہین جوہری بھی شیدا جہان مین جو سادہ رو نگین ہے

محیط عالم ہی قعر دنیا نہ کھول تو ناسیون کا پردا

پئے گدائی جو تو نے پایا وہی [illegible] مین نگین ہے

بہت ہو نام کا تو خواہان کہ جسقدر ہو ہی ہے ایان

خیال اصلاح اوسے نادان جو خط پیشانی نگین ہے

عجب طریقے جہان مین پاسے کہ نام کے ذکر پہ نہ آئے

ہے کہ خاتم نہ سر چڑہائے وہ دل سی اوترا ہوا نگین ہے

جو تو ہو کسب ہنر پہ شیدا کمال تجھ مین بھی ہون ہویدا

کیا ہے اسطرح نام پیدا کہ خون غم سی دل نگین ہے

نہ جانیں کیسی ہی بس عالم وہ کم ہے جسکے ہیں قیل روان کم
بٹھائے جسکو بسر پہ خاتم گرا ہوا دل ہی وہ نگین ہے

وہ دل امیدوں کا تھا جو مسکن وہی ہے اب حسرتوں کا مدفن
کبھی تھا مثل لعل روشن وہی دل اب ترہتی نگین ہے

فلک نے اتنے تو غم دکھائے کہ حال ذاتی ہیں حرف سے آگے
جو چاہے باتیں بھی اب سنا کے دلکو پتھر سے نگین ہے

ہماری مردہ دلی کی بس صدا ہے ناامیدوں کو ہر دم
کوئی تو ہے دفن قبر خاتم کہ جسکا سنگ لحد نگین ہے

عجب ہیں بیدرد اہل عالم جنہیں نہیں ناامیدوں کا بھی غم
جسے سمجھتے ہیں ظرف خاتم وہ حوض خون دل نگین ہے

وہ دل جو زندہ ہی لاش [illegible] سمجھ کچھ باتیں [illegible] ہے

اوسیکی مجکو تلاش ہی ہی کبھی جو تھا اور اب نہین ہے

عبث ہے ذکر اب کسی حسین کا کہ پیری آئی شباب گذرا

علاقہ ناز و ادا سے اب کیا وہ مین نہین ہون وہ دل نہین ہے

جب اپنے پہلو مین ہی نپایا ہر ایک کوچے مین جا کے ڈھونڈا

کہین پتا اوس دلِ حزین کا تمہارے سر کی قسم نہین ہے

نہ اب ہے فکرِ وصال دل مین نہ اب ہی کوئی خیال دل مین

یہ ہے ہجوم ملال دل مین کہ درد کی بھی جگہہ نہین ہے

کہان یہ سوز و گداز دنیا کہان وہ اک رات بھر کا جلوا

ہی شمعین پر تو ہماری دل کا چراغ وہ بجھتا ہی نہین ہے

ہماری میت جو یون رکھی نہین فلک سے جگہہ گلے کی

نہ جسے چھتین دبا چکی ہون مٹی لحد کی حاجت اوسی نہین ہے

جہان مین کیون ہون نہ مین خطر مین کہ ہی دوات و قلم نظر مین

قدم تو رکھا ہے مین نے گھر مین سفر کا ہنگام بھی قرین ہے

ستا کسی کو نہ پا کے نے بس دبے نہ کیونکر غریب بیکس

سمجھتو اُو منعم سخن ہے بس کہ ڈر سے سمٹی خود آستین ہے

یہ میر سے زور دست تنگ غم ستے ہین کہ کوہ آگے سے ٹل رہی ہین

بتون وہ ہات لپٹے اژدہے ہین کہ غار جنکا قود آستین ہے

کیا تھا جب مین نے دلکو رخصت کچھ ایسی ہی سینہ کی تھی حالت

جدا ہوئے گو ہوئی ہے مدت نشان مگر کچھ کہین کہین ہے

وہ دل کہ جسکے غضب تھے لپکے جگر مین وہ رہگیا ہے ہانپ ہانپ ہانپکے

جو توڑے پہلو تڑپ تڑپ کے وہی دل اب سینہ مین کہین ہے

خبر ملی ہی ابھی جگر سے مرا مسافر پھرا سفر سے

نکل کھڑا ہوں نہ کیوں میں گھر سے سُنا ہے دل راہ میں کہیں ہے

لحد میں ساکن بنا ہیں کون نسّے لوا کے پیش منعم ہی تو بھی رو لے

اندھیرا پھرتا ہے سر کو کھولے مکان جو چھوڑی ہو کے مکین ہے

سنوں نہیں ہیں جو سہنے والے چھپتیں تو بیٹھی ہیں دل سنبھالے

فلک سے کے دو نے جو ہیں نرالے مکان اپنا ہی خود مکین ہے

سلے نہ جب جین سر ہی ڈھنکے تو کیوں نہ رہجاؤں سلی سنکے

سُنا یہ پہنا جو رخت سے پنکے چڑھی ہوئی کہ یہ آستین سے ہے

یہ کہتی ہے جلد دستِ منعم دبانا اور دن کا جیب ہی لازم

چڑھا اوسے بھی کبھی تو ظالم جو رختِ اصلی کی آستین سے ہے

نہ سوز دل کی وہ سوزشیں ہیں نہ خارِ غم کی وہ کاوشیں ہیں

نہ اب گریباں کی خواہشیں ہیں نہ فکر دامان و آستین سے ہے

عروقِ پیری مین جو عیان ہین اونہین مین ڈینا کے سحر نہان ہین

کہان یہ ہاتھونکی جھُریان ہین ہزار ہین مار آستین ہے

جنون نے رسوائی اسقدر کی نہ آبرو بھی کہین کی رکھی

بندھی جو ہے بعد قصد پٹی سمجھ وہی مار آستین ہے

ارے غضب کپ آرہا ہے مجھکو کسکو ستا رہا ہے

جو تو دبے کو دبا رہا ہے چڑہائے تیوری خود آستین ہے

حباب سے دل جو ہون وہ ٹوٹین یہ تاب ہمکو کہان جو دیکھین

کرین حبابونپہ ظلم موجین ہماری آنکھونپہ آستین ہے

نئی جو دورانِ مہر و مہ ہون گئے ہون صد ملال گہہ ہون

کدورتین کیون نہ تہہ بہ تہہ ہون زمین بہی تو تہہِ زمین ہے

عبث سب ارمان بہی نکالے عبث بیابان بہی چھان ڈالے

پڑا ہون منھ جس بغل مین ڈالے اور سیہ قلبِ دلِ حزین ہے

فشار یون مجکو ہو چکا ہے نکل کے گلگیر یہ دم رکا ہے

کہین ہی سنگ لحد جھکا ہے کہین سے اوبھری ہوئی زمین ہے

نہ دیکھے کیون مر کے اوجھلی بتاؤ مین بیت الا کے پہ انتظار کی راہین

کبھی جو نکلی تھین ترچھی آہین لحد سی تا خانہ شق زمین ہے

گھروندے مین جب جاکے ہم پکارے کہا خموشی نے سب سدھارے

جُھکے ستون نے کیے اشارے کہ مکین ہمارا تہِ زمین ہے

فشار کیا یون مین سہ گیا ہون نجانے کیا منہ سے کہگیا ہون

تڑپ تڑپ کر جو رہ گیا ہون تمام بکھری ہوئی زمین ہے

وہ دل ہی شعلہ نکل رہا ہی لحد کا پتھر پگھل رہا ہے

اگر چہ بنے آگ جل رہا ہے تمام تڑتی ہوئی زمین ہے

یہ کون ہاتھوں سے مل رہا ہے جگر کا تو دم نکل رہا ہے

چراغ کی طرح جل رہا ہے بجھے ہوئے دل کو آفرین ہے

جنود عصیاں ہیں مجکو گھیرے کریم رحمت تو منھ نہ پھیرے

لحد میں اک پسینے کو میرے بہا کی پھٹی ہوئی زمین ہے

اثر جو الفت کے ہیں نرالے لحد پہ کہتے ہیں دل سنبھالے

کوئی نہ یہاں ہمسری بولے چالے کہ تربت ماہر حزین ہے

قطعہ تاریخ جناب مولوی سید علی صاحب قبلہ متخلص بہ کامل ظلہ

حضرت ماہر ہے چشمۂ فیض دریائی کرم
آپ ہیں سرحلقۂ اہل سخن قیل و قال

آپکی تعریف میں ہم ناقصوں کا ذکر کیا
عقل کل کا نطق اس مشق و مہارت پر ہے لال

کون لکھ سکتا ہے اس دیوان عالی کی ثنا
بند کرنا بحر کا کوزہ میں ہے امر محال

وہ صفا ہے شعر میں جس پر آپ گوہر شہسوار
شوخیاں مضمون کی وہ جنسے خجل چشم غزال